تماشا کرنا *tumasha kurna*, to make fun.

تمام کرنا *tumam kurna*, to complete.

توپ چھوڑنا *top chhoṛna*, to fire a cannon or gun.

تھوك چاٹنا *thook chaṭna*, to break one's promise.

تھوک دینا *thook daina*, to give up.

تیار کرنا *tiyar kurna*, to prepare, to make ready.

ٹھکانا کرنا *ṭhikana kurna*, to account for, to search out.

ٹھنڈا پڑنا *ṭhunḍa puṛna*, to become cool or weak.

ٹھوکر کھانا *ṭhokur khana*, to stumble.

ٹھیك کرنا *ṭheek kurna*, to rectify.

ثابت کرنا *sabit kurna*, to confirm.

جان بر ھونا *jan bur hona*, to survive.

جان پرآنا *jan pur ana*, to be in imminent danger.

جان پرکهيلنا *jan pur khailna*, to run the hazard of life.

جان پڑنا *jan purna*, to be refreshed.

جان چهوڑانا *jan chhorana*, to escape.

جان مارنا, کهانا *jan marna*, or *khana*, to overcome, to vex.

جواب دينا *juwab daina*, to answer, to reply.

جي پانا *jee pana*, to know one's temper; to be pleased; to escape.

جي جلنا *jee julna*, to be vexed.

جي لگنا *jee lugna*, to love.

جي مارنا *jee marna*, to mortify, to displease.

چابك مارنا *chabook marna*, to whip.

چنگا بنانا *chunga bunana*, to correct, to chastise.

چنگا کرنا *chunga kurna*, to cure, to heal.

چهاتي پهٹنا *chhatee phutna*, to break one's heart, to sympathize.

چهاتي پيٹنا *chhatee peetna*, to lament greatly.

چهاتي ٹهوکنا *chhatee thokna*, to encourage.

چهاتي جلنا *chhatee julna*, to have the heart-burn; to lament.

حاصل کرنا *hasil kurna*, to acquire.

حاصل هونا *hasil hona*, to be acquired.

حاضر هونا *hazir hona*, to be at hand or ready.

حرام کرنا *huram kurna*, to defile.

حرام کهانا *huram khana*, to receive the wages of iniquity.

حساب رکهنا *hisab rukhna*, to keep account of.

حساب کرنا *hisab kurna*, to calculate, to reckon.

حساب لينا *hisab laina*, to take an account.

حلال كرنا *hulal kurna*, to slay according to prescribed forms.

خاطر رکهنا *khatir rukhna*, to conciliate.

خاطر كرنا *khatir kurna*, to fondle, to comfort.

خبر دينا *khubur daina*, to inform.

خبر لينا *khubur laina*, to look after, to accommodate.

خريد كرنا *khureed kurna*, to buy.

خط نكلنا *khut nikulna*, to have a beard.

خلاص كرنا *khulas kurna*, to release.

خون كرنا *khoon kurna*, to kill, to assassinate.

داد دينا *dad daina*, to make reparation.

داد لينا *dad laina*, to take revenge.

داد ملنا *dad milna*, to obtain redress.

داغ دينا *dagh daina*, to brand.

داغ لگانا چڑهانا *dagh lugana*, or *churhana*, to vilify.

دامن پكڑنا *damun pukurna*, to take refuge, to prevent.

دامن پهيلانا *damun phylana*, to beg, to petition.

دامن چهوڑانا *damun chhorana*, to escape.

دانت پيسنا *dant peesna*, to gnash the teeth.

درد آنا *durd ana*, to be affected with pity.

درست رکهنا *dooroost rukhna*, to admit, to allow.

درست كرنا *dooroost kurna*, to arrange, to adjust.

دست بردار هونا *dust burdar hona*, to depart from.

دست برسر هونا *dust bursur hona*, to be unable, distressed, or weak.

دست بسر هونا *dust busur hona*, to salute with the hand to the head.

دست بوسي كرنا *dust bosee kurna*, to kiss hands, to salute.

دست بيع هونا *dust by hona*, to become a disciple.

دست رس هونا *dust rus hona*, to be able, to afford.

دست درگریبان هونا *dust-dur gireeban hona*, to engage in combat.

دعاکرنا مانگنا *doa kurna* or *mangna*, to wish or pray for.

دق کرنا *diq kurna*, to tease.

دکهائي دکهلائي دينا *dikhaee* or *dikhlaee daina*, to appear.

دل دينا *dil daina*, to give the heart, to be in love.

دل لگنا *dil lugna*, to be attentive to.

دم چرانا *dum chorana*, to feign death.

دم چڑهنا *dum churhna*, to pant, to respire.

دم چهوڑنا *dum chhorna*, to expire.

دم دينا *dum daina*, to coax, to deceive.

دم رکهنا *dum rukhna*, to be content with little.

دم کهانا *dum khana*, to be deceived or silent.

دم کهينچنا *dum khynchna*, to be silent.

دم لينا *dum laina*, to take breath; to rest.

دم مارنا *dum marna*, to speak; to boast.

دماغ کرنا دماغ هونا *dimagh kurna*, or *hona*, to be proud.

دن چڑهانا *din churhana*, to commence late; to be idle.

دن کاٹنا *din katna*, to pass away time.

دن گنوانا *din gunwana*, to lose time.

دوڑدهوپ کرنا *dowr dhoop kurna*, to labour hard.

ديده کهولنا *deeduh khoolna*, to consider attentively.

ذات دينا *zat daina*, to give up caste.

ذات لينا *zat laina*, to deprive of caste.

راست آنا *rast ana*, to regain one's temper, to be set right.

راه باندهنا *rah bandhna*, to stop one's road or progress.

راه دينا *rah daina,* to give place or way.

راه ڈالنا *rah ḍalna,*to establish a custom.

راه رکهنا *rah rukhna,* to keep up an intercourse.

راه کاٹنا *rah kaṭna,* to travel, to take a short cut.

راه کرنا *rah kurna,* to contract friendship.

راه مارنا *rah marna,* to waylay, to rob, to ruin.

راه ناپنا *rah napna,* to lounge about.

رجوع کرنا *roojoo kurna,* to return.

رخ کرنا *rookh kurna,* to attend to.

رکهه دينا *rukh daina,* to put down.

رکهه لينا *rukh laina,* to take in charge.

رنگ کرنا *rung kurna,* to paint; to lead a life of pleasure.

رو دينا *roo daina,* to attend to, to regard.

زبان بڑهانا *zuban buṛhana,* to chatter.

زبان پکڑنا *zuban pukuṛna,* to criticise; to prevent another's speaking.

زبان پلٹنا *zuban puluṭna,* to equivocate, to retract.

زبان چلانا *zuban chulana,* to abuse.

زبان دابنا *zuban dabna,* to hold one's tongue.

زبان دينا *zuban daina,* to promise.

زبان ڈالنا *zuban ḍalna,* to ask a question.

زبان کاٹنا *zuban kaṭna,* to grieve; to interrupt.

زبر کرنا *zubur kurna,* to oppress.

زور کرنا *zor kurna,* to compel.

زور مارنا *zor marna,* to endeavour.

زياده کرنا *zeyaduh kurna,* to increase; to remove the table cloth.

زير کرنا *zair kurna,* to subdue.

سبز هونا *subz hona,* to flourish.

سخن ڈالنا *sookhun ḍalna,* to interrogate.

سر اُٹھانا *sir oot̤hana*, or *phairna*, to rebel.

سر پھرانا *sir phirana*, to labor in vain.

سر پیٹنا *sir peet̤na*, to beat the head in lamentation.

سر چڑھانا *sir chuṛhana*, to exalt; to assume.

سر دھرنا *sir dhurna*, to be obedient.

سر کرنا *sir kurna*, to begin; to perform.

سر مارنا *sir marna*, to take great pains.

سفر کرنا *sufur kurna*, to travel; to die.

سُنّت کرنا *soonnut kurna*, to circumcise.

سیاہ کرنا *siyah kurna*, to blacken; to take an account of.

شامل کرنا *shamil kurna*, to blend.

شُکر کرنا *shookur kurna*, to thank, to be grateful.

شور مچانا *shor muchana*, to make a noise.

صبر کرنا *subr kurna*, to wait, to stop.

صلاح دینا *sulah daina*, to advise.

ضائع کرنا *zayu kurna*, to lose.

ضبط کرنا *zubt kurna*, to take possession; to control.

طاق پر رکھنا *taq pur rukhna*, to lay on the shelf, to neglect.

طمانچہ مارنا *tumanchuh marna*, to slap.

طی کرنا *ty kurna*, to fold; to travel.

عدل کرنا *udul kurna*, to do justice or right.

عرض کرنا *urz kurna*, to request, to represent.

عیب لگانا *ib lugana*, to defame.

غارت کرنا *gharut kurna*, to plunder.

غُسل کرنا *ghoosul kurna*, to bathe.

غش آنا *ghush ana*, to faint.

غُل مچانا *ghool muchana*, to make a noise or tumult.

غم کھانا *ghum khana*, to have patience.

غوطہ دینا *ghotuh daina*, to dip.

غوطہ مارنا *ghotuh marna*, to dive.

فاقون مرنا *faqoṉ-murna*, to starve.

فرود آنا *furod ana*, to descend.

فطرت لڑانا *fitrut luṛana*, to practise tricks.

فیصل کرنا *fysul kurna*, to settle, to decide.

قبر دینا *qubur daina*, to bury.

قبول کرنا *qubool kurna*, to confess, to consent, to promise.

قتل کرنا *qutul kurna*, to kill, to murder.

قدم رنجہ کرنا *qudum runj kurna*, to take the trouble of walking.

قدم لگنا *qudum lugna*, to take protection.

قدم لینا *qudum laina*, to acknowledge another's superiority.

قرآن اُٹھانا *qoran ooṭhana*, to swear.

قرض دینا *qurz daina*, to lend.

قرض رکھنا *qurz rukhna*, to owe.

قرض کرنا *qurz kurna*, to spend.

قرض لینا *qurz laina*, to borrow.

قسم کرنا کھانا *qusm kurna* or *khana*, to swear, take an oath.

قضیہ کرنا *quziyuh kurna*, to quarrel.

قط لگانا *qut lugana*, to mend a pen.

قطع کرنا *qutu kurna*, to perform a journey.

قلم بند کرنا *qulum bund kurna*, to write.

قلم کرنا *qulum kurna*, to cut off.

کاٹ کرنا *kaṭ kurna*, to cut.

کافور ہونا *kafoor hona*, to disappear.

کام چلانا *kam chulana*, to carry on business.

کام رکھنا *kam rukhna*, to make use of.

کام کرنا *kam kurna*, to work.

کام نکلنا *kam nikulna*, to carry into effect.

کان پھونکنا *kan phooṉkna*, to tell tales; to excite quarrels.

کان دھرنا *kan dhurna*, or *daina*, to be attentive.

کان کاٹنا *kan kaṭna*, to excel another.

کان کھولنا *kan khoolna*, to inform.

کان لگنا *kan lugna*, to get into confidence.

کان ملنا *kan mulna*, to punish, to chastise.

كان هلانا *kan hilana*, to acquiesce in.

كرايه كرنا *kirayuh kurna*, to let for hire or rent.

كرايه لينا *kirayuh laina*, to hire, to rent.

كليجه اُلٹنا *kulaijuh oolutna*, to be exhausted with vomiting.

كليجه پهٹنا *kulaijuh phutna*, to grieve; to be jealous.

كليجه كانپنا *kulaijuh kampna*, to be afraid; to be cold.

كمر باندهنا *kumur bandhna*, to get ready, to resolve.

كمر پكڑنا *kumur pukurna*, to urge a claim against.

كمر ٹوٹنا *kumur tootna*, to be hopeless.

كمر كهولنا *kumur kholna*, to quit service.

كمر مارنا *kumur marna*, to strike sideways, to attack in flank.

كناره كرنا *kinaruh kurna*, to retire from, to abstain.

كهڑا كرنا *khura kurna*, to erect, to raise up.

كهڑا هونا *khura hona*, to stand up, to remain standing.

گالي دينا *galee daina*, to abuse.

گردن مارنا *gurdun marna*, or *katna*, to behead.

گلا بندهنا *gula bundhna*, to be ensnared in love, &c.

گلا بيٹهنا *gula bythna*, or *purna*, to be hoarse.

گلا دابنا *gula dabna*, to strangle.

گلا كاٹنا *gula katna*, to cut the throat.

گلا لگنا *gula lugna*, to embrace.

گهه كرنا *guh kurna*, or *guhna*, to lay hold of.

گهيرا ڈالنا گهيركرنا *ghaira dalna*, or *ghair kurna*, to surround.

لنگر اُٹهانا *lungur oothana*, to weigh anchor.

لنگر ڈالنا كرنا *lungur dalna*, or *kurna*, to cast anchor.

مار دينا *mar daina*, to smite.

مار كهانا *mar khana*, to get a beating.

مار گرانا *mar girana*, to knock down.

مار لانا *mar lana*, to rob.

مار لينا *mar laina*, to smite, to overcome.

مار مرنا *mar murna*, to commit suicide.

مامي پينا *mamee peena*, to shew partiality.

مانگ نکالنا *mang nikalna*, to divide the hair on the head.

مٹي دينا *muttee daina*, to bury.

مٹي ڈالنا *muttee dalna*, to conceal another's faults.

مغز پچانا پهرانا *mughz puchana*, or *phirana*, to teaze.

مغز کهانا *mughz khana*, to distract.

مکهي مارنا *mukhee marna*, to be idle or unemployed.

منهه بنانا *moonh banana*, to make faces.

منهه توڑنا *moonh torna*, to harass.

منهه ديکهنا *moonh dekhna*, to be partial.

منهه دينا *moonh daina*, to familiarize.

منهه ڈالنا *moonh dalna*, to beg.

منهه رکهنا *moonh rukhna*, to keep on good terms.

منهه مارنا *moonh marna*, to put to silence.

منهه موڑنا *moonh morna*, to turn away, desist from.

مول بڑهانا *mol burhana*, to enhance.

مول ٹههرانا *mol thuhrana*, to appraise.

مول لينا *mol laina*, to purchase.

ناك رکهنا *nak rukhna*, to preserve one's honour.

ناك کاٹنا *nak katna*, to dishonour.

نام کرنا *nam kurna*, to make famous.

نقل کرنا *nuql kurna*, to relate.

وقت پڑنا *wuqt purna*, to be distressed.

وقت کاٹنا *wuqt katna*, to pass time.

هاتهه اٹهانا *hath oothana*, to leave off; to salute.

هاته بهرنا *hath bhurna*, to have the hands full of work.

هاتهه بیٹھنا *hath byṭhna*, to attain perfection in any art.

هاتهه پهیرنا *hath phairna*, to stroke, to caress.

هاتهه پهینکنا *hath phainkna*, to fence.

هاتهه جوڑنا *haṭh joṛna*, to join the hands in supplication.

هاتهه جهاڑنا *hath jhaṛna*, to give, to bestow.

هاتهه چاٹنا *hath chaṭna*, to relish food much.

هاتهه دهونا *hath dhona*, to wash the hands; to despair.

هاتهه دینا *hath daina*, to take interest in, to assist.

هاتهه ڈالنا *hath ḍalna*, to interfere.

هاتهه روکنا *hath rokna*, to prevent.

هاتهه کرنا *hath kurna*, to subdue.

هاتهه کهینچنا *hath khynchna*, to desist from.

هاتهه لگانا *hath lugana*, to be employed; to reprove.

هاتهه مارنا *hath marna*, to promise; to get; to wound.

هاتهه ملانا *hath milana*, to claim equality.

هاتهه ملنا *hath mulna*, to regret.

هلاک کرنا *hulak kurna*, to destroy.

هلاک هونا *hulak hona*, to be destroyed.

هوابندی کرنا *huwa bundee kurna*, to build castles in the air.

هوا پهرنا *huwa phirna*, to change condition.

هوا دینا *huwa daina*, to blow the fire; to foment quarrels.

هوا کرنا *huwa kurna*, to fan; to divulge.

هوا کهانا *huwa khana*, to take the air.

هوا هوجانا *huwa ho-jana*, to scamper off.

یاد کرنا *yad kurna*, to remember.

یاد دلانا *yad dilana*, to remind.

PART III.

READING LESSONS.

PART III.

READING LESSONS.

CHAP. I.

SELECT SENTENCES.

1. *Familiar.*

چُپ رہ *

خبردار ہو *

کُچھہ مُضایقہ نہیں *

حُکم کیا ہی *

تُمکو فُرصت ہی *

ہمکو مُعاف کیجئے *

اُنہیونکو بُلاؤ *

گاڑی تیّار کرو *

تھوڑی روٹی لاؤ *

بچھونا بِچھایا ہی *

دروازہ بند کرو *

وے بوڑھے ہیں *

یِہہ کم بختی ہی *

وے جاہِل ہیں *

مِصری دو *

حاضِری لاؤ *

چِراغ جلاؤ *

بتّی بُجھاؤ *

ایکھی ہی *

کیا ہوا *

بھولیو مت *

اِدھر آؤ *

نزدیک آؤ *

چا بناؤ *

داھنے پھِرو *

بائیں پھِرو *

جلدی جاؤ *

جلدی چلو *

يِهه كيا چڑيا هى *
يِهه اُنكا تماشا هى *
وُه بڑا متوالا هى *
اُنكا بڑا گُناه هى *
يِهه ميدان كِسكا هى *
يِهاں بهُت مكّهياں هيں *
اُنكو بڑي دورانديشي هى *
كِتنے آدمي حاضِر تهے *
چِراغ ميں تيل نهيں *
همكو ايك نمونه ديجئے *
يِهه فقط حيله هى *
اُسكي دوكان كهاں هى *
تُمهارے پاس رسّي هى *
بادشاه تخت پر بيٹها *
اُسكي آواز اچهّي هى *
يِهه كونسے جانور هى *
تُمهاري كيا صلاح هى *
تُمهاري عُمر كيا هى *
پالكي ميرے پاس بهيجو *
چابُك اور ٹوپي دو *
هاتهه دهونيكا پاني لاو *

يِهه وهي هى *
وهاں سبهي هيں *
وُه كون هى *
وهاں كوئي هى *
وُه پهيركهو *
تُم كيسے هو *
هم كل جاوينگے *
اِدهر كو چلو *
اُدهر كو چلو *
توپ كبهوں چهوٹي *
پالكي جلدي منگاؤ *
صاحِب اُٹها هى *
گهوم كر آؤ *
ذرا آهِسته چلو *
آؤ موزے اُتارو *
گهر سے نكلو *
اپنے هاتهه دهوؤ *
اُسكے بهُت دوست هيں *
اُسميں كيا فايده هوگا *
اُنهوں نے بهُت رنج اُٹهايا *
اُسكي بڑي ڈاڑهي هى *

تُمهارا کام اب تمام هوا *
اُسکي دليل مضبوط هی *
وه بڑي گُستاخ هی *
آسمان خوب صاف هی *
وے لڑکے شوخ هيں *
اُسنے بڑي سزا پائي *
وے سب چهپ رهے *
اُسکا دِل بے قرار هی *
وُه بے وقوف هی *
يِهه کاغذ تر هی *
کَون شور کرتا هی *
تُم کيا کهتے هو *
ٹهيٹ هِندي کهو *
کهاں سے آئے هو *
چلے جاؤ رُخصت هی *
وهاں پِهر مت جاؤ *
همکو کِنارے پر اُتارو *
وهاں کَون رهتا هی *
سيدهے آگے چلے جاؤ *
کُچهه شراب پاني لاؤ *
پاني خوب ٹهنڈا کرو *

مِزاج آپکا کَيسا هی *
مِسواک اور منجن دو *
ايک جوڑا کپڑا لاؤ *
دوات قلم کاغذ لاؤ *
وُه گورا کَون هی *
وُه کِسکا گهوڑا هی *
يِهه کِسکا گهر هی *
تُمهارا نام کيا هی *
وُه بهُت چالاک هی *
يِهه زمين لونا هی *
وے بڑے طامع هيں *
يِهه رُپيا مينگهي هی *
اُسکي شکل بد هی *
انگريزي زبان مُشکِل هی *
يِهه بهُت خوب ميوه هی *
يِهه عجيب خبر هی *
هم بهوکهے پياسے هيں *
وُه هُشيار آدمي هی *
وے بڑے جهوٹهے هيں *
سب زمين برابر هی *
اُسکا دِل رنجيده هی *

ما باپ اُنکے مر گئے هیں *
اُس باغ میں پهل بہت هیں *
همارے سر میں درد هی *
تمنے کہاں یہہ خبر سُنی *
دیر هوئی هم رخصت هوں *
اُسکو جگر کی بیماری هی *
اُسکا بڑا نقصان هوا هی *
یہہ اچّها موسم هی *
اُس بیج کو باغ میں بوؤ *
اُسکے دانت میں درد هی *
بازار میں بہت کهلونے هیں *
تمهارا کیا کاروبار هی *
یہہ ترجمہ بہت خوب هی *
اُسکا مقدّمہ آج هوگا *
تمهاری گهڑی اچّهی چلتی هی *
یہہ بتّی موم کی هی *
ناؤکا کتنا بهاڑا هی *
کی گهڑی دن چڑها هی *
ٹوپی اور کُرتی جهاڑو *
ایک دنکا بهاڑا کیا هی *
جهلمل اُٹهاؤ برتن لیجاؤ *

کهانا میز پر آیا *
همکو بڑی فجر جگاؤ *
آج دن پهر چها هی *
اُسنے اقرار کیا هی *
یہاں آنیکا اشارہ کرو *
ایک ذرا صبر کرو *
اُنکو همارے گهر بهیج دو *
تهوڑا پانی چهڑکو *
اُس ورق کو اُلٹو *
اُنکے هاتهہ پاؤں باندهو *
اُن روپیونکو تهیلی میں بهرو *
دروازے پر ایک فقیر هی *
وہ بڑا عاقل هی *
یہہ بہت اچّهی روٹی هی *
مکڑی کا جالا جهاڑ ڈالو *
اُسنے کیا تقصیر کی هی *
گهاس پر بہت شبنم هی *
اب وے بہت لاچار هیں *
تم کیا کام کرتے هو *
اُسکے بکنے کی انتہا نهیں *
اُنهوں نے بہت عذر کیا *

اسکا مزاج بے رحم هی *
وے سست اور غافل هیں *
وے بڑے تند مزاج هیں *
یهه قلم بهت نرم هی *
یهه کاغذ بهت موٹا هی *
یهه حرف بد صورت هی *
تم بهت آهسته بولتے هو *
تم انگریزي بول سکتے هو *
اُترو نهیں تو گروگے *
همارے ساتهه تمهیں جانا هوگا *
اس کٹهري کو لے چلو *
بدلي هی بل کچهه برستا هی *
دیکهو آسمان کچهه کهلا هی *
هم سب کچهه جانتے هیں *
وے بهت کچهه جانتے هیں *
اسنے همکو بڑي تصدیع دي *
بے سبب کیوں هنستے هو *
انهوں نے همکو بهت گهبرایا *
یهه گهر همارا نهیں هی *
وه پهول همکو سونگهنے دو *

هماري گهڑي میز پر رکهو *
یهه پهل بڑا کهٹّا هی *
کیا تم غصّے هوتے هو *
یهه بڑا مشکل کام هی *
وے بڑے حیله باز هیں *
وه بهت خوبصورت باغ هی *
یهه کپڑا بڑا موٹا هی *
تم کام کے لایق هو *
کل سے آج سردي زیاده هی *
یهه سطر بهتر هی *
اسکا دل بڑا غمگین هی *
وه گونگي اور بهري هی *
یهه بهت خوب میوه هی *
یهه قصّه تمام دروغ هی *
یهه بهت خوب کشمش هی *
اسکا بهت بڑا مکان هی *
یهه کمرا خوب روشن هی *
یهه کمرا بهت اونچا هی *
یهه کپڑا کتنا لانبا هی *
وے بهت خراب لڑکے هیں *

یِہہ فوج قواعِد نہیں جانتي ھی*

تُم دونوں میں کیسي لڑائي ھی *

اِس کِتاب میں کِتني فصلیں ھیں *

اِس اسباب پر کُچھہ دستوري ھی *

تنبور قلعہ میں ھر روز بجتا ھی*

یِہہ لڑکا ھمارا بہُت پیارا ھی*

اِس تالاب میں کُچھہ مچھلیں ھیں *

یِہاں زمین میں ایک سوراخ کرو*

ھمنے بنسي سے ایک مچھلي پکڑي *

اِس گاے کے سینگ نہیں ھیں*

کِس قِسم کا یِہہ کپڑا ھی *

وِلایت جانے کو تُمھارا اِرادہ ھی*

یِہہ چِراغ دالان میں لٹکا دو *

تُم خُشکي جاؤگے یا تري *

اُس چوکي میں روغن ملو *

اُس دروازے کا قُفل کھولو *

بعضے سِپاھي ھمارے زخمي ھوئے *

اُس سُست لڑکے کو مارو *

اُس جنگل کو کھود ڈالو*

یِہہ کہکر اُسنے رُخصت لي *

کپڑے کا پاني نِچوڑ ڈالو *

وے بے خبر سوتے ھیں *

کیا جمع ھی تُمھارے حِساب کي *

ھمکو ایک بِرني نے ڈنک مارا ھی *

رِشوت لینا یا دینا بُرا ھی *

اِس جہاز کا کیا بوجھہ ھی *

کیا اِحتیاج اِتني خبرداري کي*

کیا قیمت ھی اِن چیزوں کي *

اِس تالاب کا کیا عُمق ھی *

کیا فرق ھی اِن دونوں میں *

جیسے اُستاد ویسے شاگِرد ھونگے *

ھمکو چاھئے کہ رحم دل ھوں *

تمھارا جانا وھاں کچھہ ضرور نہیں *

علم سے وہ خوب واقف ھی *

وہ بڑا دانا اور عقلمند ھی *

یہہ سب سے بہتر ھوگا *

کہو تو وہ کیا کہتا ھی *

سائیس سے کہو گھوڑا تیار کرے *

میں بھي باھر جایا چاھتا ھوں *

درخت پر کاھےکو چڑھتے ھو *

تم کب تک چل سکوگے *

گھوڑے پر زین بندھا ھی کہ نہیں *

کوئي دم میں ھم پھر آوینگے *

جو کھانا تیار ھو تو لاؤ *

ھمارا سلام اپنے صاحب سے کہو *

اس آدمي کو تم جانتے ھو ؟

اسنے بہت علم حاصل کیا ھی *

اسنے بہت دولت جمع کي ھی *

اس زنجیر میں کتني کڑي ھیں *

تم مقناطیس کي خاصیت جانتے ھو *

تمھارے صندوقچے میں قفل نہیں ھی *

دریا کے کنار بڑي کیچڑ ھی *

کتنے مسافر اس جہاز میں تھے *

سارا کمرا خوشبو سے معطر تھا *

تم اس گھر کے مالک ھو *

اس مہینے میں پاني بہت برسا *

ایک نوکر کو یہاں بھیج دو *

اس درخت کے سائے میں بیٹھو *

ان موتیونکي کیا قیمت ھی ؟

یہہ پتھر کتنا بھاري ھوگا *

اس بستي کا نام کیا ھی *

سواري کے گھوڑے کو حاضر کرو *

مسہري خوب جھاڑو جو مچھر نہ رھے *

جو تے کو اچھي طرح صاف کرو *

چُپکے بیٹھنا بِہتر ھی لڑنے سے *

چکّی میں اِن گیہوونکو پیسو *

تم جانتے ہو اُسکا گُماشتہ کَون ھی *

دو شمع دان ھمارے واسطے مول لو *

اِس بِلّي کے بڑے بڑے چنگل ھیں *

دوسرے کمرے میں اِس پلنگ کو لیجاؤ *

یِہہ جگہہ کلکتّے کے ضِلع میں ھی *

ھم تُمکو ایک خوبصورت تصویر دکھاوینگے *

اِس تمسّک پر تُمھاري صحیح ضرور ھی *

آج آپکے گھر میں ایک مِہمان ھی *

اِس لڑکے کا مُربّي کَون ھی *

بہُت دیر ہوئي ھمکو گھر جانے دو *

اِس کام میں بڑي بے مروّتي ھی *

وے ھر طرح کا ظُلم کرتے ھیں *

ھم اِسوقت دور کا سفر رکھتے ھیں *

آؤ ھم تُم کچھہ بات چیت کریں *

ایک گھوڑا اِتنا بوجھہ کھینچ سکیگا *

تُم آگے جاؤ ھم آتے ھیں *

یے چیزیں وِلایت سے آئیں ھیں *

آج کي رات ھم کہاں رھینگے *

ھمکو فُرصت ابھي کھیلنے کي نہیں ھی *

اُسکا پانو گرم پاني سے جل گیا *

اُن چھوریوں میں تمام زنگ لگ گیا *

لڑکے تمام دِن چِلّایا کرتے ھیں *

ھم اِسکو تمام دِن ڈھونڈتے تھے *

تُمنے اپنے خط پر مُہر کي ھی؟

ھمارا گھر درختوںسے سایہ دار ھی *

پاني برستا ھی ھمکو پناہ دو *

ھم بڑي مُشکلوں میں پڑے ھیں *

طوفان سے بہُت جہاز مارے پڑے *

وُہ ھر روز تازہ دودھہ پیتا ھی *

تُمھارے پاس شیشي دوائي رکھنے کي ھی ؟

عقل آدمي کو ھی جانور کو نہیں •

ایْک سفارِش کا خط ھمکو عِنایت کیجئے •

تُم کِسواسطے بُرے قلم سے لکھتے ھوْ •

اُن دونو میں سے کَوْن اچّھا ھی •

مَیْں تُجھسے کام لونگا اَوْر اُسے دونگا •

وھاں بڑھہ کے جاؤ اَوْر کھڑے رھوْ •

پالکي میں سے یے چیزیں اُٹھا لاو •

پُکار کے بولوْ توْ ھم سُنیْنگے •

اُسکو ھِندي زبان میں کیا کہتے ھوْ ؟

کُچھہ دھوپ کي آڑ کے واسطے کھڑا کروْ •

اُسنے اِسي وقت ھماري بات قبول کي •

تُم لِکھنے اَوْر پڑھنے کي مشق کروْ •

یِہہ خبر سُنکے بُہت ڈرگئے ھَیْں •

کِتنا نیل اِس صندوق میں سمائیگا ؟

وے سب ایْک دوسرے سے خفا ھَیْں •

گاڑي بان سے کہوْ کہ اِتنا جلد نہ ھانکے •

ھم دُشمن کے ھاتھہ سے بھاگ گئے •

تمام شہر میں سیْلاب ھوْ گیا ھی •

اُن دوْنوْ کِشتیوں کو ایْک ساتھہ مِلاؤ •

اس سے ہماري خوشي زيادہ ہوگي *

ہمنے اپنا خرچ بہت کم کيا ہی *

يے روپئے اسکو پھير ديني ہونگے *

فوجدار نے ايک سپاہي کو انعام ديا *

اپنے کاغذ پر مسطر کرو تب لکھو *

سب آدمي مارے بھوک کے مرگئے *

وے ايک دوسرے پر گرپڑے *

ان دونو رسيّوں کو ملاکر بٹو *

وے بڑي محنت سے گذران کرتے ہيں *

اسنے گنگا کے کنارے ايک مکان بنايا *

دو کوس گاڑيکو ہنکايا ايک پہيا ٹوٹ گيا *

ہم کيوں بھاگيں وہاں کچھہ خوف نہيں *

اسنے اپنے پچھلے دوستونکو چھوڑ ديا *

چھہ مہينے ہوئے کہ ولايت گئے *

وے گھوڑے سے جوگرے توچوٹ بہت آئي *

پيپل کے درخت تلے وہ سوتا ہی *

اسطرح کي بات سنکے وے ہنسنے لگے *

مالي اس پھول کا بيج باغ ميں بو *

اسنے کلھاڑي سے لکڑي کا کندہ کاٹ ڈالا *

اسنے بڑي محنت سے ہمکو سکھايا ہی *

ایک ڈھیلا کھاکر کُتّا بھاگ گیا *

خُدا کي مِہربانی سے ھمنے آرام پایا *

بڑا ابر ھوا ھی شاید پانی خوب برسے *

اُسنے بہت مال اور متاع جمع کیا ھی *

اِس گھر میں ایک دالان ھی اور تین کوٹھري *

کِتنے دِن ھوئے کہ تُمنے یہہ خبر پائي *

وے اپنے ماباپ کے ساتھہ رھتے ھیں *

ھمنے دریا کے کِنارے سیر کي ھی *

ایک چِنگاري سارے گاؤں کو جلا دیتي ھی *

کِتنے کو میرے خاوند کے ھاتھہ بیچو گے *

وھاں کُچھہ کھانے پینے کي چیز مِلتي ھی *

وے بڑے بے اِحتیاط اور نادان اور سُست ھیں *

تُمکو کُچھہ معلوم ھی کہ کہاں گئے ھیں *

یہیں رھو جب تک کہ ھم پِھر آویں *

یے چیزیں صاف کرو اور جہاز پر لیجاؤ *

ھمارے ھاتھہ سے چھري دریا میں گِرپڑي *

اگر تُم جلدي آتے تو ھماري مدد ھوتي *

تُم کیوں اپنا وقت غفلت میں کاٹتے ھو *

یاد نہیں کہاں ھمنے اپني کِتاب رکھہ دي ھی *

اُسکے مرنے سے سارے شہر کو غم ھوا *

بہتر ہی کہ تُم اُسکي تقصیر مُعاف کرو ٭

تُم جو جو چیزیں چاہتے ہو نِکال لو ٭

تُمھیں کیا سردي ہوئي ہی جو تُم چھینکتے ہو ٭

وُہ صُبح تڑکے اُٹھکر اپني راہ چلا گیا ٭

آؤ ہمارے ساتھہ ہم دریا پار جاوینگے ٭

وُہ اپنے سِر کا بوجھہ پھینک کر چلا گیا ٭

تُمھارے کپڑے پر گرد پڑي ہی جھاڑ ڈالو ٭

اُسنے کمرے میں جاکر دروازہ بند کر لیا ٭

وُہ اپنے خصم کے مرنے سے بہُت روئي ٭

تُم کیوں باہر کھڑے ہو گھر میں آؤ ٭

کِسواسطے ایسا کرتے ہو تُمکو کُچھہ رحم نہیں آتا ٭

اِس کام میں ہم کُچھہ علاقہ نہیں رکھتے ہیں ٭

ہمکو کُچھہ کام تھا اِس واسطے دعوت قبول نکي ٭

اِس مال اور متاع کا کوئي وارِث نہیں ہی ٭

وے قید خانے میں تھے لیکن اب چھوٹے ہیں ٭

ہمکو مُناسِب ہی کہ مُصیبت میں صبر اِختیار کریں ٭

تُم جانتے ہو اُنکي دوا کون حکیم کرتا ہی ٭

اُن سُور کے بچّوں کو باغ سے نِکال دو ٭

تُم نے سفر کے واسطے سب جِنس تیّار کي ہی ٭

ہمارے ساتھہ ہي ساتھہ سب چیز بست بِھجوا دو ٭

تم بهت جلدي بولتے هو میں سمجھتا نہیں هوں *

اگر تم جانتے هو تو کیوں نہیں جواب دیتے هو *

وے اپني اوقات ناچنے گانے میں صرف کرتے هیں *

اسنے اپنے ماباپ کو بڑا رنج دیا هی *

همنے سب چیزیں تیار کرنے کا حکم دیا هی *

کتنے دن هوئے که یهه کتاب چھاپا هوئي هی *

اگر اسمیں کچهه غلطي هو تو تم درست کرو *

تم جانتے هو یهه مقدمه کب تمام هوگا *

اسنے دانت سے چبا کر دوٹکڑے کر ڈالا *

یهه گھوڑا همنے دوسو روپئے کو مول لیا هی *

جبتلک وهاں رها تب تک وے ناخوش رهے *

همارے پہلو میں درد معلوم هوتا هی کیا کریں *

جو هم کہتے هیں سنو بعد اسکے جواب دو *

اسنے سب اپنا کام سرکار پر چھوڑ دیا هی *

وه سب اپنا روپیا قرض دیکر غریب هوگیا *

وه اتني دور پالکي پر سوار هوکر تهک گیا *

اس صاحب کے مال پر تم اور بھي کچهه دعوي رکھتے هو *

همارے اسکام میں تم کچهه مدد کرسکتے هو *

یهه بهت خوب بلي هی اور اسکے دوبچے هیں *

وه اپنے گھوڑے سے گر پڑا اور پانوں ٹوٹ گیا *

خُدا کي عِنایت سے یِہہ دَوا کہا کر ہم بچے *

کیا اِسکا رنگ کریں سیاہ سفید لال سبز خاکي آسماني یا زرد *

اپنا کام جو بہتر نکروگے تو میں تُمھیں جواب دونگا *

آگے دوڑکے جا خبر لے کہ صاحِب گھرمیں هی یا نہیں *

هم صاحِب کے یہاں کھانا کھاوینگے تُمھیں سپہري کو وهاں جانا هوگا *

یِہہ خط صاحِب کے پاس لیجاؤ اور جواب کے لئے بیٹھے رهو *

رہ رہ بول اور جُدا کرکر تو هم تیري بات سمجھینگے *

هماري یِہہ مصلحت هی کہ تُم تھوڑے دِن صبر کرو *

وُہ یِہہ کام فقط همارے رنج دینے کو کرتا هی *

وُہ ننگوں کو کپڑا پِہنا تا هی اور بھوکھوں کو کھانا کِھلا تا هی *

تُم گھوڑے پر خبرداري سے چڑھنا ایسا نہو کہ گِر پڑو *

اُسنے طوطے کے پر کاٹ ڈالے تاکہ وُہ اُڑ نجائے *

بڑھي سے کہو کہ اِس تختہ کو آري سے دو کر دے *

کل ایک روئي کي بھري هوئي ناؤ گنگا میں ڈوب گئي *

وُہ سب روپئے خرچ کرکے اب بھیکھ مانگتا هی *

وُہ مُفت میں غُربا کو دَوا اور عِلاج دیتا هی *

همنے اِسکو دَوا دي پر دَوا نے کُچھہ فائدہ نکیا *

همیں اچار نمک مِرچ راي سِرکا شراب پاني گوشت اور صاف باسن دو *

همیں ایک پیاله دودهه کا اور مصري انڈا مکهن روٹي مولي هالم مربّا اور چمچه دو *

اتني بات کهنے سے کیا حاصل اسکا آدها بهي میں نهیں سمجهتا هوں *

اس چٹهي کو بي بي کے یهاں لیجاؤ اگر باهر گئیں هوں تو دربان کو دے آؤ *

سائیس کے پاس جاکر یهه دانه اسکے آگے رکهه کر دیکهو که وه گهوڑے کو کهلاتا هی *

(2.)—*Moral.*

سستي سے زیان هی *

جیسا کریگا ویسا پاویگا *

بهتر ساتهي توفیق هی *

دنیا فریب کا گهر هی *

علم کي آفت بهول هی *

جلدي کا پهل ندامت هی *

بردباري اچهي خصلت هی *

پرهیز بڑي دوا هی *

سننا بهتر هی کهنے سے *

محنت سے بڑائي ملتي هی *

جو سویا سو کهویا *

زبان شیریں تو مُلک گیری *

جیسا کہیگا ویسا سُنیگا *

صبر کُشایش کي کُنجي هی *

منطق سارے علموں کا خادم هی *

دُنیا آخرت کي کهیتي هی *

اچّهي خو آدمي کي سپر هی *

طمع ذِلّت کي کُنجي هی *

قناعت آرام کي کُنجي هی *

زِندگي موت جاهِل هونا هی *

کِبر دانا کے واسطے آفت هی *

زمانه خوب هي سِکهانے واله هی *

بیچ هر چیز کا بِهتر هی *

نقد بِهتر هی وعدے سے *

عاقِل کو اِشاره بس هی *

کم سونا مرتبه بڑهاتا هی *

موت هنستي هی اُمّیدوں پر *

اپنے بهائي مظلوم کي مدد کر *

اکثر اوقات دَوا بیماري هی *

خُدا راست باز اور پاک هی *

سُنّا نهیں مثِل دیکهنے کے *

آدمي مُعاملے سے پہچانا جاتا هی *

منع کرنے سے چاه بڑھتي هی *

دانائي سے روزي نہیں بڑھتي *

بکنے سے خرابي اُٹھتي هی *

بہُت اِختلاط فساد لاتا هی *

قرض سے محبّت قطع هوتي هی *

بندگي بُري خواهشوں کو کھوني هی *

حیا رِزق سے محروم رکھتي هی *

کریم اپنے وعدے کو پورا کرتا هی *

بہُت جگہه چُپ رهنا بهي جواب هی *

هرایک نئي چیز مزیدار هوتي هی *

اگلونکا حال پِچھلوں کو نصیحت هوتا هی *

تهوڑے پر قِناعت کرنا توانگري هی *

خُداکا خوف دانِش کي اصل هی *

دُنیا میں کوئي بے غم نہیں *

بغیر عقل کے دولت کِسکام کي *

سوال سے پهلے دینا بخشِش هی *

وقت پر بهاگنا فتح مندي هی *

بہُت تجربے سے عقل بڑھتي هی *

جو بوتا هی سو کاٹتا هی *

اگر تلوار نہوتي بڑا ظُلم ہوتا *

بڑي عِبادت دُنيا کا چھوڑنا هي *

بد کو نيک جاننا بد کرنا هي *

جِسکا خُدا حامي اُسکا سب کوئي *

عمل سے ثواب ہوتا هي *

فروتني سے الله مرتبه بڑهاتا هي *

تنهائي بِهتر هي بد صُحبت سے *

بہُت بهائي تيرے بيمات هيں *

دوست ايک جان دو قالب هيں *

اپنے دُشمن سے دُشمني ظاهِر مت کر *

انصاف سے خلق کو آرام ہوتا هي *

جو کوشِش کرتا هي وُہ پاتا هي *

جو صبر کرتا هي سو فتح مند ہوتا هي *

راهِ آخرت کا بِهتر توشه پرهيزگاري هي *

حِکمت شريف کي شرافت کو بڑهاتي هي *

جب غرض درميان آئي تب بصيرت کہاں *

باز رهنا خواهِشوں سے دولت وري هي *

دُنيا وسيلوں سے مِلتي هي نه کمال سے *

هرروز مت آؤ محبّت بڑهيگي *

بڑي بے بصيرتي دلکي بے بصيرتي هي *

دانشمندوں کے سینے رازوں کي قبریں ہیں *

سرداروں کي عادت سب عادتوں کے سردار ہی *

حکمت اور قدرت خداکي بےقیاس ہی *

خواہش کي پیروي ندامت کي کنجي ہی *

حسن لوہے کي بیڑي سے سخت ہی *

خدا پناہ دے حریص کے فقر سے *

دوست حادثہ کے وقت پہچانا جاتا ہی *

سارے گناہوں کے سردار دنیا کے محبت ہی *

گناہ کا چھوڑنا عذر خواہي سے بہتر ہی *

جسے قناعت نہیں اسے سیري نہیں *

فساد سے بہت مال برباد ہوتا ہی *

آدمي لباس میں چھپے پھرے ہیں *

قلم وہ درخت ہی جسکا پھل معاني ہی *

داڑھي کے بڑھنے سے عقل کمتي ہی *

اپنے نفس کي پہچان بڑي دشوار ہی *

جسمیں ادب نہو وہ سکوت اختیار کرے *

نحو کلام میں جیسے نمک طعام میں *

آدمي مال کے لئے پہاڑ اٹھاتا ہی *

عالم بلا عمل جیسے گدھے پر کتابیں *

اچھے لوگ جلدي بدلا نہیں لیتے ہیں *

مُفلسِ دانا جاهِل توانگر سے بہتر هی *

دانا گونگا نادانِ گویا سے بہتر هی *

دانا دُشمن بہتر هی نادانِ عقلمند سے *

کُتّا زِندہ بہتر هی شیر مُردہ سے *

بعض وقت یاقوت بے قدر هوتا هی *

مآل اندیش آفت سے بچا رهتا هی *

دلکا کساد کلام سے کُہلتا هی *

دُنیا گُذرگاہ هی نہ قرار گاہ *

تهوڑا کهانا بہت بیماري سے بچاتا هی *

دانشمند بے سبب کام نہیں کرتا هی *

گونگي زبان بہتر هی جهوٹهي زبان سے *

جلدي سے ندامت اور توقُّف سے سلامت *

تواضُع شرافت بڑهاتي هی اور راستي نِعمت *

علم کے چرچے سے عقل صاف هوتي هی *

سردار قوم کا وهي هی جو اُنکا خادِم هی *

بڑا عالِم وہ هی جو علم میں بڑا هی *

اِنسان جیسا هوتا هی ویسا دوسریکو جانتا هی *

خندہ روئي سے دِلکا حال معلوم هوتا هی *

مال کي محبّت آخرت کو برباد دیتي هی *

هر جِنس اپني جِنس کي طرف مَیل کرتي هی *

آدمي جِسے جانتا نہیں اُسکا دُشمن ہی *

جھوٹھ کي بات نمانئے - یہي اُسکي سزا ہی *

بُرا وُہ شخص ہی جو اکیلا کھاتا ہی *

عقل کے بڑھنے سے آدمي کم سُخن ہوتا ہی *

اکثر طمع سبب ہلاکت کا ہوتي ہی *

بخشِش وُہ بہتر ہی کہ جِس سے حاجت روا ہو *

جِسنے آرام کي قدر نجاني وُہ رنج میں پڑا *

نادان ہمیشہ اپنے نفس سے راضي رہتا ہی *

جو بہت بولتا ہی وُہ ذلیل ہوتا ہی *

دُنیا مُردار ہی اور اُسکے چاہنے والے کُتّے *

جِسکا سچ کم ہوا اُسکے دوست کم ہوئے *

جِسے حیا نہیں اُس سے گُناہ بہت ہوتے ہیں *

جو عیب کرتا ہی سو نقصان پاتا ہی *

جِسکي بخشِش بہت ہی اُسکے دُشمن کم ہیں *

اچّھا مال وُہ ہی کہ جِس سے آبرو رہے *

تجربہ‌کار پاس جا طبیب پاس مت جا *

طلب کر علم کو طِفلي سے جواني تک *

رعیّت کو ہونا چاہئے اور بادشاہ کو پاسباني *

عورت بے حیا جیسے کھانا بے نمک کا ہی *

جِسے تو پہچانتا نہیں اُس سے دور رہ *

اگر عقل صورت پکڑتي تو رات روشن هوجاتي *

موت کے پہلے اپنے مال کو تقسیم کردے *

عالم اپنے گھر میں جیسے چاندي کان میں *

جو موت سے بھاگا سو موت میں پڑا *

فروتني مرتبه بڑھاتي هی اور تکبّر گھٹاتا هی *

جسنے پڑھایا نهیں اُس نے پایا نهیں *

جو بهت روٹھتا هی اُس سے دوري بهتر هی *

بخیل الله کا دشمن هی اگرچه زاهد هو *

بهتر بخشش عقل اور بدتر مصیبت جهل هی *

قناعت کر غني هوگا توکّل کر قوي هوگا *

یاقوت اور زمرّد کي چاه دلکو ٹکڑے کرتي هی *

بهت بات کهنے سے لوگ نفرت کرتے هیں *

تھوڑا تدبیر کے ساتھه بهت منتشر سے بهتر هی *

پیراهن تیرا گھر هی چهه بڑھاؤ چهه گھٹاؤ *

جسکي سواري طمع هی اُسکا فقر مصاحب هی *

جو کسیکو هنستا هی وه آپ هی هنسا جاتا هی *

شریف وه هی جو احسان کرے اور عزیز رکھے *

جو عیب سنتا هی وه عیب کرنے والے میں گنا جاتا هی *

دنیا کا حال ایسا هی جیسے مکڑي کا جالا *

محبّت هونے سے نیك بد کي تمیز نهیں رهتي هی *

بہتر وُہ شخص ہی کہ جِس سے اَوروں کو نفع پُہنچے *

بیمار دِل کا باطل کي طرف مَیل کرتا ہی *

غضب کي اِطاعت سے ادب برباد جاتا ہی *

زبان تسبیح کرتي ہی اور دِل ذبح کرتا ہی *

سُن تو بوجھیگا چُپ رہ تو سلامت رہیگا *

جِسکے اخلاق نیک ہیں اُسکے دوست بہت ہیں *

نیکي کر جیسے اللّٰہ نے تیرے ساتھ نیکي کي ہی *

تھوڑا صبر کر کہ بعد رنج کے راحت ہی *

سوچ کر بات کرنے سے نِدامت کم ہوتي ہی *

باسن سے وہي ٹپکتا ہی جو اُس میں ہوتا ہی *

جو بہت بکتا ہی سو بہت خطا کرتا ہی *

ڈرا چاہئے ایسا نہو کہ تیري زبان تُجھے ہلاک کرے *

عُمر کے بہت ہونے سے دوست کم ہوجاتے ہیں *

دُنیا کے دو مزہ ہیں کہیں تلخ کہیں شیرین *

جب دو بلا میں پڑو تو آسان کو اِختیار کرو *

طمع والہ محروم رہتا ہی اور قِناعت والہ آسودہ *

سبکا سب چھِنتا ساریکا سارا برباد دیتا ہی *

وُہ بڑا بینا ہی جو اپنے عیب کو دیکھے *

کلام کا زخم تیر کے زخم سے سخت ہی *

جِسکے عِلم سے نفع نہ پُہنچے وُہ بُرا آدمي ہی *

آدمي بِلا ادب کے جیسے جسم بِلا روح کے *

عفّت بادشاہ کا تاج ھی اور اِنصاف قلعہ اُسکا *

غُصّے کي اِبتدا دیوانگي اور اِنتہا ندامت ھی *

تونگري بِلا سخاوت کے جیسے درخت بے پھل کے *

نیک وُہ آدمي ھی جو دوسرے سے پند پذیر ھو *

فقر بِلا صبر کے جیسے قندیل بِلا تیل کے *

جواني بِلا توبہ کے مِثل گھر بے چھت کے *

دُشمن اگر ضعیف ھو اُسکو حقیر نجانا چاھئے *

بہتر تعریف وُہ ھی کہ جِسکا دُشمن بھي اِقرار کرے *

دانا کا گُمان بہتر ھی نادان کے یقین سے *

آدمي فریب نہیں کھاتا ھی ایک جگہہ سے دو بار *

نادان کي بندگي سے عالِم کي نیند بہتر ھی *

ایک ساعت کي فِکر بہتر ھی سب عبادت سے *

دانا وُہ ھی جو اپني شہوت پر نِگاھبان ھی *

پاني کي قید لوہے کي قید سے دُشوار ھی *

خُدا پناہ دے سختي سے جو بعد آرام کے ھی *

رعیّت کو خوش رکھنا لشکر کے بڑھانے سے بہتر ھی *

قصد کر مارنے الفی کا تو راضي ھو جزا کا *

رِشوت لینے والے اور دینے والے دونوں جہنّمي ھیں *

بخشش میں دیري کرنا اچھوں کي عادت نہیں ھی *

دانا وہ هی جو محلِ تہمت سے پرهیز کرے *

بینائی کا نقصان دِل کي بصیرت کو مضر نہیں هوتا هی *

خدا کے دئے پر قناعت کر غني هو جائیگا *

بے گناہ عذر کرنا اپنے اوپر گناہ لینا هی *

جو چیز کہ هونے والي هی اُسپر صبر بہتر هی *

رنج کے بعد آرام اور بعد راحت کے رنج هی *

جسنے ایک بات پر صبر نکیا اُسنے بہت باتیں سنیں *

چپ رهنے سے سلامتي اور سلامتي سے نجات هی *

مرنے کے آگے مرو تو حیاتِ ابدي کو پاؤ گے *

نیکوکار هي نور اور نار میں فرق کرتا هی *

اگر جهل صورت پکڑتا تو دِن تاریک هوجاتا *

علم دو هي هیں ایک عِلم دین کا دوسرے عِلم بدن کا *

حسد نیکي کو کهاجاتا هی جیسے آگ لکڑي کو *

بیماري قید بدن کي اور غم قید روح کي هی *

جاهِل طلب کرتا هی مال کو اور عاقِل کمال کو *

رعیّت پر عدل کرنا بہتر هی لشکر کي کثرت سے *

عدل بخشش اور نرمي سے مُلک کي حِفاظت هوتي هی *

موت ایک دِن آپکڑیگي اگرچہ مضبوط قلعہ میں بهي هو *

جس گهر میں مِہمان نہیں آتا اُسمیں فرشتہ نہیں جاتا *

عدل کا ثمرہ سلامتي اور ظلم کا ثمرہ ندامت هی *

آگ مرض اور عداوت اگر تھوڑي بھي ھو تو بھت ھى *

چاندي سونے كي طلب نفس كي خوبياں كھو ديتي ھى *

دُنيا كي نِعمت جيسے بادل كا سايه يا بِجلي كي چمك *

توانائيوں سے ھو اور آدمي كے پاس آپ كو حقير مت كر *

تھوڑے كھانے سے صِحّتِ بدن اور صفائي قلب كي ھى *

جگھه عداوت كي دِل ميں جيسے جگھه آگ كي راكھه ميں *

دُشمن كے ساتھه نيكي كرني اُسكي بديكا بدلا ھى *

حكيم وھي ھى جو اپني شھوتوں پر غالِب ھو *

اِنسان وھي ھى جو اپنے غضب پر غالِب ھو *

عالِم كا ايكدِن جاھِل كي تمام زندگي سے بِھتر ھى *

بے تامُّل بات مت كر اور كام بے تدبير كے *

خِضاب سے جواني ھاتھه نھيں لگتي ھى اور تمنّا سے توانگري *

دُنيا كي خوشي ميں غم مِلا ھى اور اُسكي شيريني ميں سم *

جب بدي آدمي كي عادت ھوئي تو اُسكا كھونا دُشوار ھى *

مال ايك قحبه ھى كبھو نيك پاس كبھو بد پاس *

جِس پادشاه ميں عدل نھيں رعيّت اُسكي تابِع نھيں *

ھر نفس اپني جِنس كي طرف مايل ھوتا ھى *

فروتني سے منزلت حاصِل ھوتي ھى اور تكبُّر سے ھلاكت *

موت سے فراغت اور زِندگي سے مشغولي ھى *

زنا سود ريا شيطا نكے بھائي ھيں *

قناعت سے استغنا اور صبر سے مقصود ملتا ہی *

جو کسي پر رحم نہیں کرتا سو وہ بھي رحم نہیں کیا جاتا ہی *

سچ بلا کو دور کرتا ہی اور جھوٹھ بلا میں ڈالتا ہی *

جو اپنے بھید کو چھپاتا ہی سو مراد کو پہنچتا ہی *

جو ہوس کي پیروي کرتا ہی وہ ہلاك ہوتا ہی *

انسان جس چیز کو بہت دوست رکھتا ہی اسے اکثر یاد کرتا ہی *

دنیا دار غافل ہیں جب مرینگے تب خبردار ہونگے *

جو اپنے رتبے سے بڑھ نہیں چلتا ہی وہ سلامت رہتا ہی *

جو کوئي احسان سے انکار کرے اسپر منت رکھنا چاہئے *

گذران کرو بھائیوں کي طرح اور معاملہ کرو بیگانوں کي طرح *

خدا توانگر ہی اور ہم اسکے دروازے کے فقیر ہیں *

راضي کرنے سے جو راضي نہو وہ بڑا ظالم ہی *

تو اپنے چھوٹوں پر رحم کر بڑے تجھہ پر رحم کرینگے *

جسنے طاقت سے زیادہ اٹھایا وہ عاجز ہوا *

خط فقیر کے واسطے مال اور غني کے لئے جمال ہی *

خدا جو چاہتا ہی اسباب اسکا مہیا کر دیتا ہی *

عالم پہچانتا ہی جاہل کو کیونکہ وہ بھي جاہل تھا *

جو چاہتا ہی کہ تجھہ پر احسان کرے تو اسپر احسان کر *

جس بادشاہ میں عدل نہیں سو ایك نہر ہی بلا پاني کے *

جس عالم میں عمل نہیں سو بادل ہی بلا پاني کے *

کام پر اِقدام مت کر جب تلک اُس میں فکر نکرے تو *

جبکه مال هو جاتا هی تب دوست بهي کم هو جاتے هیں *

دُشمن سے دوستي ظاهر کر اگر اُس سے نفع چاهتا هی *

جو بهید کو چهپاتا هی اِختیار اُسکے هاتهه سے نهیں جاتا هی *

دُنیا ایک سایهٔ نا پایدار هی اور جواني ایک مِهمان مُسافِر هی *

ظالِم کا گهر ویران هوتا هی گو تهوڑے دِن کے بعد هو *

بلا اُنهیں کا گهر ڈهونڈتي هی جو خُدا کے دوست هیں *

جو چیز اپنے واسطے بد جانئے وُه دوسریکے لئے بهي بد جانئے *

جو آدمي اپنے سے راضي هوا اُسپر بد یاں بهُت هوتي هیں *

دُنیا ایک پُل هی اُسپر گُذر جاؤ اور آبادي کے اُسکي درپی مت هو *

اکیلا هونا عقلمندکا بِهتر هی بد کے ساتهه هم نشیني سے *

نیک کے ساتهه هم نشیني بِهتر هی اکیلے بیٹهنے سے *

حاسِد کي یِهي سزا هی که تیري خوشي سے مغموم هوتا هی *

دُنیا اُسکے طالبوں کو چهوڑ اور مُردار کُتّوں کے سامهنے ڈال *

مال کیا هی مضبوط قلعه هی جو ملامت کے تیروں کو روکتا هی *

کمال حیاکا یِهه هی که آدمي آپ سے بهي شرم کرے *

جو عقلمند سے مدد چاهتا هی وُه کبهو خطا نهیں کرتا *

جاهِل اپناهي دُشمن هی دوسرے کا دوست کب هوگا *

صبر کُنجي هی خوشي کي اَور جلدي کُنجي هی نِدامت کي *

جِس امر کو تو جانتا نهیں اُسمیں دخل مت دے *

اگر جاهِل کا جِهل نهوتا تو دانا کي دانائي معلوم نهوتي *

دے اَور مِنّت مت رکهه که اُسکا فایده تُجهکو پهُنچیگا *

کرامت کا چِهپانا بِهتر هی پر مُشک چِهپانے سے کهاں چِهپتي هی *

الله کي صِفات میں فِکر کر اَور اُسکي ذات میں خوض مت کر *

غِنا غِذا هی روحوں کي جیسے طعام غِذا هی جِسموں کي *

بهُت آدمي دُنیا کے لئے آگ کا جلنا قبول کرتے هیں *

وقر واله جیسے موتي نیچے بیٹها هوا اَور جلدي واله جیسے مچهلي طیرتي هوئي *

جِس چیز سے آدمي کي عِزّت رہے وهي اُسکا صدقه هی *

نیک بخت وُه هی جو اپنے باپ کي ریاست کو کمال میں پهُنچاوے *

دُنیادار جیسے سوار کشتي کے که وُه اُنکو لئے پهِرتي هی اَور وے سوتے هیں *

صبر کرنا کسب پر بِهتر هی دوستوں کے پاس حاجت لیجانے سے *

جو آپنے حق میں بد جانئے وُه دوسریکے حق میں بهي بد جانئے *

باپ دادے پر فخر کرنے سے هنر پر فخر کرنا بِهتر هی *

جِسنے دینے کا احسان کیا اُسنے ثواب کو برباد دیا *

اِقرار کرنے والے سے مُعاف کیا جاتا هی نه اِصرار کرنے والے سے *

جِسنے غیر کا حال تُجھسے کہا وُہ تیرا حال غیر سے کہیگا *

پرهیزگاري ایک درخت هی جِسکي جڑ قِناعت اور پهل راحت هی *

جب بات مُکرّر هوتي هی تب دِل میں قرار پکڑتي هی *

حسد ایک زنگ هی جب تک اُسے کهاتا نهیں جاتا نهیں *

جو قناعت نهیں کرتا هی زمانه اُسکو بلا میں ڈالتا هی *

کمینه بڑهنے سے تکبُّر کرتا هی اور حاکِم هونے سے ظُلم *

دو شخص کبهو آسوده نهیں هوتے طالِبِ عِلم اور طالِبِ مال کا *

تجربه سے عِلم بڑهتا هی اور تردُّد سے غلطي هوتي هی *

زینت آدمي کي عِلم سے اور زینت عِلم کي معرفت سے هی *

غیر کے کپڑے مت اُتار اور چڑیوں کے پر مت اُکهاڑ *

ایک ساعت کا عدل ساٹھه برس کي عِبادت سے بہتر هی *

بِہتر آدمي وُه هی که جِسکے هاتهه اور زبان سے کِسیکو ایذا نه پُهنچے *

عاقِل اپني زبانکا مالِک هی اور جاهِل اپني زبانکا مملوک هی *

نفس کي تابع داري سے باز ره اور خُدا کے خِلاف مت کر *

هَوس کي پیروي سے باز ره اور خُدا کي مُخالِفت سے ڈر *

جسنے لڑکپن میں عِلم نسیکھا وہ بڑھاپے میں مُعزّز نہوا *

تو انگری کو ہر طور سے طلب کیا پر قناعت سے زیادہ کوئی غنا نہ پائی *

دو چیزیں آدمی کو ہلاک کرتیں ہیں مال کا اِصراف اور زیادہ گوئی *

خوشیکا آنسو سرد اور غم کا آنسو گرم ہوتا ہی *

دین یقین سے مِلتا ہی اور یقین خُدا کی توفیق سے *

تو اپنے ہاتھ کو کھینچ اور تمنّا کے دروازے پر قُفل دے *

بِہتر بخشِش وُہ ہی جو بے دیری اور بے اِحسانکے ہووے *

اپنی عُمر کو گُناہوں میں مت کھو اور خُدا سے خوف کر *

ہلاکی ہو جیو اُسکو جو عبادت خانہ میں دِکھلانے کے لئے بیٹھتا ہی *

ظُلم سے آسایش کھو جاتی ہی اور بغاوت سے بدی مِلتی ہی *

چُپ رہنا وسیلہ نجات کا ہی - گویائی بُلبُل کو پِنجرے میں ڈالتی ہی *

اپنی روزی کے لئے غم مت کھا وُہ پہلے تیرے مُہیّا کی گئی ہی *

جو اپنے سے کم رُتبہ پر ظُلم کرتا ہی وُہ بڑا نادان ہی *

جِسنے موت کو بُہت یاد کیا وُہ دُنیا سے تھوڑے پر راضی ہوا *

جِسنے اپنے حق کو کھویا وُہ دوسریکے حق کي پیروي کب کریگا *

اُمّید ایک سُراب هی اُسے جو دیکھتا هی دھوکھا کھاتا هی اور مقصود کو نہیں پہُنچتا *

مقصود تیرا جب غیرونسے حاصِل هو تو بھائي سے مت طلب کر *

جو اپنے نفس کو پہچانتا هی کِسیکا کہنا اُسے ضرر نہیں کرتا هی *

تھوڑا کلام جو بوجھا جائے بِہتر هی بہُت سے جو ملال میں ڈالے *

اگر اِنسان فائدہ فرماں برداري کا جانتا تو پادشاہ اُسکا غُلام هو جاتا *

جِسم کي صِحت کھانے سے اور روح کي صِحت فرماں برداري سے هی *

جو اپنے بھائي کے لئے کوا کھودتا هی سو آپ هي اُسمیں گِرتا هی *

اپنے بھائي پر طعن مت کر اللّٰہ اُسکو نجات دیگا اور تجُھکو مُبتلا کریگا *

نفس کا مُحاسبہ کر سالِم رھیگا اور خطرونمیں درمت آ نِدامت کھینچیگا *

نیک و بد میں جو تمیز نہیں کرتا هی وہ بھي ایک
جانور هی *

حُب دُنیا کي عقل کو کھوتي هی اور دلکو حکمت سے
باز رکھتي هی *

بینا وہ هی جو اپنے گناهوں پر مُحیط اور اپنے عیبوں پر
واقف هو *

خدا کے قرب سے نور اور خلق کے قرب سے غم پیدا هوتا هی *

حسد یا حاسد کے مرنے سے چھوٹتا هی یا جسپر حسد کیا
اُسکے مرنے سے *

کشتي پر سوار هونا خطرے میں پڑنا هی اور بادشاہ کے پاس
جانا اُس سے زیادہ *

جسنے بخشش کي وہ بزرگ اور سردار هوا اور جسنے بخل کیا
وہ ذلیل اور خوار *

جسنے اپني اُمیدوں پر تاخیر کي اُسنے پایا اور جسنے جلدي
کي وہ محروم رہا *

خوشي نہیں هی مگر نیکوں کے لئے اور غم نہیں هی مگر
بدوں کے لئے *

نیک وہ هی جو دوسرے کو شر سے بچاوے اور اچھي راہ
بتلاوے *

جو بات نکہي وہ اختیار میں هی اور جب کہي تو اختیار سے گئي *

آدمي آج محلّوں میں کل قبرونمیں پرسوں حشر میں
هوگا *

جو جلدي کرتا هی سو خطا کرتا هی جو دیري کرتا هی
سو مُراد پاتا هی *

عاقل کے لئے دو فضیلات هیں ایک عقل جس سے فائدہ
حاصل کرے دوسري گویائي جسّے فایدہ دے *

جو مُقدّر میں هی سو پهنچیگا حریص محروم رهتا هی
بخیل اور حاسد مذموم اور مغموم *

گهر لینے کے پهلے همسائے کا حال تحقیق کر اور چلنے کے
پهلے رفیق کا *

عاقل کے جو مُنهه میں سو دلمیں احمق کے جو دلمیں سو
مُنهه میں هی *

ذکر وهي بهتر هی جو دلسے هو تضرّع کے ساتهه نہ وہ
کہ زبانسے پرهیزگاري کے ساتهه *

پاك کر نفس کو اُس چیز سے جو اُسمیں هی تو اُنکي
خوبیاں اور بُرائیاں جانتا هی *

دوست سچّا وہ هی جو تیرے عیبوں پر تجهے خبردار کرتا هی
اور آپ پر مُقدّم رکهتا هی *

اگر سچ صورت پکڑتا تو شیر هوتا اور اگر جهوٹهہ صورت پکڑتا
تو اونبڑي هوتا *

اِیمان وُہ هی که سچ کو جھوٹھہ پر اِختیار کرے جہاں کے
سچ ضرر کرے اَور جھوٹھہ فایدہ دے *

بار خُدایا تو نے بلا کو نازِل کیا تو صبر بھي دے اَور صِحت
عطا کي تو شُکر بھي دے *

جو عِلم که صلاحیت نه بخشے وُہ گُمراهي هی اَور جو مال
که نفع نه دے وُہ وبال هی *

بِہتر آدمي وُہ هی جو اپنے عَیبوں پر بینا اَور دوسرے کے
عَیبوں میں اندھا ہو *

نیکي کرنے والے سے محبّت اَور بدي کرنے والے سے کینه رکھنا
دِلونکي سرشت هی *

هِمّت کي کوتاهي تدبیر کي کمي فِکرکي سُستي برتري سے
محروم رکھتي هی *

دین میں پرهیزگاري حادِثوں پر صبر اَور معیشت میں صبر
کرنا کمال عقل کا هی *

اشراف اشراف هي هی اگرچه مُفلِس هو اَور کمینه کمینه هی
اگرچه توانگر هو *

دِلکي طرف نِگاہ رکھنا نیک بختي هی اَور نِگاہ کي طرف
دِلکو لگانا بد بختي *

بُخل اَور جِہل تواضُع کے ساتھہ بِہتر هی عِلم اَور سخاوت سے
جو غرور کے ساتھہ هی *

جو زمانہ تیرے ساتھہ موافقت نکرے تو تو زمانہ کے ساتھہ موافقت کر *

اگر نیکی تجھے پہنچے تو بھي خوشي کر اور اگر بدي تجھسے دور کیجائے تو بھي خوش ہو *

جو ہر بات پر ناخوش ہوتا ہی اُسکے دوست اور رفیق کم ہونگے *

جو آپ کو دانا جانتاہی خدا اور آدمي اُسکو احمق جانتے ہیں *

ظلم کا دِن مظلوم پر ایسا سخت نہیں جیسے بدلے کا دِن ظالِم پر *

شریر کو اپني شرارت ذِکر کرنا آسان ہی اُس سے کہ مغموم اپنے غم کو ذِکر کرے *

بہُت سونا اور سُستي اللہ سے دور کرتي ہی اور غریبي لاتي ہی *

غُلام کا کوئي بھائي نہیں جیسے جھوٹھے کو مروّت اور حاسِد کو آرام نہیں *

عاقل کي شان سے نہیں کہ فریب کرے اور پھر آپ اُسمیں پڑے *

دولت اور نعمت لایِق اِعتبار کے نہیں ہی ایک سایۂ ناپایدار ہی دوسرے مِہمان مُسافِر *

دِلوں کي قوت حِکمت ہی جیسے جسمونکي قوت طعام ہی *

بیس برسکا گبھرو تیس برس کا جوان چالیس کا ادھیڑ پچاس کا بُڈّھا ہوتا ہی *

آدمي جب تلک بہُت سختي پر صبر نہيں کرتا تھوڑے
مطلب کو نہيں پہُنچتا *

بُخل مِہرباني کے ساتھہ بِہترھی بخشش سے کہ جِسکے ساتھہ
بہُت ايذا ھو *

آدمي کے ذِکر سے پرھيز کر کہ وُہ بيماري ھی اَور اللّه کا ذِکر
کياکر کہ وُہ شِفا ھی *

سعيد وُہ ھی جو گُذرے ھوئے سے پند پذير ھو اَور بد وُہ ھی
جو آپکو بِہتر جانتا ھی *

جو رات اور دِن کے تغير سے خبردار نہو تو ملامت اَور نصيحت سے
کب خبردار ھوگا *

اِخلاص وُہ ھی کہ عِبادت کرنے ميں ثواب کي اُميد اَور
عذاب کا ڈر نہو *

اگر بزُرگي چاھتا ھی تو عاجِزي اِختيار کر اَور اگر دَولت
چاھتا ھی تو قِناعت کو *

جو عِلم کي طلب ميں خوب کوشِش نہيں کرتا ھی وُہ اُس
عِلم کے مقصود پر نہيں پہُنچتا *

مت بِگاڑ اُس چيز کو جِسکي اِصلاح دُشوار ھو اَور مت بند کر
وُہ دروازہ کہ جِسے کھول نسکے *

جِسنے دعوي کيا اُس چيز کا جو اُسميں نہيں ھی وُہ اِمتِحانکے
وقت رُسوا ھوگا *

هر علاقے سے دِل کو باز رکھنا اُور اَللّٰه کے ساتھه علاقه رکھنا
توکُّل هی *

دُنیا میں مُسافِر اُور راه چلنے والے کي طرح ره اُور آپ کو
اهلِ قبر سے گِن *

کمینوں سے دوستي کرنے میں پرهیز کر کیونکه قریبوں کو تجھسے
دور اُور دوروں کو نزدیك کر دینگے *

ظالِم مُرده هی اگرچه زِندوں کے گهر میں هو اُور مُحسِن زِنده هی
اگرچه مُردوں کے گهر میں هو *

بات وهي کیا چاهئے جِسکي شُهرت سے نیکنامي هو اُور کام
وهي بِهتر هی که جِسکے کرنے سے ثواب مِلے *

جو تیري بات پر اِعتماد نهیں کرتا هی اُسے نصیحت مت کر *
اُور جو کوئي تُجهسے قبول نهیں کرتا اُسپر اِحسان مت کر *

جو عِلم جانتا هی اُور اِظهار نهیں کرتا وُه بِهتر هی اُس سے که
جو جانتا هی اُور لاف زني کرتا هی *

احمق وُه هی جو اِحسان نهیں کرتا اُور شُکرگُذاري چاهتا هی
اُور بدي کرتا هی اُور توقُّع نیکي کي رکهتا هی *

دُشمن کي اِصلاح میٹهي بات سے آسان هی که اُسکي اِصلاح
اِحسان سے کرے *

عقل سے بِهتر کوئي تدبیر نهیں اُور حرام نکرنے سے بِهتر کوئي
پرهیزگاري نهیں اُور خُلق سے بِهتر کوئي خوبي نهیں *

آدمي دو قسم پرھی ایک تو وہ جو مطلب کو نہیں پہنچتا * دوسرا وہ جو پہنچتا ھی اور سیر نہیں ہوتا *

احمق سے دو خصلتیں نہیں چھوتتي ھیں رستے میں اِدھر اُدھر دیکھنا اور بے سوچے جواب دینا *

جو مال جمع کرنے کا قصد کرتا ھی وہ محزون رہتا ھی اور جو زمانے کي موافقت کا گمان کرتا ھی وہ مجنون ھی *

جو چیز تیرے ھاتھہ سے جاتي رھي اسپر افسوس مت کر کیونکہ تیري اگر ھوتي تو دوسرے کے پاس نجاتي *

تین آدمي تین شخص سے نفع نہیں اُتھاتے شریف دني سے نیکو کار بدکار سے دانا نادانسے *

وزیر کے کھوتے ہونے اور نیت کے بد رکھنے اور رعیت پر ظلم کرنے اور بد تدبیري سے ملک جاتا ھی *

چار چیز کو چار چیز سے سیري نہیں آنکھہ کو دیکھنے سے کان کو سننے سے رندي کو مرد سے زمین کو پاني سے *

حق دار کبھوں ذلیل نہیں ہوتا اگرچہ سارا عالم متفق ہو اور باطل والہ کبھوں معزز نہیں ہوتا اگرچہ رودار ہو *

جو اپنے حق میں دوست رکھتا ھی سو بھائي کے ساتھہ کر اور جو اپنے حق میں بد جانتا ھی وہ اُسکے لئے بھي بد جان *

تین آدمي معزز ہوتے ھیں ایک بوڑھا بڑھاپے سے دوسرے

صاحِب عِلم عِلم سے تیسرے بادشاہ بادشاہت کے سبب *

کِسینے اَیْک حکیم سے پوچھا تُم جانتے ہْو اُس چیزکو کہ جِسپر حسد نہْووے اوْر صاحِب بلا کو کہ جِسپر رحم نکیا جاوے کہا ہاں تواضُع اوْر تکبُّر ہی *

ہْوشیاری آدمی کی یِہہ ہی کہ کِسیکو فریْب ندے اوْر کمال اُسکا یِہہ ہی کہ آپ بہی کِسی سے فریْب نکھاوے *

CHAP. II.

FABLES.

هِرن اُور لُومڑي کي تمثيل

The Deer and the Fox.

ايک هِرن پياسا هوکر پاني کے چشمے پاس آيا که اُسسے پاني پئے - وُه چشمه بڑے غار ميں تها * جب پاني پيکر چاها که اُوپر چڑهے چڑهه نسکا * ايک لومڑي نے ديکهه کر کها اي بهائي تونے بهت بُرا کام کيا کيونکه اُترنے سے پهلے چڑهنے کا راسته ديکهه نليا *

حاصِل اُسکا يِهه هي

جو پاني ميں اُترتا هي اُور پهِر نهيں سکتا وُه ڈوبيگا *

خرگوش اُور گِدهه کي تمثيل *

The Hares and the Eagles.

ايک بار خرگوشوں اُور گدهوں ميں لڑائي ٹهني * خرگوشوں نے لومڑيونسے مدد چاهي * اُنهوں نے کها اگر هم تُمهارے اُور اُنکے حال سے واقِف نهوتے توجيسا کهتے هو ويساهي کرتے *

حاصل اُسکا یِہہ هی

آدمي کو چاهئے آپ سے جو قوي هو اُسّے بِگاڑ نکرے *

مالي اور ترکاري کي تمثیل *

The Gardener and his Herbs.

کِسي نے دیکھا کہ ایک مالي ترکاري کو سینچ رهاتها اُسنے کہا یِہہ کیا هی کہ جنگلي ترکاري کو کوئي نهیں سینچتا اور خوش نما هوتي هی * مالي نے جواب دیا کہ وُہ اپني ماسے پرورِش پاتي هی اور یِہہ اپنے باپ کي جورو سے *

حاصِل اُسکا یِہہ هی

ما کي پرورِش بِہتر هی سوتیلي ما کي پرورِش سے *

آدمي اور بُت کي تمثیل *

The Man and his Idol.

کِسي آدمي کے گھر میں ایک بُت تھا کہ وُہ همیشہ اُسے پوجتا - اور هرروز اُسکے واسطے ایک جانور ذبح کرتا * آخرکو اُسکا مال سب خرچ هوگیا * پس حیران هوکر اُس بُت نے کہا کہ اپنا مال میرے لئے خرچ مت کرو کہ پِھر تُم مُجھے ملامت کروگے *

حاصِل اُسکا یِہہ هی

جوْ اپنا مال گُناهوں میں خرچ کرتا هی وُہ کہتا هی کہ اللّٰہ نے مُجھے فقیر کر دیا *

بهیڑئے اوْر شیْر کي تمثیل *

The Wolf and the Lion.

ایْك بار بهیڑیا خوك کے بچّے کو لئے جاتا تها راہ میں شیْر سے مُلاقات هوئي اُسنے چهین لیا * بهیڑئے نے اپنے جي میں کہا کیْسي چیز میْں نے غصب کي جوْ میْرے پاس نرهي *

حاصِل اُسکا یِہہ هی

جوْ چیز کہ ظُلم سے هاتهہ آتي هی وُہ اُسکے پاس نہیں رهتي - اوْر اگر رهتي هی توْ کام نہیں آتي *

لڑکے اوْر بچّهو کي تمثیل *

The Boy and the Scorpion.

کِسي وقت ایْك لڑکے نے تِڈّي شِکار کي تهي * ایْك روْز بِچّهو کو دیْکهہ کر سمجها کہ یِہہ تِڈّي هی * اِس خیال سے اُسنے هاتهہ بڑها یا کہ پکڑے پهر هاتهہ کو کهیْنچ لیا * بچّهو نے کہا اگر تُم مُجهے پکڑتے توْ پهر کبهو تِڈّي کا شِکار نکرتے *

حاصل اُسکا یہہ هی

که آدمي بهلے اوٗر بُرے کو سمجهتا هی اوٗر هر ایٗک کے مُوافِق کام کرتا هی *

بِلّے اوٗر سوٗهن کي تمثیل *

The Cat and the File.

ایٗک بِلّا کِسي لوٗهار کے گهر میں جاکر سوٗهن کو چاٹنے لگا اوٗر اُسکي زبان سے خون جاري هوا * وُه یِہه سمجهکر که سوٗهن سے نِکلتا هی اُسے نِگلتاتها یِہاں تک که اُسکي ساري زبان کٹگئي اوٗر مرگیا *

حاصل اُسکا یِہه هی

که بد کام اچّها معلوم هوٗتا هی اوٗر اُسے لذیذ جانتا هی اوٗر یِہه بات نہیں سمجهتا که اُس سے عُمر کهوٗ جاتي هی *

چرغ اوٗر مُرغ کي تمثیل *

The Hawks and the Cocks.

چرغوں کو خبر پہُنچي که مُرغ بیمار هیٗں * طاوٗس کي کهال اوٗڑه کر اُنهیں دیٗکهنے گئے اوٗر کہا السّلام علیٗکم اے بهائیو کیا حال هی تُمهارا * وے بوٗلے که جس روٗز هم تُمهارا مُنهه نہیں دیٗکهتے خیٗر سے هوٗتے هیٗں *

حاصِل اُسکا یِہہ ہی

بہُت آدمي ایْسے ہیْں کہ محبّت ظاہِر کرتے ہیْں اَوْر جي میں دغابازي رکھتے ہیْں *

کُتّے اَوْر خرگوْش کي تمثیل *

The Dog and the Hare.

ایْک کُتّے نے خرگوْش کو پکڑا اَوْر دانتونسے کاٹتا اَوْر خون زبانسے چاٹتا * خرگوْش نے کہا کہ ای بھائي جب تو کاٹتا ہی تَوْ ایْسا معلوم ہوْتا ہی کہ جیْسے کوْئي کِسیکا دُشمن ہوْ * اَوْر جب چاٹتا ہی تَوْ یِہہ معلوم ہوْتا ہی کہ جیْسے کوْئي دوْست ہوْ *

حاصِل اُسکا یِہہ ہی

کہ جِسکے جي میں فریْب ہوْتا ہی وُہ دوْستي اَوْر محبّت ظاہِر کرتا ہی *

بط اَوْر ابابیل کي تمثیل *

The Goose and the Swallow.

بط اَوْر ابابیل آپس میں شِرکت سے گُذران کرتے تھے اَوْر ایْکھي مکان میں دوْنوں کي چراگاہ تھي * ایْک روز اُن دوْنوں نے گُمان شِکاري کا کیا * ابابیل چونکہ ہلکا تھا

اُڑ گیا اورؔ بچ رہا * بط اِس لئے که بھاري تھي صیّادوں نے اُسے پکڑ لیا اورؔ ذبح کیا *

حاصِل اُسکا یِهه هی

جوؔ اپني غیؔر جِنس کے ساتھه شِرکت کرتا هی وُه آخر کو خراب هوؔتا هی *

هِرن اورؔ شیؔر کي تمثیل *

The Deer and the Lion.

کِسي وقت ایؔک هِرن شِکاري کے ڈر سے بھاگ کر ایؔک غار کے اندر پیؔٹھا * ایؔک شیؔر نے وهیں جاکر اُسکا شِکار کیا * هِرن مرتے وقت کهنے لگا که افسوؔس میؔري یِهه کیا بدبختي تھي که آدمي کے ڈر سے بھاگ کر اورؔ ایک زبردست کے پنجے میں پھنسا *

حاصل اِسکا یِهه هی

که جوؔ شخص تھوؔڑي آفت سے ترسناک هوؔکر بھاگتا هی وُه اس سے بڑي آفت میں پڑتا هی *

کُتّے اور لومڑي کي تمثيل *

The Dog and the Fox.

کسي وقت ايك کُتّے نے شير کا چمڑا ديکھا اُسکے نزديک جاکر دانت سے کاٹنے لگا * يہہ بے ادبي کُتّے کي لومڑي نے ديکھہ کر کہا اگر يہہ حيوان کہ همارا تُمهارا بادشاہ کہلاتا تھا زندہ هوتا تو تُم اُسکے پنجے کے ناخُن کو اپنے دانت سے بڑا ديکھتے * سُبحان الله آج تُم اُسکے چمڑے کو کاٹتے هو *

حاصل اِسکا يہہ هے

بعد مرنے کے بهي مُردوں اور بزُرگوں کے نام کي پاسداري ضرور هے اور جتنا ادب کہ جينے کي حالت ميں کيا جاتا هے مرنے کے بعد بهي چاهئے *

پيٹ اور اعضا کي تمثيل *

The Belly and the Members.

ايکبار شکم اور اعضا ميں قضيہ هوا * دونوں نے کہا کہ جسم کو هم اُٹھائے پهرتے هيں اور اُسکي حفاظت کرتے هيں * اعضا بولے هم اپني قوّت سے لئے پهرتے هيں * پيٹ نے کہا اگر ميں کُچھہ نکهاؤں تو تُم نہ چل سکو اور نہ اُٹھا سکو *

حاصل اسکا یہہ هی

جو شخص اپنے سردار اور اپنے سے زورآور کی پیروی نکرے بلکه اُسسے دعوے برابري کا کرے تو آخر کو وہ خراب هوتا هی اور جس کام میں مقدور هی اُسے کر نہیں سکیگا *

دو مرغ کي تمثیل *

The two Cocks.

دو مرغ کسی چیز کےلئے آپس میں لڑتے تھے * اُنمیں ایک غالب هوا دوسرا بھاگ گیا * بعد اُسکے جو غالب هوا تها وہ ایک اُونچے بالاخانے پر بیٹھکر بازو پھڑکاتے اور بانگ دیتے هوئے فخر کرنے لگا * اتنے میں ایک کُتّا اُسے دیکھہ ایک هي حملے میں پکڑ لیگیا *

حاصل اُسکا یہہ هی

آدمي کو نچاهئے که اپنے زور کا فخر کرے کبھو که غرور اور فخر آدمي کو جان سے کھوتا هی *

مچّھر اور بیل کي تمثیل *

The Fly and the Ox.

ایک مچّھر کسي بیل کے سینگ پر بیٹھکر سوچنے لگا که میں بھاري هوا هونگا * تب اُسنے کہا که اي بیل میرے

بیٹھنے سے اگر تمکو بوجھہ معلوم ھوا ھو تو کہو میں چلا جاوں * بیل بولا ای مچھر تم کس پر بیٹھے ھو سو مجھے معلوم نہیں اور کسکو دکھہ پہنچتا ھی سو بھي میں نہیں جانتا ھوں *

حاصل اِسکا یہہ ھی

جو شخص اپني قوّت اور توانائي پر اوروں سے غرور کرتا ھی وہ نپٹ حقیر ھی *

آدمي اور موت کي تمثیل *

Man and Death.

کوئي شخص لکڑیکا ایک بوجھہ لئے جاتا تھا * بوجھہ کے مارے بہت تھک کر اُسنے اُسے اپنے کاندھے سے پھینک دیا اور موت کو پکارا * وہیں موت حاضر ھوکر بولي تم نے مجھے کیوں بُلایا * اُسنے کہا کہ میرے کاندھے پر اِس بوجھہ کو اُٹھا دو اس لئے بُلایا ھی *

حاصل اِسکا یہہ ھی

دُنیا کے بیچ سبھي اپني حیات چاھتے ھیں * بہت غریب اور لاچار ھونے پر بھي کوئي موت نہیں مانگتا *

حبشي كي تمثيل *

The Blackamoor.

ايك حبشي كپڑے آتار برف لے اپنے بدن ميں ملنے لگا * اسميں كسي شخص نے كہا كه اجي تم كيوں برف ملتے هو * بولا كه سفيد هونے كے لئے * اسميں كسي دانانے آخر كہا كه اي مياں تم اپنے بدن كو دكهه ندو تمهارا بدن برف كو سياه كرسكتا هي پر برف تمهارے بدن كي سياهي كبهو نسكيگا *

حاصل اسكا يهه هي

بد آدمي بهلے كو برا كرسكتا هي پر برے سے بهلا كرنے كي طاقت كم كسيكو هي *

شير اور دو بيل كي تمثيل *

The Lion and the two Bullocks.

كسي وقت ايك شير دو بيل پر دوڑا * دونو بيل متفق هوكر آسكو سينگ سے مارنے لگے اور آسكو اپنے بيچ آنے ندئے * شيرنے آن دونوكو فريب دينے كے لئے جدا هوكر كہا اي بيلو تم آپس ميں جدا هوكر جو فرق سے رهو تو ميں كسيكو كچهه نكهونگا * اس بات پر اعتماد كركے دونو الگ هوگئے وونهيں شيرنے دونوكو شكار كيا *

حاصل اِسکا یہہ ھی

آدمي جب تلک کہ مُتّفق رھیں تب تلک کوئي دُشمني کرکے اُن پر غالِب ھو نہیں سکتا * بے اِتّفاقي سے سبھي مارے جاتے ھیں *

لڑکے کي تمثیل *

The Boy fallen into the River.

کِسي وقت ایک لڑکا آپ سے پاني میں گِرا * پیْرنا جانتا تھا اس لئے غوطے کھانے لگا * رستے پر سے ایک شخص کو مدد کے لئے پُکارا اور بلایا * وُہ نزدیک جا پاني میں گِرنے کے باب میں ملامت کرني شروع کي * لڑکے نے کہا پہلے مُجھے بچائیے پیچھے ملامت کر لیجئیگا *

حاصِل اِسکا یہہ ھی

تُمہارا کوئي دوست جو آفت میں پڑے تو پہلے اُسے آفت سے بچا کر پیچھے ملامت کرنا بہتر ھی *

سورج اور هَوا کي تمثیل *

The Sun and the Wind.

سورج اور هَوا کے بیچ جھگڑا ھوا کہ دیکھیں کون آدمي کے کپڑے اُتروا سکتا ھی * اِسمیں هَوا بڑے زور سے بہنے لگي * آدمي نے اُس زور کے سمھالنے کے لئے اپنا کپڑا بدن میں لپیٹ لیا *

جب دِن چڑھا اور آفتاب کي شعاع بہت تيز ہوئي تب آدميوں نے گرمي کے مارے اپنا کپڑا بوجھہ سمجھکر بدن سے اُتار ڈالا *

حاصِل اِسکا يِہہ هی

آدميوں کو چاهئے کہ اپنے حوصلے کے مُوافِق دعوي کريں تو پيچھے شرمندگي نہو جيسے هوا پشيمان هوئي *

کئي بھيڑيوں کي تمثيل *

The Wolves drinking up the water to get at the Hides.

کئي بھيڑيوں نے ايک خندق ميں گاے کا چمڑا ديکھہ کر کھانے کا اِرادہ کيا * ليکن خندق پاني سے بھرا تھا اور چمڑا بھي نزديک نتھا * اِتنے ميں اُنہوں نے باهم اِتّفاق کر يِہہ مشورہ کيا کہ پہلے پاني پي کر خندق کو سُکھاويں پيچھے چمڑا کھاويں * يِہہ دِل ميں ٹھان کر پيٹ بھر کر پاني کے پينے سے سبھي پيٹ پھٹ کر مرگئے چمڑا کھا نہ سکے *

حاصِل اِسکا يِہہ هی

کم عقل وُہ کام کرتا هی جِس سے جان کھو جاتي هی *

کچھوے اور خرگوش کي تمثيل *

The Tortoise and the Hare.

کِسي وقت ايک کچھوے اور خرگوش نے آپس میں دوڑنے کا عہد و پیمان کرکے ايک پہاڑ تک حد مُقرّر کي اور اُس پہاڑ کي طرف دوڑے * خرگوش اپني لاغري اور تيزروي اور هلکاپن کے سبب رستے میں تھک کر سوگیا * کچھوا اپني اِس جِسامت اور آهِستہ چلنے پر بھي رستے میں نہ سُستایا نہ درماندہ هوا اور پہاڑ پر جابیٹھا * تب خرگوش نے جاکر دیکھا کہ کچھوا آگے چلا گیا هی اِس میں شرمِندہ هوا - پر اُسوقت کي ندامت کِسو کام نہ آئي *

حاصِل اِسکا یِہہ هی *

زورآور اور کم زور میں لڑائي هونے سے چاهئے کہ کم زور غافِل نرہے اور ایسا بھي اِتّفاق هوتا هی کہ زورآور کي غفلت سے کم زور فتح مند هوتا هی *

شیرِببر اور لومڑي کي تمثيل *

The Lion and the Fox.

ايک شیرببر بُڑھاپے کے سبب کمزور هوکر کِسي جانور کو شِکار کر نہ سکتاتھا * اِس لئے اپني خوراک کے واسطے فریب دینے

کے ارادے پر تُمارض کرایک غار کے اندر رہاتھا کہ جو کوئي حیوان اُسکے دیکھنے کو آوے اُسکو اُسي خندق کے اندر پکڑ کر کھاوے * اِسمیں ایک لومڑي اُسکے یہاں جا غار کے دروازے پر کھڑي ہو سلام کر بولي اي جانوروں کے بادشاہ آپ کیسے ہیں * شیر نے کہا تُم اِسکے اندر کیوں نہیں آتي لومڑي نے کہا جہاں پناہ * میں نے یہاں آکر بہتوں کے پیٹھنے کي علامت دیکھي لیکن باہر نکلنے کا ایک کے بھي نِشان نپایا *

حاصِل اِسکا یِہہ ہی

آدمي کو نچاھئے کہ بِن بوجھے سمجھے کِسي کام میں دخل کرے *

کبوتري کي تمثیل *

The Pigeon.

کوئي کبوتري پیاسي ہوکر ایک دیوار کے گِرد گھومتي تھي * اِتّفاقاً ایک کانسہ پاني سے بھرا ہوا اُس دیوار پر نظر پڑا * کبوتري نے جلدي سے اُڑکر آپ کو اُس کانسے پر مارا کہ پوٹا پھٹ گیا * اُسوقت اُسنے کہا کہ میں عجب بد بخت ہوں کہ پاني کي طلب میں جلدي کي اور اپني جان کھوئي *

حاصِل اِسکا یِہہ ہی

سُستي اور سہولت سے کام کرنا بِہتر ہی جلدي سے *

لوهار اور کتے کي تمثيل *

The Dog and the Blacksmith.

کسي لوهار کے گهر ايک کتا تها - جب تک مالک اسکا کام کيا کرتا وه سويا کرتا * جسوقت وه لوهار کام سے فراغت کر کهانے کے لئے بيٹهتا اسوقت وه کتا بيدار هوتا * لوهار نے کها اى بدذات کيا سبب هى اواز گهن سے که جس سے زمين کانپتي هى تو بيدار نهيں هوتا اور دانت کي اوازسے جگ اٹهتا *

حاصل اسکا يهه هى

آدمي جب نمازکي آواز سنتاهى توسورهتا هى اورجب باجے کي آواز سني تو پيچهے دوڑتا هى *

آدمي اور گهوڑي کي تمثيل *

The Man and the Mare.

ايک آدمي گهوڑي گابهن پر سوار هوا تها * اتفاقا وه راه ميں جن پڑي * اسکا بچا تهوڑي دور چلکر تههرگيا اور کها اى آقا ديکهتا هى که ميں چهوٹا هوں اور چل نهيں سکتا - اگرتو مجهے چهوڑکر چلا جاويگا تو ميں يهان هلاک هوجاونگا * اور جو تو مجهے اپنے ساتهه ليوے اور ميري پرورش کرے که جوان هوجاؤں

تو میں اپني پیٹھہ پر تجھے لے چلونگا اور جہاں کہیں جایا چاهیگا وهاں جلد پہنچاوُنگا *

حاصل اِسکا یِہہ هی

آدمي کو چاهئے کہ جو مُستحق اِحسانکا هی اُسکے ساتھہ اِحسان کرے *

آدمي اُور سوُرکي تمثیل *

The Man and the Hog.

کِسي وقت میں ایک آدمي نے مینڈها اُور بهیڑي اُور سوُر کو بیل پر لاد کر شہرکي طرف لے چلا کہ سب کو بیچے * مینڈها اُور بهیڑي بیل کو کُچهہ ایذا ندیتي تهي اُور سوُر ساري راہ چِلّاتا تها اُور بیلکو مارتا * اُس آدمي نے کہا کہ ای بدذات کِس واسطے تو قرار نہیں پکڑتا اُور یے دونوں چُپ هیں * خِنزیر بولا هرکوئي اپنے حال سے واقف هی مینڈهے کو جوکوئي لیویگا اُسکے بالوں کے لئے * اُور بهیڑي کو دودهہ کے واسطے * مُجهہ میں نہ بال هیں نہ دودهہ - پس جِس وقت کہ شہر میں پہنچوُنگا مذبح میں بهیجا جاوُنگا *

حاصِل اِسکا یِہہ هی

جو آدمي بدیاں اُور گُناهونکو کرتا هی وُہ اپنے انجامکو جانتا هی *

هرن اور گدھے کي تمثيل *

The Deer and the Ass.

ايک هرن اور گدھا باهم آشنا تهے * رات کو چرنے کے واسطے کسي باغ ميں گئے * هرن نے گدھے کو کہا خبردار بوليو مت باغبان سوتا هى * گدھا بے وقوف کهنے لگا که اس وقت ميري طبيعت بهت خوش هى تم کهو تو ميں رينگوں * هرن بولا اگر ايسا کروگے تو مالي کے هاتهه سے خوب کتکے کهاوگے * دو تين بار اسنے اسے منع کيا ليکن اس گدھے نے اسکے کهنے کو نمانا رينگنے لگا * مالي کي آنکهه جو کهلي تو ايک سونٹا هاتهه ميں ليکر پيچهے انکے دوڑا * هرن تو اپني جلدروي سے نکل گيا اور گدھا کمزور بهاگ نسکا * مالي نے خوب مار دهري * غرض جو کوئي اپنے دانا دوست کا کها نمانيگا خراب هوگا *

چڑيا اور کوّے کي تمثيل *

The Bird and the Crow.

ايک کوّے نے نمک کا گهر بنايا تها اور ايک چڑيا نے موم کا - وے دونوں پاس پاس رهتے تهے * ايک روز چڑيا نے کهانا پکايا نمک نه تها کوّے سے مانگا * اس نے کها کيا ميں

تیرے واسطے اپنا گھر توڑوں چل دور ہو * چڑیا پھر کر چلی آئی ایک روز مینھہ جو برسا کوّے کا گھر گھل گیا تب کوّے نے چڑیا کے پاس جاکر پناہ مانگی * چڑیا نے کہا سنو ہم نے ذراسا نمک مانگا تھا تم نے ندیا کیا مضایقہ آؤ بیٹھو * اصل مدعا یہہ ہی کہ بدی کا بدلا لینا آسان ہی لیکن برائی کے عوض بھلائی کرنی سخت مشکل *

بارہ سنگے کی تمثیل *

The Stag drinking.

کسی وقت ایک بارہ سنگا پیاسا ہو کر تالاب میں جا پانی پیا اور وونہیں پانی کے بیچ اپنی پانیونکا دبلا پا دیکھکر غمگیں ہوا لیکن سینگ کی بڑائی پر خوش ہوا * شکاریونکے پہنچتے ہرن بھاگ کر دور ہو گیا اس لئے شکاری اسکو شکار کر نہ سکے * جب وہ پہاڑ میں جاکر گھنے جنگل میں پیٹھا اور لنبے سینگ کے سبب درختوں کی ڈال و پات میں پھنسا تب شکاریوں نے وہاں جاکر اسکو مارا * ہرن نے دم توڑنے کے وقت آہ مارکر کہا افسوس جس ہاتھہ پانو کو میں نے حقیر جانا تھا اسنے مجھے بچایا تھا اور جس سینگ کا بھروسا کیا تھا اسنے میری جان کھوئی *

حاصِل اِسکا یِہہ ھی

آدمي کو چاھئے کہ اسباب پر تکیہ نکرے اور بے اسبابي سے نااُمید نہو * اکثر ایسا ھوا ھی کہ بے سببي سبب حصول مطالب کا ھوئي ھی اور اسباب موجب مضرّت کا *

مکڑي اور شہد کي مکّھي کي تمثیل *

The Spider and the Bee.

کِسي وقت ایک مکڑي نے شہد کي مکّھي سے کہا اگر تُم مُجھکو اپنے ساتھہ رکھو تو میں تُمھاري طرح شہد لاؤں * اِس بات کے بار بار کہنے سے مکّھي نے اُسے قبول کیا * بعد اُسکے جب مکڑي وُہ کام بجا لا نسکي تب مکّھي نے اُسے ڈنگ مار کر مار ڈالا * دم ٹوٹنے کے وقت وُہ اپنے دِل میں کہنے لگي افسوس جِس کام سے میرا بُرا ھوا اُسے میں نے قبول کیا * رس لانے کي قُدرت مُجھہ میں نہ تھي کِس لئے شہد بنانے کي آرزو کي تھي *

حاصِل اِسکا یِہہ ھی

بے مہارت اگر کوئي کِسي کام میں دخل کرے تو اُسکي بات جھوٹھي ھوتي ھی اور وُہ آدمیوں میں ھلکا اور نالایق ھوتا ھی *

جھڑبیری کي تمثیل *

The Bramble.

ایک جھڑ بیری نے کسي مالي سے کہا کہ اگر کوئي احتیاط سے مجھے باغ میں لگائے اور پاني سے سینچ کر میري خدمت کرے تو میرے پھول اور پھل کے دیکھنے کي آرزو بادشاہ کریں * یہہ سن باغبان نے اُسکو لے باغ میں اچھي جگہہ لگایا اور ھر روز بار بار پاني دینے لگا * اُسکے کانٹے بڑہ گئے اور مضبوط ھوئے * وے درخت جو اُسکے نزدیک تھے اُنکے اوپر تلک اُسکي شاخیں پھیل کر اور پیڑوں کو ضرر پہنچانے لگیں * آخر آہستے آہستے اُسکي جڑنے بڑہ کر سارے باغ کو گھیر لیا کانٹوں کے سبب کوئي اُسکے پاس جا نہ سکتا تھا *

حاصل اِسکا یہہ ھی

بد آدمي کو پناہ دیکر جتني کہ اُسکي توقیر کیجئے اُتني ھي اُسکي شرارت اور بدذاتي بڑھتي ھی - اور جتنا اُسپر اِحسان کیجئے اُتني ھي وہ بُرائي کرتا ھی *

شیر اور لومڑي اور بھیڑئے کي تمثیل *

The Lion, Fox, and Wolf dividing the Prey.

شیر اور لومڑي اور بھیڑئے میں دوستي تھي * ایک روز شکار کے لئے سب کے سب نِکلے * اتّفاقاً ایک گدھے اور

هرن اور خرگوش کو شکار کیا * شیرنے بھیڑیے سے کہا آ تو تقسیم کر دے * اسنے کہا گدھا تم لو اور خرگوش لومڑي اور هرن مجهکو دو * شیرنے غصے هوکر بهیڑیے کي آنکهیں نکال لیں * اسکے بعد لومڑي سے کہا کہ تو تقسیم کر * اسنے کہا تقسیم تو ظاهر هی گدهے کو کل کهائیو اور هرن شام کو اور خرگوش سے بیچ میں ناشته کرو * شیرنے کہا اي لومڑي تو تقسیم میں تو بڑي دانا هی یهه تونے کہاں سے سیکها * اسنے کہا بھیڑیے کي آنکھوں سے *

بیمار شیر اور لومڑي اور بهیڑیے کي تمثیل *

The sick Lion, the Fox, and the Wolf.

کسي وقت میں ایک شیر بیمار پڑا سب درندے اسکي اعادت کو آئے مگر لومڑي نا آئي * بهیڑیے نے اسکي چغل خوري کي * یهه خبر لومڑي کو پهنچ گئي * شیرنے بهیڑیے سے کہا کہ جب لومڑي آوے تب مجهے خبر کر دینا * جسوقت کہ وہ آئي بهیڑیے نے اِشارہ کردیا * شیرنے پوچھا کہ اِتنے دِن تلک تو کہاں تهي * اسنے کہا دوا کي تلاش میں * پهر اسنے کہا کیا دوا لائي * کہا بهیڑیے کي ساق کا مہرہ

آپ کي دوا هی * شیرنے اُسیوقت جنگل بهیڑئے کے مارا اوْر هڈّي اُسکي نِکال کر کها گیا * لومڑي رُخصت هوئي اوْر بهیڑیا پیچهے سے لوهو میں تر بتر نِکلا * لومڑي نے کها جب بادشاهوں کے پاس بیٹهئے تو اُس بات کو که مُنهه سے کیا نِکلتا هی خیال رکهنا ضرور چاهئے *

کبوتري اوْر کوّے کي تمثیل *

The Pigeon and the Crow.

ایک بار کبوتري اوْر کوّےسے پاني کے گڑهے پر جهگڑا هوا * اوْر هر ایک دعوي کرتا تها که یهه میرا هی * آخِر جڑیوں کے قاضي پاس گئے اوْر هر ایک نے اپنے دعوي کو بیان کیا * اُسنے گواه طلب کیا گواه کوئي نه نِکلا * قاضي نے یهه حُکم کیا که کبوتري کا هی * اُسنے پوچها که میرے واسطے تُمنے کِس دلیل سے حُکم کیا اوْر کوّے کو کِس وجهه سے نه دِلوایا * قاضي نے کها که تیرا سچ مشهور هی چنانچه عرب میں مثل هی که فلاني کبوتري سے سچّا زِیاده هی * اُس کبوتري نے کها اگر یوں هی تو سچ یهه هی که حق کوّے کا هی اوْر میں وُه نهیں که جِسکي نیک خصلت مشهور

هو وہ اُسکے خِلاف کرے * پِھر قاضي نے پوچھا که تونے جھوٹھا دعوي کیوں کیا تھا * بولي اُسنے پاني کو منع کیا اِس لئے غُصّے میں آ کر میں نے جھوٹھا دعوي کیا تھا لیکن رُجوع کرنا حق کي طرف بِہتر هی باطِل پر اِصرار کرنے سے - اور یِہه شُہرت میرے لئے هزار چقر سے بِہتر هی *

CHAPTER III.

ANECDOTES.

۱ حکایت

The Duty of Kings.

ایک بادشاہ نے اپنے وزیر سے پوچھا کہ سب سے بہتر میرے حق میں کیا ہی * عرض کي عدل کرنا اور رعیّت کي پرورش *

۲ حکایت

Eating, when proper for the Rich and the Poor.

ایک حکیم سے پوچھا کہ وقت کھانا کھانے کا کون سا ہی * بولا دولت مند کے تئیں جس وقت اشتہا ہو اور فقیر کو جس وقت میسّر آوے *

۳ حکایت

Plato's Saying.

ایک شخص نے افلاطون سے پوچھا کہ تُمنے بہُت برسوں دریا کا سفر کیا - دریا میں کیا کیا عجائب دیکھے * افلاطون نے جواب دیا کہ یہي عجوبہ دیکھا کہ میں دریا سے کنارے پہُنچا *

۴ حکایت

As you do to others, it will be done to you.

ایک شخص نے کسي کو بے تقصیر مار ڈالا * لوگ اُسے حاکم پاس لیگئے * حاکم نے اُسکے قِصاص میں اُسے توپ کے مُنهه پر اُڑا دیا * نقل مشهور هی جو جیسا کریگا سو ویسا پاویگا *

۵ حکایت

The five Virtues and Vices of Men.

آدمي میں پانچ جوهر هیں اور اُن پانچوں کے پانچ دُشمن * پهلا عِلم اُسکا دُشمن تکبّر * دوسرا بخشِش اُسکا حاسد تاسُّف * تیسرا عقل اُسکا عدو غُصه * چوتها صبر اُسکا مُخالِف لالچ * پانچواں سچ کهنا اُسکا مُخالِف جهوٹهه بولنا *

۶ حکایت

Devotion and Liberality commended.

ایک روز اکبر بادشاه نے بیربل سے پوچها وه کیا هی جِس سے بادشاه کا نام تمام مُلکوں میں شُهره پکڑے اور نجاتِ آخرت هو * عرض کي دو چیزیں ایک عِبادت دوسري خیرات *

۷ حِکایت

The Man and the Lion.

ایْک شیْر اوْر ایْک مرد نے اپني تصویر ایْک گھر میں دیْکھي * مرد نے شیْر سے کہا دیْکھتا هی اِنسان کي شجاعت کو کیْسا شیْر کو اپنے تابِع کیا هی * شیْر نے جواب دیا که مُصوّر آدمي تھا اگر شیْر مُصوّر هوْتا توْ ایْسا نه هوْتا *

۸ حِکایت

Luckman's Advice to his Son.

لُقمان حکیم نے اپنے بیْٹے کو وصیّت کي که توْ همیْشه ایْك مسله سیکھه اوْر عمل کر تاکه جلد میْوه اُس کا تو پاوے * بهُت عِلم مُفید نهیں هی جب تک عمل میں نه لاوے * جوْ نه کھیْنچے توُ دشمن پر تلوار توْ اِنکار هزار تیْغ کا رکھتا هی *

۹ حِکایت

Wicked Men can be consistent only by being silent on Religion.

ایْك روْز اِمام نے اپنے یاروں کو نصیحت کي که جوْ کوئي تُم سے پوچھے که خُدا سے ڈرتے هوْ یا نهیں چاهئے که جواب نه دو اوْر چُپکے هوْ رهوْ - اِس واسطے که جوْ کهو نهیں ڈرتے هیْں توْ کافِر

هو گے - اور جو کبھو ڈرتے ہیں تو جھوٹھے ہو گے - کیونکہ تمھارے اعمال رستکاروں کے سے نہیں *

۱۰ حکایت

The Miser displayed.

ایک درویش نے ایک بخیل سے کچھ سوال کیا * بخیل نے کہا اگر ایک بات میری قبول کرے تو جو کچھ کہیگا کرونگا * فقیر نے پوچھا وہ کیا بات ہی * اسنے کہا مجھ سے کبھی کچھ مت مانگ اسکے سوا جو کچھ تو کہیگا سو مانونگا *

۱۱ حکایت

The Fulfilment of a bad Promise avoided.

ایک نے ایک سے یہہ شرط کی تھی کہ اگر میں بازی نہ جیتوں تو سیر بھر گوشت میرے بدن سے تراش لیں * ایسا ہوا کہ اسنے بازی نہ پائی * حریف نے کہا شرط ادا کر * اسنے نمانا * دونو قاضی پاس نالشی گئے * قاضی نے مدعی سے فرمایا معاف کر * اسنے انکار کیا * قاضی نے برهم ہوکے کہا کہ تراش لے پر جو ایک سیر سے ایک رتی زیادہ کاٹیگا تو سزا پاویگا *

۱۲ حِکایت

The Saying of Titus Vespasian.

روم کا پادشاہ کہ اُسکا نام تیٹس وسپیشیان تھا ہمیشہ روز
نامچہ دیکھتا اور حساب کرتا تھا گُذشتہ عُمر کے اعمال کا * جِس
روز دیکھتا کہ کوئي نیک کام نہیں ہوا دستخط کرتا کہ یہہ دِن
ہمنے مُفت کھویا آخِرت کے ذخیرے کے واسطے نیکنامي کا تُخم
نہ بویا *



۱۳ حِکایت

What youth ought to learn.

ایک آدمي نے ایک حکیم سے پوچھا کہ کَون عِلم بہتر
ہی پہلے لڑکوں کے سِکھلانے کے لئے * اُسنے جواب دیا کہ وُہ عِلم
ضرور ہی جِسکي حاجت ہوتي ہی جواني کے وقت میں *
دوسرے آدمي نے کہا کہ سِکھا لڑکوں کو وُہ چیز کہ جِسکے
مُوافِق چلیں اور جب وے بڑے ہوں تب اُسکے مُطابِق
کام کریں *

۱۴ حکایت

The Miser refusing his Ring.

ایک شخص کسي بخیل سے دوستي رکھتا تھا * ایکدن اُسے کہا میں سفرکو جاتاھوں * اپني انگوٹھي مُجھے دے تو میں اپنے پاس رکھوں * جب اُسکو دیکھونگا تُجھکو یاد کرونگا * اُسنے جواب دیا جو مُجھے یاد رکھا چاھتے ھو تو اپني اُنگلي کو خالي دیکھکر یاد کرنا که فلانے شخص سے انگوٹھي مانگي تھي اُسنے ندي *

۱۵ حکایت

The Remembrance of Justice and Oppression eternal.

ابوزر جمہر حکیم سے کِسي نے پوچھا که آدمي کي جِنس سے همیشه کون زِنده هی * جواب دیا دو شخص ایک عادِل دوسرا ظالِم * هر خاص وعام میں کیا خوب مثل مشہور هی که عادِل اور ظالِم کِسي طرح سے نہیں مرتے * ایک بھلائي کي جِہت سے دوسرا بُرائي کے سبب سے *

۱۶ حکایت

The Advantages of Sovereignty.

کہتے هیں که بادشاه چین نے اِسکندر سے پوچھا لذّت سلطنت میں کِس چیز سے پائي تونے * کہا اُسنے تین

چیزوں سے - پہلے دُشمنوں کو مغلوب کرنا - دوسرے دوستوں اور ہوا خواہوں کو سرفراز کرنا - تیسرے محتاجوں کي حاجت برلانا * سِواے اُسکے جو اور لذت ہی سو اِعتبار نہیں رکھتي *

۱۷ حکایت

The Physician's Advice.

نقل ہی کہ ایک حکیم بیمار ہوا - بہت لوگ اُس کے عیادت کو آئے اور دیر تلک بیٹھے رہے * حکیم اُنسے بہت ناخوش ہوا * ایک نے اُن میں سے کُچھہ دریافت کیا اور کہا کہ حکیم صاحب کُچھہ ہمیں نصیحت کرو * کہا کہ اگر کسي کي عیادت کو جایئے تو دیر تک نہ بیٹھئے *

۱۸ حکایت

Pride mortified.

ایک دِن کوئي مغرور اپنے تئیں کہتا تہا جو کُچھہ زمین آسمان میں ہی سو سب میرے واسطے ہی - مُجھے خُدا نے بہت بڑا پیدا کیا ہی * اِسمیں ایک مچّھر اُسکي ناک پر آبیٹھا بولا تجُھے غرور نہ چاہئے کیونکہ جو زمین آسمان میں ہی خُدا نے تیرے لئے بنایا ہی اور تجُھے میري خاطر* تو نہیں جانتا کہ میں تجُھہ سے بھي بڑا ہوں *

۱۹ حکایت

The Industrious and Idle Youth.

ایک دولتمند کے دو لڑکے تھے * ایک کا نام فقیراللّٰه دوسرے کا امیراللّٰه * جب وہ مرگیا تو باپ کی دولت اُن دونوں نے نصفا نصفی کرلی * فقیراللّٰه تو تھوڑے دنوں میں اپنے حصّے کی دولت عیش وعشرت میں کھوکر فقیر ھو بیٹھا * اور امیراللّٰه اپنا مال سوداگری سے چوگنا بڑھا کے امیر ھوگیا * پس لازم ھی کہ جو کوئی مال پاوے تو اُسے سوداگری سے بڑھاوے *

۲۰ حکایت

Kings have no cause to complain of the Instability of Fortune.

نقل ھی کہ ایک روز بہلول دیوانہ ھاروں رشید کے پاس آیا اور اُسکو متفکّر دیکھہ کر کہا کہ سبب اِتنی فکر کا کیا ھی * ھاروں نے کہا دُنیا کی بےوفائی سے متفکّر ھوں * اُسنے کہا تجھکو یہہ اندیشہ کچھہ ضرور نہیں ھی کیوں اگر دُنیا وفادار ھوتی تو یہہ بادشاھت تجھہ تلک نہ پہنچتی *

۲۱ حکایت

The best Friends and worst Enemies of Satan described.

کہتے ھیں کہ عیسی علیہ السلام نے اِبلیس سے پوچھا کہ تو کسکو دُشمن اور کِس کو دوست جانتا ھی * کہا فاسق جوانمرد

دو دُشمن اوْر زاهدِ بخیل کو دوْست * بولے کِسواسطے * کہا اگر فاسِق جوانمرد کو آپ تنبیہ کریں تو وُہ تُمهارِي هِدایت قبول کرے اوْر دوْنوں جہان سے فایدہ اُٹھاوے * اوْر زاهدِ بخیل بُخل کي نحوست سے کافِر و گُمراہ هوْتا هی اور دوْنوں عالم میں رنج کھینچتا هی *

۲۲ حِکایت

The Advantages of Learning.

دوْ آشنا اپنے شہر سے تباہ هوْکر کِسي مُلک میں گئے * جوْ پڑھا تھا سوْ لڑکے پڑھانے لگا اوْر جوْ هُنر جانتا تھا سوْ اپنا پیشہ کرنے لگا * اِتِّفاقاً وے دوْنوں بیمار پڑے جوْ پڑھاتھا سوْ اُس حالت میں پڑھاتا تھا اوْر پیشے پیدا کرتا تھا * اوْر جوْ هُنرمند تھا سوْ مارے مُفلِسي کے مرتا تھا کیونکہ وُہ توْ لیٹے لیٹے هي پڑھا سکتا تھا اوْر اُسکا کام بے هاتھہ پانو کے هِلائے هوْ نہ سکتا تھا * پس لازِم هی کہ پڑھنا سیکھے کہ یِہہ سب سے بِہتر هی *

۲۳ حکایت

Gaming the worst of Vices.

ایْک بادشاہ نے تین شخص کو بُلا کر پوچھا کہ تُم کیا کام کرتے هوْ * ایْک نے کہا کہ میْں چوْر هوں چوري خوب کرتا هوں * دوسرے نے کہا کہ میْں شرابي هوں شراب خوب پیتا هوں * تیسرے نے عرض کي کہ جہاں پناہ میْں جواری

هوں جوا خوب کھیلتا هوں * اگر فرمایئے تو ایک داؤں میں آپکی ساري سلطنت لگا دوں * بادشاہ نے چور اور شرابي کي جان بخشي کي اور اُس جواري کي گردن ماري *

---

۲۴ حکایت

Cheating detected.

ایک شخص کے گھر میں روپئے کا توڑا گم هوا تها * اُسنے قاضي کو خبر دي * قاضي نے گھر کے سب آدمیوں کو طلب کیا اور ایک ایک لکڑي طول میں برابر سبکے حوالے کي اور کہا کہ چور کي لکڑي ایک انگل بڑهه جائگي * تِس پیچهے سبکو رُخصت کیا جِسنے چوري کي تهي خوف سے ایک انگل لکڑي کاٹ ڈالي * دوسرے روز قاضي نے سبکي لکڑیاں دیکهیں * چور کو پہچانا اُس سے روپئے لئے اور سزا دي *

---

۲۵ حکایت

The impertinent Man reproved.

ایک شخص لِکهتا تها ایک بیگانہ آدمي اُسکے نزدیک بیٹها هوا خط کو دیکهنے لگا * تب اُسنے خط میں لِکها کہ ایک احمق میرے پاس بیٹها هوا خط پڑهتا هی اِس لئے میں کُچهہ راز نہیں لِکهتا هوں * اُسنے کہا کہ کیا تو مُجهکو احمق جانتا هی کیوں اپنا بهید نہیں لِکهتا ۔ میں نے تیرا خط نہیں پڑها *

کاتب نے جواب دیا اگر خط نہیں پڑھا تو کسطرح معلوم کیا کہ میں نے ایسا لکھا هی * وه بہت شرمندہ هو

۲۶ حکایت

The frugal Youth and the Spendthrift.

ایک بڑا سوداگر تھا اُسکے دو بیٹے تھے * تھوڑے دنوں میں وہ سوداگر مر گیا * باپ کي دولت دونوں نے بانٹ لي * ایک نے دو تین مہینے میں اپني سب دولت اُڑا دي بُرے آدمیوں کي صلاح سے * دوسرے نے سوداگري اختیار کي بھلے آدمي کے کہنے سے * ایک فقیر ہوا دوسرا دولتمند * پس جو کوئي بھلے کي بات مانیگا اُسکا بھلا ہوگا اور جو کوئي بُرے کي مانیگا اُسکا بُرا ہوگا جیسا اُن دونوں کا ہوا *

۲۷ حکایت

Friendship destroyed by Elevation in Rank.

کسي کو بادشاہ کے یہاں سے بڑا کام ملا * یہہ خوش خبري سُنکر اُسکا دوست مُبارک باد دینے کو ایک دن اُسکے گھر آیا * اُسنے اپنے دوست سے انجان ہوکر پوچھا تُم کون ہو یہاں کیوں آئے ہو * وہ غریب نہایت خفیف ہوا اور کہنے لگا کیا مُجھے تم نہیں پہچانتے ہو میں تُمھارا قدیم دوست ہوں * سُنا تھا کہ اندھے ہوگئے ہو اِس لئے تُمھاري خبرکو آیا تھا سو دیکھہ چلا *

۲۸ حکایت

The Termination of vain Delights.

ایک روز کئی شخص آپس میں متفق ہو کسی باغ میں جاکر عیش وعشرت کرنے لگے * بعد دوچار گھڑی کے ایک اُن میں سے رخصت ہونے لگا * مانع ہوئے اور کہا کہ ایک ساعت توقف کر کہ ہم بھی چلتے ہیں * اُس نے نہ مانا چلا ہی گیا * آخر وے بھی اپنے مکان کو چلے گئے * پھر اُس کے دل میں آیا تو وہاں چلا آیا دیکھا کہ جہاں جام مُل چلتے تھے وہاں پیالے ٹوٹے پڑے ہیں اور شیشے خالی - تب اُس نے یہہ شعر پڑھا *

* گیا وقت پھر ہاتھہ آتا نہیں * سدا عیش دوراں دکھاتا نہیں *

۲۹ حکایت

The Monarch's Pride mortified.

ایک روز ہارون رشید بادشاہ کے مُنہہ پر مکھی آن کر بیٹھی * وہ دق ہوا اور اپنے ایک مُصاحب سے پوچھا کہ خلقت مکھی کی حق تعالی نے کسواسطے بنائی * اُسنے کہا جہاں پناہ مُتکبروں کی نخوت توڑنے کو * بادشاہ سُنکر چُپ ہو رہا *

۳۰ حکایت

The considerate Man.

ایک شخص ہر روز چھہ روٹیں خرید کرتا تھا * ایک دوست نے اِس سے پوچھا کہ چھہ روٹیں کیا کرتا ہی * اِسنے

کہا ایک رکھتا ہوں ایک ڈال دیتا ہوں دو پھیر دیتا ہوں دو قرض دیتا ہوں * دوست نے کہا میں یہہ معمّا نہیں سمجھا صاف کہہ * اُسنے جواب دیا ایک روٹی جو رکھتا ہوں اِسکا یہہ مطلب کہ میں کھاتا ہوں - ایک روٹی میری ساس کھاتی ہی وُہ ڈال دینے میں داخِل ہی - دو جو واپس کرتا ہوں اُس سے یہہ مُراد کہ ماباپ کھاتے ہیں - دو روٹی جو بیٹے کھاتے ہیں وُہ قرض دیتا ہوں *

۳۱ حکایت

Alexander's Manner of bestowing Gifts.

ایک دِن سکندر نے اپنی مجلس میں کہا کہ جِسنے جو مُجھہ سے مانگا سو پایا کوئی محروم نہیں گیا * ایک شخص نے عرض کیا کہ ای خُداوند مُجھے ایک دِرم درکار ہی عِنایت کر * سکندر نے فرمایا پادشاہوں سے چھوٹی چیزکی درخواست کرنا بے ادبی ہی * اُسنے اِلتماس کیا کہ بادشاہ کو ایک دِرم کے دینے سے شرم آتی ہی تو ایک مُلک مُجھے بخشئے * سکندر نے کہا تونے دو سوال بیجا کئے پہلا میرے مرتبے سے کم دوسرا اپنی قدرسے زیادہ * وُہ لاجواب اور شرمندہ ہوا *

۳۲ حکایت

Singular Artifice.

ایک شخص سوا ایک گھوڑے کے اور کُچھہ نہیں رکھتا تھا * اسنے اُس گھوڑے کو اصطبل میں باندھا پراِسطرح کہ

اگاڑي کي طرف پچھاڑي کي اَور شہر میں منادي دي کہ عجب تماشا دیکھو کہ دُم کي جگہہ گھوڑے کا سِر ھی * شہر کے لوگ جمع ھوئے * وُہ شخص کُچھہ نقد لیتا تب آدمیوں کو اِصطبل میں جانے دیتا * جو کوئي طویلے سے پھرتا شرم سے کُچھہ نہ کہتا * وُہ مُفلِس تھا اُسنے اُس بہانے اپنا کام کرلیا *

۳۳ حِکایت

The two Painters.

دو مُصوّروں نے آپس میں کہا کہ ہم دونوں تصویر کھینچیں دیکھیں کون اچّھي کھینچتا ھی * ایک نے انگور کے خوشے کي شبیھہ کھینچي اَور دروازے پر لٹکا دي چڑیاں اُسپر چونچ مارنے لگیں * دیکھنے والے بہت خوش ھوئے * ایک دِن لوگ دوسرے کے گھر گئے پوچھا کہ تُمنے کہاں تصویر کھینچي ھی * اُسنے کہا کہ اِس پردے کے پیچھے * مُصوّر نے پردے پر ھاتھہ رکھا سمجھا کہ پردہ نہیں دیوار میں پردے کا نقش کھینچا ھی * تب اُس مُصوّر نے کہا تُمھارے کام سے چڑیوں نے فریب کھایا اَور میري نقّاشي سے تُمنے *

۳۴ حکایت

The Logician and the Swimmer at Sea.

ایک کشتي میں دو شخص سوار هوئے ایک اُن میں منطقي تھا دوسرا پیراك * منطقي نے پیراك کو پوچھا کهو یا رتمنے کچھه علمِ منطق کا بھي سیکھا هی که نهیں * وه بولا که میں نے اب تک منطق کا نام بھي نهیں سنا سیکھنے کا تو ذکر کیا هی * سنکر افسوس لگا کرنے که تمنے اپني آدھي عمر جہالت کے دریا میں ڈبائي * اتنے میں طوفان نمودار هوا * پیراك نے ٹھٹھولي سے منطقي کو کها کهو صاحب کچھه پیرنا بھي آپ کو آتا هی که نهیں * یهه بولا سوا منطق کے نهیں * پر اُسنے حیف کھا کر کها که تمنے اپني ساري عمر برباد کي *

۳۵ حکایت

The Dervaish, the Grocer, and the Judge.

ایک درویش بنئے کي دکان پر گیا اور سودے کے لئے شتابي کرنے لگا * بقال نے گالي دي * درویش نے ایک جوتي اُسکے سر پر ماري * اُسنے کتوال سے نالش کي * کتوال نے فقیر سے پوچھا که بنئے کو کسواسطے مارا * فقیر نے کها که اُسنے دشنام دي تھي * کتوال بولا که تجھه سے بڑي تقصیر هوئي پر فقیر هی اس لئے سیاست نهیں کرتا هوں - جا آٹھه آنے

فریادي کو دے تیرے قصور کي سزا یہي هی * درویش نے ایک روپیا جیب سے نکال کُتوال کے هاتھه میں دیا اور ایک پاپوش کُتوال کے سر پر مارکر یہه کہا که اگر ایسا اِنصاف هی تو آتهه آنے دونو بانت لو *

٣٦ حکایت

The diligent and indolent Boy.

جو دانا لڑکا هی اپني کِتاب اپنے گھر میں بے کہه پڑھتا هی * اور لڑکا نادان اپني کِتاب کو کھیل کے واسطے طاق پر ڈال رکھتا هی - اگرچه اُسکے ما باپ اُس بدچال سے هزار منع کریں * پہلا لڑکا اُس اصیل گھوڑے کي طرح هی که جِسکے واسطے کوڑا ضرور نہیں * اور دوسرا اُس خچر مُنهه زور کے برابر هی جو لگام نہیں مانتا * غرض ایک لڑکا جو سچ پوچھو تو گویا زنبور کے شهد کے پیچھے هی اور اُسکے نیش کي طرف نظر نہیں کرتا * اور دوسرا ناچیز تتلي کے پیچھے دوڑتا هی اور یونہیں اپني مِحنت کو صِرف اُسکے رنگیں پروں پر برباد دیتا هی *

٣٧ حِکایت

Two Women quarrelling for a Child.

دو عورتیں ایک لڑکے کے واسطے آپسمیں جھگڑا کرتي تھیں اور گواہ نہیں رکھتیں * دونو قاضي کے پاس گئیں اور

اِنصاف چاهیں * قاضي نے جلّاد کو بلایا اور فرمایا که اِس لڑکے کے دو ٹکڑے کر ایک ایک دونو کو دے * ایک عورت یهه بات سنتے هي چپ رهي - دوسري نے فریاد شروع کي که خداکے لئے میرے لڑکے کے دو ٹکڑے مت کر میں لڑکا نهیں چاهتي هوں * قاضي کو یقین هوا که لڑکے کي ما یهي هے لڑکا اُسے سپرد کیا اور دوسري کو کوڑے مارکے نکال دیا *

۳۸ حکایت

The Thieves detected.

ایک شهر میں روئي کا ڈهیر چوري گیا تها * روئي والوں نے بادشاه سے نالش کي * بادشاه نے هرچند تجسّس کیا پر ایک چور نه پایا * ایک امیر نے عرض کي که جو اجازت هو تو میں چوروں کو پکڑوں * بادشاه نے حکم دیا * امیر نے شهر کے سب رهنے والوں کو ضیافت کے بهانے اپنے گهر بلایا * جب سب جمع هوئے امیر اُس مجلس میں گیا اور سب کے مُنهه کي طرف دیکهه کے بولا که کیا حرام زادے اور بیحیا آدمي هیں که روئي چرائي هے اور پهاهے روئي کے اُنکي ڈاڑهیوں میں لگے هیں اور میري مجلس میں آئے هیں * کتنے لوگوں نے وهیں اپني ڈاڑهي جهاڑي معلوم هوا که وے چور هیں * بادشاه نے امیر کي حکمت پر آفرین کي *

۳۹ حکایت

Trial of youthful Sagacity.

دو لڑکے بھوکھے پیاسے کسي کے یہاں گئے * اُسنے ھر ایک کے شعور کي آزمایش کے واسطے ایک طرف میز پر کچھه شراب اور مصري رکھه دي اور دوسري طرف تھوڑا ٹھنڈا پاني اور روکھي روٹي * عقلمند لڑکے نے روٹي اور پاني سے اپنے پیٹ کو بھرا اور پیاس کو بُجھایا * احمق لڑکے نے شراب کا لال رنگ اور مصري کي مٹھاس جو دیکھي بہت رغبت سے اُسکو پیا اور کھایا * پر فایدہ کچھه نه ھوا بلکه اُسکي پیاس زیاده ھوئي * مگر اپنا پیٹ خالي ھَوا سے بھرا ھوا پایا * لیکن اپني چوك کي علاج نه کرسکا کیونکه وقت گذر گیا تھا * سچ ھی که بہت چیزیں بظاھر خوبتر ھیں اور باطن میں حاصل اُنکا تھوڑا ھی * چنانچه پھولنا گُلاب کا ساتھه رنگ اور بو کے اگرچه خوشنما ھی لیکن پھولنا گھاس کا اِنسان کے حق میں وه چند مُفید ھی *

۴۰ حکایت

The courageous and the fearful Youth.

ایك لڑکے نے تفاوت سے دیکھا که چمن کے کنارے پر ایك پھول نہایت خوش رنگ پھول رھا ھی * جب لڑکا اُسکے نزدیك پہنچا تو اُس گُل کي خوشبو اور رنگ نے یہاں تك لُبھایا که بے اِختیار اُسکے توڑنے کي خواھش اُسکے

دل میں پیدا هوئي * جونهیں اپنا هاتهه اسکے پتّوں تک پهنچایا وونہیں اسکو بهت سے کانتے پتّوں کے نیچے نظر آئے * مارے دهشت کے هاتهه کهینچ لیا اور خالي هاتهه چلا گیا * اتّفاقاً اسکا چهوتا بهائي دور سے دیکهتا تها اس بات کو دریافت کر گیا * اگرچه عمر میں چهوتا تها پر دلکا بڑا ان کانتوں سے نه ڈرا * بیدهڑک پهول توڑ لیا بلکه ساتهه اسکے ایک ایسا پهول بهي تحفه هاتهه آیا که جتنا اس پهول کے توڑنے میں دکهه سها تها سو بهي دل سے بهلا دیا * پس جو شخص که کانتوں کے ڈرسے پهول نه لے سکا اسکا دماغ کب معطّر هوا اور کبهي پهل اسنے پایا *

---

۴۱ حکایت

Love of the marvellous reproved.

ایک بادشاه وزیر کے ساتهه سیر کو گیا تها * گیهوں کے درخت آدمي کے قد سے لنبے دیکهه کے متعجّب هوا اور بولا که ایسے بلند درخت گیهوں کے کبهي نهیں دیکهے * وزیر نے عرض کیا که میرے وطن میں هاتهي کے ڈیل برابر هوتے هیں * بادشاه مسکرایا * وزیر نے جانا که بادشاه نے میرے قول کو دروغ سمجها اسي سے هنسا * آخر گهر پهنچتے هي اسنے وطن کے لوگوں کو لکها که تهوڑے درخت گیهوں کے بهجوا دو خط پهنچتے تک فصل آخر هوگئي * ایک سال کے

بعد گیہوں کے درخت وہاں سے آئے * وزیر بادشاہ کے حضور میں لے گیا * بادشاہ نے سب اِستفسار کیا * اُسنے عرض کي کہ پارسال میں نے کہا تھا کہ گیہوں کے درخت ہاتھي کے برابر لنبے ہوتے ہیں تب جہاں پناہ ہنسے تھے اپني بات کي تصدیق کے لئے لایا ہوں * بادشاہ نے فرمایا کہ اب میں نے باور کیا پر ہرگز کسي سے ایسي بات مت کہہ جو ایک برس گذرنے کے بعد اِعتبار کي جاوے *

۴۲ حِکایت

The faithful Servant.

کہتے ہیں کہ سُلطان محمود غزنوي ایاز کو بہُت دوست رکھتا تھا * حسد کے سبب سب امیروں نے بادشاہ سے کہا کہ ایاز ہر روز اکیلا جواہِر خانے میں جاتا ہی معلوم ہوتا ہی کہ کُچھہ چُراتا ہی نہیں تو جواہِر خانے میں اُسکا کیا کام ہی * بادشاہ نے فرمایا کہ جب آنکھہ سے دیکھوں تب باور کروں * دوسرے دِن لوگوں نے سُلطان کو خبر دي کہ ایاز جواہِر خانے میں گیا ۔ محمود نے فوراً جھروکھے سے جھانکا ۔ دیکھا کہ ایاز نے ایک صندوق کھول کے پُرانا میلا کپڑا پہنا ہی بادشاہ مکان کے اندر گیا ایاز سے پوچھا کہ ایسے کپڑے کیوں پہنے * اُسنے عرض کي کہ جب میں حُضور کي بندگي میں نہ تھا ایسے کپڑے پہنتا تھا ۔ اب خُداوند کي عِنایت سے نفیس

پوشاك ميسّرهي اِس لئے پُرانا جامه هرروز پهنتا هوں که اپني قديم حالت فراموش نه کروں اور بادشاه کي نعمت کي قدر سمجهوں * سُلطان کو يِهه بات پسند آئي اُسکو چهاتي سے لگايا اور اُسکا مرتبه بڑهايا *

حکايت ۴۳

Filial Affection.

ايك مرتبے ايك کے گهرميں بڑي آگ لگي چاروں طرف لوکا اُڑنے لگے * گهر والے دو بهائي تهے اور اُنکے ما باپ نهايت ضعيف که هلنے کي طاقت نهيں رکهتے تهے اور اُس آگ سے بچ نهيں سکتے بلکه خوف سے کانپتے تهے وے دو بهائي اُس مُصيبت ميں حيران* ايك نے اِراده کيا که گهر سے اسباب باهر نکالے - تب اُنهوں نے آپسميں يِهه کها که کهاں پاوينگے هم ايسي بيشُمار دولت جِس سے همنے زندگاني پائي - آو اسباب چهوڑ کے اُنکو نِکال لاؤيں * يِهه بات کهه کے ايك نے باپ کو کاندهے پر چڑها ليا اور دوسرے نے ما کو اور اُس آگ سے بچا کر اُنکو ايك جگهه ميں بيٹها ديا اور کِسي چيزکا خيال نه کيا سب اسباب جل گيا * وے کيسے ديندار تهے اُنکے کام سے هم سمجهتے هيں که دُنيا ميں ما باپ کي خِدمت سے کوئي کام بڑا نهيں *

۴۴ حکایت

The two Travellers.

دو شخص باہم ہوکر نکلے کہ کسي دور مُلک میں جا رهئے * تهوڑے دنوں کے بیچ ایک مُلک میں جا پہنچے * ایک نے دریافت کیا کہ دِل جمعي اور خوبي کے ساتهه جو یہاں کي رهئے تو ضرور هی پہلے یہانکے رهنے والوں کي زبان سیکهئے - غرض اُسنے سیکهي *دوسرا اِتنا مغرور تها کہ عوام النّاس کي زبانکو حِقارت سے نسیکها صرف درباري اور عالموں کي زبان تحصیل کي * قضا کار بعد کئي برس کے دونوں کِسي بستي میں آئے وهاں کي بهاکها اور اُس مُلک کي زبان ایک تهي پر وهاں کے رهنے والوں نے هنگامہ مچاکر غیر مُلک کے حاکموں کو قتل کرڈالا تها * وے دونوں مُسافِر جُدے جُدے مکانوں میں بازارکے بیچ تهے کہ اُن خونیوں نے اُنهیں پکڑا اور آگے لےجاکر ایک سے پوچهنے لگے کہ تُمهارا یہاں کیا کام هی * جسنے مُحاورہ عوام کا سیکها تها خوبي سے جواب دیا اُسکو اُنهوں نے سلامت چهوڑا * اور دوسرے مُسافِرنے جو صِرف حاکموں کي زبان سے جواب دیا اُس انبوہ نے جلکر خفگي سے سر اُسکا کاٹ ڈالا *

۴۵ حکایت

Great Regard to Exteriors reproved.

ایک دانشمند ایک شہر میں وارد ہوا سنا کہ یہاں ایک بڑا سخی ہی سب مسافروں کو کھانا کھلاتا ھی * دانشمند پھٹے پرانے کپڑوں سے اسکے گھر گیا * اسنے کچھہ التفات نہ کیا بلکہ بات بھی نہ پوچھی * دانشمند شرمندہ ہوکے پھرآیا * دوسرے دن پاکیزہ کپڑے کرائے منگوا پہن کے اسکے گھرگیا * اسنے دیکھتے ھی لنبی تعظیم کی اپنے پاس بٹھایا اور لذیذ کھانا منگوایا * جب دسترخوان پر بیٹھا دانشمند لقمے اپنے کپڑے میں رکھنے لگا * تب اسنے پوچھا کہ یہہ کیا حرکت ھی * دانشمند نے جواب دیا کہ کل پرانے کپڑے پہنے ہوئے آیا تھا ذرہ طعام نہیں پایا * آج معلوم ہوا کہ یہہ نفیس کھانا اس کپڑے کے سبب سے ملا ھی * صاحب خانہ بہت شرمایا *

۴۶ حکایت

The Man who fell among Thieves.

ایک آدمی سیر کرتا ہوا اورشلیم سے ہوکے یرا ھو کے تئیں گیا - ناگہاں چوروں سے ملاقات ہوئی * انھوں نے اسکو ایسا مارا کہ قریب مرنے کے ہوا اور اسکا اسباب لوٹ کے بھاگے * تھوڑی دیر کے بعد ایک متقی آدمی اس راہ سے گذرا اس نیم مردے مسافر کو دیکھہ دوسری راہ سے چلا گیا * تھوڑی

دیر پیچھے ایک آدمی اور آیا اُسنے بھی دوسری طرف کا رستا لیا * آخر کو ایک شخص که اُسکے مزاج میں نہایت رحم تھا اُس آدھموئے کے نزدیک گیا * اور اُسکی خسته حالی دیکھه مہربانی سے بولا که افسوس هی چوروں نے اِسکو ایسا زخمی کیا که تمام بدن سے خون جاری هی * اور اُسکو اُٹھا زخموں پر مرهم کی پٹّی لگائی * بعد اُسکے اُسکو اپنے چارپائے پر ڈال کے ایک سراے میں پہنچایا اور بڑی خبرداری کی * صُبح کے وقت دو روز پیچھے وهانکے زمیندار کو کچھه دیکر یهه کها که اِسکی خوب خبرداری کیجیو یهه کسی طرح کی تصدیع نپاوے یهاں تک که اگر زیاده خرچ هووے دریغ نه کیجیو جب میں پھر کے آؤنگا سب ادا کرونگا * تم اِس حکایت سے دیکھو مہربانی اور شفقت کرنا اُن پر جو رنج میں گرفتار هیں *

۴۷ حکایت

The Saying of Cicero.

زمانِ پیشیں میں ایک شخص سیسروُ نام مُنصف اور عالِم اور راستباز مشهور تھا * عِلم کی تحصیل میں بہُت کوشش کرتا اور اُسکی عقل اور دانش کو سب بہتر جانتے تھے * اُسکا قول یهه تھا که سِواے عِلم کے اور کوئی چیز ایسی نہیں جو خُداکی راه دِکھائے اور آدمیوں کے حق کی طرف پہُنچاوے * جو کوئی عِلم سے خالی هی وه سب

چیز سے خالي هی * بهرصورت علم بیش بها هی سب چیز سے * هم نهیں جانتے هیں که وه آدمي کیونکر خوش هی جو علم سے واقف نهیں اور وه دن اپنے سستي میں گذارتا هی * جیسا که بے زهرکا سانپ سبکي نظروں میں حقیر هوتا هی ویسا هي جو علم سے عاري هی بے توقیرهی * وه پیدا هوا هی صرف زمین کي تصدیع دینے کو * بهلوں کي صحبت کو بدجان کر وه ضرور بدمعاشوں میں رهیگا اور بد راه چلیگا اور سب کے نزدیک آخرکو مردود هوگا * دانا اور نیکبخت آدمي کا نشان یهه هی که دانا سعي کرتا هی علم کے سکهانے میں اور رضاجوئي میں انکي جو اسکے علاقے میں هیں *

۴۸ حکایت

Æsop's Advice to his Master.

کهتے هیں که ایک مرتبے لقمان کے صاحب نے اسے کها که فلاني کهیت میں جو بو * لقمان نے اس زمین میں چینا بویا * لقمان کا مالک اس جگهه میں گیا اور هري کهیتي دیکهه لقمان سے بولا که میں نے تجهه سے کها تها اس کهیت میں جو بو کسواسطے تونے چینا بویا * لقمان نے جواب دیا اس امید پر میں نے چینا بویا که جو پهلیگا * مالک نے کها یهه کیا بیندي سمجهه هی کهیں ایسا هوتا هی * لقمان نے فرمایا که تم همیشه دنیا کي کهیت میں گناهونکا بیج بوتے هو

اور گمان رکھتے هو قیامت کے دن صواب کا پهل پاوگے * اِس سبب سے میں نے بهي خیال کیا که اِس جینے سے جو پیدا هونگے * بني اسرائیل اِس بات سے شرمنده هوئے - اور لقمان کو اُسکے صاحب نے آزاد کیا * یهه باتیں بهي لقمان کي فرمائي هوئي هیں که نادان هرچند خوبصورت هو اُسکے ساتهه صحبت نرکها چاهئے کسواسطے که تلوار اگرچه دیکهنے میں سو ڈول هے پرکام اُسکا برا هے * جوکوئي اچهي خو رکهتا هے بیگانے اُسکے دوست هوتے اور بد خو والے کے یگانے دشمن هو جاتے هیں *

---

۴۹ حکایت

An Artifice to get Money restored.

ایک شخص نے بهت سا مال ایک صرّاف کو سپرد کیا اور آپ سفر کو گیا * جب پهر آیا صرّاف سے تقاضا کیا * اُسنے قسم کهائي که تو نے مجهے نهیں سونپا هے * مدّعي نے قاضي کو اطّلاع کي * قاضي نے تامّل کرکے کها که کسو سے مت کهیو که فلانا صرّاف میرا مال نهیں دیتا میں تیرے مال کے لئے ایک تدبیر کرونگا * دوسرے دن قاضي نے اُس صرّاف کو بلاکے یهه کها که میرے پاس بهت کام هے اکیلا نهیں کرسکتا هوں چاهتا هوں که تجهے اپنا نایب کروں کسواسطے که تو بڑا ایماندار هے * صرّاف نے قبول کیا اور

بہت خوش ہوا * جب وہ اپنے گھر گیا تب قاضي نے مدعي سے کہا کہ اب مال کي درخواست صراف سے کرو البتہ دیگا * وہ شخص صراف کے گھر گیا * صراف نے اسکو دیکھتے هي بلایا کہ اجي ادھر آؤ بھلے آئے میں تمھارا مال بھول گیا تھا اگلي رات مجھے یاد آیا * خلاصہ یہہ هی کہ مال اسکا پھیر دیا اور نیابت کي طمع سے قاضي پاس گیا * قاضي نے فرمایا کہ آج میں نے پادشاہ کے دربار میں سنا کہ پادشاہ تجھکو بڑا کام دیا چاہتا هی * خدا کا شکر کر تو رتبۂ اعلی پاویگا میں دوسرا نایب تلاش کرونگا * آخر قاضي نے اس بہانے اسکو رخصت کي *

٩٠ حکایت

The King and his Viziers.

ایک بادشاہ نے اپنے وزیر اور میربخشي سے صلاحاً پوچھا مال اور لشکر کے جمع کرنے میں میري عقل کچھہ کام نہیں کرتي - اگر مال جمع کروں تو لشکر نہیں رھتا اور جو فوج رکھوں تو دولت نہیں رھتي * وزیر نے عرض کي خداوند دولت جمع کیجئے جو فوج نہ رھیگي تو کچھہ نقصان نہیں - کیونکہ جب ضرور هوگي رکھہ لیجئیگا * جو میري بات کا آپکو اعتبار نہو تو اسکي یہہ دلیل هی - کہ ایک برتن میں تھوڑا شہد رکھوا دیجئے ابھي هزاروں

مکّھیاں گرد اُسکے آ جمع ھونگی * جونھیں شھد کا باسن رکھوا دیا
لاکھوں مکّھیاں بات کہتے ھي اُسکے آ پتیاں * تب اُسنے کہا
که دیکھئے حضرت جو فدوي نے عرض کي تھي سو آپ نے
دیکھا * پھر میر بخشي نے کہا اگر میري عرض سنئے تو فوج
رکھئے جو وقت پر کام آوے اُسوقت مال ھرگز کچھه فایده
نه کریگا۔ اگر آپکو یقین نھو تو میري بات کو اِمتحان کرلیجئے *
ایک ھانڈي میں شھد رات کو اِس جگھه رکھوا دیجئے جو
مکّھیاں اُسپر آ لگیں تو میري بات جھوتھه اور جو نھیں تو
سچ ھی * اُسکے کہنے بموجب رات کو شھد کا باسن جو
رکھوایا تو ایک مکّھي بھي نه آئي * خُلاصه اِسکا یھه ھی
جب اپني فوج اپنے قبضے سے گئي پھر روز سیاه میں
مال بھي خرچ کیجئے تو ویسي مُیسّر نھوگي *

۱۵ حکایت

The diligent and indolent Scholar.

دو لڑکے نوجوان ایک ھي ساتھه علم سیکھنے لگے *
ایک لڑکا اُن میں بہت اچّھا نیک بخت تھا اُستاد جو
سبق اُسے پڑھا دیتا سو یاد کرلیتا اور اپني کتاب اپنے گھر
میں پڑھا کیا کرتا * دوسرا غافِل بڑا شریر تھا جو اپنے ھم
عُمرکي محنت پر ھنسا کرتا تھا اور ھمیشه یھه بات اپنے
ھم مکتب سے کہا کرتا تھا که تو گدھا ھی * وه اُسے اکثر یھه

جواب دیا کرتا یار تھوڑے دِنوں میں دیکھا چاھئے کیا ھو *
آخر اِمتحان کا روز آپہنچا اُن دونوں کو علم کے دریا میں
پیرنے پڑا * دانا لڑکے نے اُس احمق کو بہت پیچھے جہالت کے
گِرداب میں شرم سے ڈوبتے ہوئے چھوڑا اور پُکارنے لگا ای
یار جو تُمھارے خیال میں بے وقوف نظر آتے ھیں سو وے
اکثروں کے نزدیک عقلمند ھو نِکلینگے اور جو ایسے وقت تُمنے
سیکھا تو تُمھارے کام نہیں آنے کا- لاحاصل ھی * اگر اپنے
ھم جولي پر اب ھم بھي ٹھٹھے ماریں تو ھماري بازي ھوتي
موافِق اُس مثل کے کہ جو جیتے سو ھنسے * لیکن داناؤں کے
نزدیک نِہایت بعید ھی کیا دوستي اور کیا عقل سے
ایسي حالت میں افسوس کي جگہہ تضحیک کرنا * اب
میں اپني بات کو موقوف کرونگا اُس نصیحت اور کہاوت سے
کہ ھونا ایک خوبي کا دیر کر بِہتر ھی نہ ھونے سے
اور جِتني جلدي ھوسکے بُرے کام کو چھوڑ کر بھلے کي طرف
آنا اچّھا ھی *

٦٢ حِکایت

Money regained by Artifice.

ایک دانشمند هزار دینار ایک عطّار کو سپُرد کرکے سفرکو
گیا - ایک مُدّت کے بعد پھر آیا اور روپئے عطّار سے مانگے *
عطّار نے کہا تو جھوٹھا ھی * آخر گُفتگو بڑھي بہت لوگ

جمع هو گئے * سبھوں نے دانشمند کو جھوٹھا ٹھہرایا اور کہا
کہ یہہ عطّار بڑا دیانت دار هی اُسنے کبھي خیانت نہیں
کي - اگر تو اُس سے اُلجھیگا تو سزا پاویگا * دانشمند چُپ رها
اور سوال اُس مطلب کا بادشاہ کو گذرانا * بادشاہ نے فرمایا
که تین روز اُسکي دوکان پاس بیٹھہ اُس سے کُچھہ نه کہه
چوتھے دن میں اُس طرف آؤنگا اور تُجھه سلام کرونگا سلام کے
جواب سوا مُجھه سے کُچھه نه کہیو - جب میں وهاں سے
چلا جاؤں عطّار سے روپئے مانگیو اور جو کُچھه وہ کہے مُجھکو اطلاع
کریو * دانشمند نے ویساهي کیا چوتھے روز بادشاہ کي سواري
اُدھر گئي دیکھتے هي بادشاہ نے دانشمند کو سلام کیا - اُسنے
سلام کا جواب دیا * بادشاہ نے کہا که ای بھائي کبھو میرے
پاس نہیں آتا هی اور مُجھه سے کُچھه اپنا حال نہیں کہتا *
دانشمند نے ذرا سر هلایا اور کُچھه نه کہا * عطّار دیکھتا تھا اور
ڈرتا * جب بادشاہ کي سواري نکل گئي عطّار نے دانشمند سے
کہا که جسوقت تُمنے مُجھه روپئے سونپے تھے میں کہاں تھا کوئي
اور بھي میرے نزدیک تھا پھر کہو شاید میں بھول گیا هوں *
دانشمند نے پھر سب ماجرا بیان کیا * عطّار نے کہا که تو سچ
کہتا هی اب مُجھے یاد آیا * حاصل کلام کا یہه هی که اُسنے
هزار روپئے دانشمند کو دیئے اور بہت عُذر کیا *

۴۳ حکایت

The dutiful Youth rewarded.

ایک بادشاہ نے ناگہاں اپنے خدمت گارکو پکارا - جب آواز کسي کي نہ پائي تب دروازہ کہول کرباہر گیا - ایک چھوٹے لڑکے کو کہ اسکا نوکر تہا دیکھا - اسکے پاس گیا کہ اسکو جگا دیوے * کیا دیکھتا ہی کہ ایک لکھا ہوا کاغذ اسکي جیب میں پڑا ہی * بادشاہ متعجب ہوا کہ دیکھوں اس کاغذ میں کیا لکھا ہی اس کاغذ کو جیب سے نکال کر دیکھا کہ اسکي ماکا خط ہی اور یہہ بات لکھي ہی کہ برخوردار میرے تمنے بڑي تصدیع اٹھا کر اپني تنخواہ سے تھوڑے روپئے همکو بھیجے نہایت سعادت مندي کہ فرزند ونکو لایق ہی تم بجالائے خدا تمکو اسکا عوض دیگا * بادشاہ اسکو اپنے کمرے میں لے گیا اور ایک کاغذ میں کئي اشرفیاں لپیٹ کر اسکي جیب میں رکھہ دیں اور اسے چلاکے پکارا کہ اٹھہ بیٹھا * بادشاہ نے کہا تم ایسے بے خبر سو جاتے ہو * لڑکا کچھہ جواب نہ دیسکا اور جب اسنے اپني جیب میں ہاتھہ ڈالا تو خط میں لپٹي ہوئي اشرفیاں پاکر نہایت حیران ہوا اور خوف سے بادشاہ کے پاوں پرگر پڑا اور اشرفیاں دیکھہ کر رونے لگا * بادشاہ نے کہا کہ تم کیوں روتے ہو * لڑکے نے کمال عاجزي سے جواب دیا کہ اي بادشاہ کسي آدمي نے میري ہلاکت کے لئے یہہ کام کیا ہی * میں

نہیں جانتا کہ یے کیسی اشرفیاں ہیں * بادشاہ نے تسلّي کر کے کہا کہ ای عزیز خُدا نے یہہ اشرفیاں تجھکو دي ہیں عوض اُس نیکی کے کہ تو نے کي ہی - اِن اشرفیوں کو اپني ما پاس بھیج اور میں تیري ما کي خبر گیري کرونگا یہہ بات اُسکو لِکھہ بھیج *

۶۴ حکایت

Damon and Pythias.

دائنسیاس نامی بادشاہ سیرا کوس کے مُلک کا ہمیشہ بُرے کام کیا کرتا تھا * ایک روز یہہ معلوم کرکے کہ ڈامن تقصیروار اور قابل پھانسي دینے کے ہی اُسنے ڈامن سے کہا کہ تُمھارا جُرم ثابت ہوا تُم پھانسي دیئے جاؤگے * ڈامن نے بادشاہ سے کہا کہ میں چاہتاہوں ایک نظر اپنے لڑکے بالوں کو دیکھہ لوں کیونکہ مرنے کے بعد پھر دیکھنے نہ آونگا ذرا فُرصت مِلے تو گھر جاؤں * بادشاہ نے کہا کہ ہمکو کیونکر یقین ہو کہ تُم گھر سے پھر آوگے * اُسنے جواب دیا کہ اگر آپکو یقین نہیں ہوتا ہی تو میں پیتیاس اپنے دوست کو اپنے عوض چھوڑ جاتا ہوں یہہ قرار کرکے وُہ اپنے گھر چلا گیا * قبل اُسکے پھرنے سے بادشاہ قیدخانے میں گیا اور پیتیاس سے کہا کہ تُمنے ڈامن کي بات پر اِعتماد کیا احمقي کي کیونکر جانتے ہو کہ وُہ تُمھارے لئے اپني جان دیگا * پیتیاس نے جواب دیا کہ ای ہمارے

بادشاہ ہم ہزار بار مرنے سکتے ہیں اپنے دوست کے واسطے
اگر پورا نہ کرے اپنے وعدے کو* اور ڈامن ہرگز عہد شکنی
نہ کریگا وہ مسلّم آویگا اور ہم نہیں مرینگے * مگر ہم خدا سے
دعا مانگتے ہیں کہ ہمارے دوست کي جان بچے اسطرح
کہ وہ یہاں پھر نہ آسکے * جب تلک کہ ہم جیتے ہیں شاید
کوئي اسکا مانع ہو رستے میں کہ وہ نہ آوے اور نہ مرے
کہ اڑکے بالے اسکے عاجز ہوں* ہمارے مرنے سے کچھہ نقصان نہیں
ایسا ہو کہ وہ جیتا رہے * بادشاہ یہہ گفتگو سنکے متعجب ہوا
جب کہ ڈامن وقت معیّن پر نہ آپہنچا اور جلّاد آئے - اور پیتیاس
کو قید خانے سے باہر لائے - تب وہ نہایت خوشي سے پھانسي کي
لکڑي پر چڑھا اور ہاتھونسے دیکھنے والوں کو اشارہ کرتا تھا
کہ ہم جانتے ہیں خدا بہت راضي ہی ہماري دعا قبول
ہوئي کوئي سبب ہو کہ ڈامن آنے نہ سکے خدا نے اسکو
منع کیا * وہ اس سبب کے دفع کرنے کي طاقت نہیں رکھتا
جب ہمارے قتل کے بعد وہ آویگا تو جئیگا * یہہ نہایت ہماري
خوشي ہی اور کمال خواہش * جب پیتیاس نے یہہ کہا
وہاں بھلے برے سب قسم کے لوگوں نے رونا شروع کیا * اور
جلّاد جونہیں اٹھا کہ اتنے میں ڈامن جلدي سے آپہنچا گھوڑے سے
اترا اور پھانسي کي لکڑي پر چڑھہ گیا پیتیاس سے گلے ملا
اور بولا کہ ای دوست خدا کا شکر ہی کہ اسنے تجھکو بچایا

سب بُرائیوںسے * پیتیاس نے کہا کہ ای دوست تُم کیوں آئے یہہ تُمھارے واسطے بہُت بُرا ہوا * ڈاونسیاس سُنکر حیران ہوگیا اور اُسکے دِل کي آنکھیں کُھل گئیں اور جي میں رحم آیا اپنے تخت سے اُترکے پھانسي کي لکڑي پاس گیا اور کہا کہ ھمنے ایسي دوستي کبھي نہیں دیکھي تُم سب جنیو کہ نیک بخت بندے ہو خُدا کے * خالِق نے تُمکو یقین کا عوض دیا اور راست باز مشہور کیا * اب ایک شمّہ اپني دوستي کا ھمکو تعلیم کرو اچّھي طرح کہ اللہ تعالی ھمکو بھي ارباب یقین میں داخِل کرے *

CHAPTER IV.

MORAL STORIES.

۱ نقل

The Physician and his Patient.

نقل هی کہ ایک شخص کسي طبیب کے پاس آیا *
پیٹ کے درد سے بے قرار ہوکر زمین پر لوٹنے اور بیتابي سے
نالہ کرتے ہوئے دوا مانگنے لگا * طبیب نے اسکے همراهیوں سے
پوچھا کہ اسنے آج کیا کھایا هی * کہا جلي روٹي کا ٹکڑا *
اسنے فرمایا کہ دوا جو آنکھہ کي بصارت کو زیادہ کرتي هی
لاؤ تا اس بیمارکي آنکھوں میں لگاؤں * وہ چلایا کہ ای
طبیب یہہ کون سا مقام خوش طبعي اور هزل کا هی *
میں پیٹ کے درد سے چلاتا هوں اور تو آنکھوں کي دوا بتاتا هی *
آنکھہ کي دوا درد شکم سے کیا علاقہ رکھتي هی * طبیب نے
کہا میں چاهتا هوں کہ تیري آنکھیں روشن هوں تاکہ سیاہ
اور سفید میں تفاوت کر سکے * پھر کبھي جلي هوئي روٹي
نکھاوے - پس تیري آنکھوں کي دوا پیٹ کے علاج سے واجب
ترهی *

٢ نقل

The Arab and the Baker.

نقل هی که ایک عرب بدوي شهرِ بغداد میں آیا اور گِردے روٹي کے نان بائي کي دوکان میں دیکھکر مُضطرِب هوا * بیچارہ صِرف بو سے جیتاتها جب که روٹي کا مُنهه دیکها صبر کا گریبان چاك کرکے نان بائي کے پاس گیا اور کہا ای خواجه میرے پیٹ بهر روٹیاں کِهلاویگا کیا لوگے * اُسنے اُس جوان کو اوروں کے مانند خیال کیا که کتنا کهاویگا اگر بہُت بهوکها هو تو دو تین روٹیوں سے زیادہ نه کها سکیگا * بولا ای عرب تو آدها دینار دے اور جِتني چاهے کها * عرب نے آدها دینار دیا اور دجلے کے کنارے بیٹها نان بائي روٹیاں نِکال نِکال دیتاتها اور وہ پاني میں بِهگو بِهگو کر کهاتا تها * روٹیاں آدهے دینار کي قیمت سے گُذر کر چار دانگ تلك پهُنچیں بلکه اُس سے گُذر کر دینار کي نوبت آئي * نان بائي بے اختیار هوکر بولا ای عرب کِتني کهائیگا * اُس نے جواب دیا که جب تلك یِهه پاني بهیگا میں کها تا جاؤنگا * حاصِل اِس داستان کا یِهه هی که جب تلك زِندگي باقي هی خوف اور احتِیاط سے باز نه آئیگا *

۳ نقل

The Persian and the Merchant.

نقل هی که ایک مرد پارسا کسي سوداگر کے همسائے میں رهتاتها اور اسکي بدولت پارسا کي اوقات خوشي اور کامراني میں گذرتي تهي * سوداگر همیشه شهد اور گهي کي تجارت کیا کرتا اور هرروز اس میں سے تهوڑا پارسا کے یہاں بهیجتا اور وه اس میں سے کچهه خرچ کرتا اور باقي گهڑوں میں رکهتا جاتا * ایکدن گهڑوں کو بهرا دیکهه کر سوچا که اگر یهه دس سیر هو دس درم کو بیچونگا اور اپنا سرانجام کرونگا اور اس زر سے پانچ بکریاں مول لونگا وے چهه چهه مهینے میں جنینگي اور هرایک کے دو دو بچے هونگے هرسال پچیس بچه هونگے دس برس انکے بچوں سے کئي گلے هو جانگے ان میں سے بعضوں کو بیچونگا اور اس سے اوقات بسري کرونگا * اور ایک رنڈي کسي بڑے گهرانے کي ڈهونڈهه کر اس سے بیاه کرونگا نو مهینے کے بعد ایک لڑکا پیدا هوگا * تب اسکو تربیت کرونگا اور علم اور ادب سکهاؤنگا اگر کبهي بے ادبي کریگا تو اسي عصا سے جو میرے هاتهه میں هی اسے ادب دونگا * غرض اس خیال میں بے ادب لڑکے کو اپنے سامهنے حاضر جان کر عصا اٹها شهد اور گهي کے گهڑوں پر مارا * وے طاق پر دهرے تهے اور آپ نیچے اسکے مقابل بیٹها تها جونهیں عصا ان پر

اُکھاڑے ٹوٹ گئے * تمام شہد اَور گھي اُسکے سِر اَور مُنھ اَور ڈاڑھي اَور کپڑوں پر پڑا اَور وے سب خیال ایکبارگي جاتے رہے *

۴ نقل

The Huntsman and the Fox.

نقل هی که کوئي شِکاري ایک دِن کِسي جنگل میں چلا جاتا تها * ایک لومڑي نِهایت خوب صورت خوش آیند نظر آئي * شِکاري کو پشم اُسکے بهُت خوش آئے * خیال کرلیا که گویا بڑي قیمت میں اُسے بیچا هی * لومڑي کے پیچھے چلا اَور بِل سے اُسکے مُطّلع هوا * اُسي کے نزدیک راه میں ایک کوا کهود کر کوڑے سے چھپا دیا اَور ایک مُردار اُسکے اوپر رکھه آپ گهات میں جا بیٹھا * لومڑي کو اِس مُردے کي بو کهینچ کهینچ کوئے پر لائي پر سوچ میں تهي که اگرچه طعمے کي بو دماغ کو مُعطّر کرتي هی لیکن بلا کي بو بهي دور اندیشي کے مغز میں پهُنچتي هی * اگرچه هوسکتا هی که کوئي موا جانور هو پر یِهه بهي مُمکن هی که اِسکے نیچے دام لگایا هو- اَور دانا جِس کام میں اِحتِمال زِیان کا هو وُه نهیں کرتے هیں * آخر لومڑي دوراندیشي کي مدد سے مُردے کا خیال چھوڑ سلامت رهي * اِس میں ایک بهوکها چیتا پهاڑ پر سے اُترا اَور اُسکي بو پر اپنے تئیں کوئے کے اندر گرایا * شِکاري نے جب آهٹ دام کي اَور جانور کوئے کے اندر گِرنے کي سُني

کمال حرص کے مارے اپنے تئیں معاً کوئے کے اندر گرایا * چیتے نے اس خیال پر کہ وہ شکاري مجھے اس مردے کے کھانے سے باز رکھیگا جست کي اور صیّاد کے پیٹ کو پھاڑ ڈالا * غرض وہ لالچي شکاري حرص کي شامت سے دام میں پھنسا اور قانع لومڑي نے ھلاکت سے مخلصي پائي *

نقل ۵

The Dervaish and the Confectioner.

نقل ھی کہ ایک درویش دانا جسکا طریقہ قناعت تھا بازار میں گیا * ایک حلوائي نے جو فقیر کي چاشني سے کچھہ بھرہ رکھتا تھا اس عزیز سے التماس کي کہ ایکدم میري دوکان میں ٹھہرئے تا آپکي نصیحت آمیز باتوں سے میں فائدہ مند ھوں * وہ مردِ خدا شناس دِل نوازي سے وھاں بیٹھا * حلوائي نے ایک طشت شھد سے بھرکر درویش کے آگے رکھا * مکھیاں جو طور اُن کا ھی کہ مٹھائي پر جمع ھوتي ھیں ایکبارگي اُسپر گریں بعضے کنارے پر بیٹھیں اور بعضے درمیان میں * حلوائي نے چوري ھلائي تا مکھیوں کو ھانکے - وے جو کنارے تھیں سہج سے اُڑ گئیں اور وے جو بیچ میں تھیں جب اُنھوں نے چاھا کہ اُڑیں شھد اُنکے پروں میں لپٹ گیا اور دام ھلاکت میں پھنسیں * درویش اِس احوال کو دیکھکر خوش ھوا اور خدا کے شکر میں مستغرق * جب بحال

آیا حلوائي نے اُس سے سبب خوشي کا پوچھا * اُسنے کہا ای بھائي میں اِس طشت کو دُنیا اور شہد کو دُنیا کي نعمتیں اور مکھیوں کو شکم پرور نعمت خواروں کي مانند سمجھا * اور اُنھیں جو طشت کے کنارے بیٹھیں تھیں مردانِ آزاد کہ تقدیر کے حُکم سے دُنیا میں آئے پر اِسمیں جي نہ لگائے اور تھوڑے پر قناعت کي اور دُنیا کو ناچیز جانا * اور جانیو کہ جب چوري موت کي ہلے جنھوں نے اپنے دل کو تھوڑاسا اُسکے عشق میں آلودہ کیا ہی وے سمجھیں اِس بلا کے دام سے چھوٹینگے - اور جنھوں نے تمام ہمّت اپني دُنیا میں صرف کي ہی اور اُس تلخ مٹھاس نے اُنکے مزاج کو خُدا کي راہ سے پھیرا ہی آخر وے رُسوا ہونگے *

٦ نقل

The Oppressor punished.

نقل ہی کہ اگلے زمانے میں ایک ظالم تھا کہ غریبوں کي لکڑیاں ظلم سے مول لیتا - اور جتنے مول کي ہوتیں اُس سے قیمت بہُت کم دیتا - اور آپ مہنگي کرکے دولتمندوں کي سرکار میں بیچتا * غُربا اُسکے ظُلم سے عاجز ہوئے تھے اور دولتمند بھي تنگ آئے تھے * ایک دن اُسنے ایک مُحتاج بے بس کي لکڑیاں ظُلم سے مول لیں اور آدھي قیمت دي * وہ مظلوم خُداکي درگاہ میں آہ و نالہ کرنے لگا اِس میں

کسي صاحبدل نے اِس احوال سے مُطّلع هوکر اُس ظالم کو نصیحت کي اور کہا ظُلم کرنا اور کسیکا حق مار رکھنا دون همّتي اور بے مُروّتي هی اِسکے سِوا ناخوشي خُداکي بهي هوتي هی * علاوه يهه که اِسي دُنیا میں سیکڑوں رُسوائي سے بدي کي سزا اُسے مِلتي هی - خُصوص اِن بیچاروں پر ظُلم کرنے سے جو سِواے درگاه خُداکے کوئي آسرا نہیں رکھتے هیں* ایسي بد سلوکي نکر که اِس حال سے شِتابي بلامیں گِرفتار هوگا * وُه ظالم جو شراب غفلت کا نِشا اپنے دماغ میں رکھتاتها اُسکي راست گوئي اور نیک اندیشي سے برهم هوکر بولا که اِن باتوں سے مُجھے درد سر ندے - اور اِن افسانوں سے رنجیده نکر اور خفا هوکر اپنے گهر گیا * ازبسکه مآل کار ظالموں کا اچّها نہیں هی * قضاء الهي سے اُسي رات لکڑیوں کے ڈهیر میں آگ لگي - اور وهاں سے گهر تلک پہنچي جوکُچهه اسباب تها جلکر خاک هوگیا * فجرکے وقت اپنے دوستوں میں بیٹهکر افسوس مال کا کرتاتها اور کہتاتها که يهه آگ کہاں سے لگي * وُه درویش که جسنے اگلے روز نصیحت کي تهي وهاں آیا اور کہا اى ظالم اب تلک تونے نہیں معلوم کیا هی که يهه آگ مُظلوموں کے دِل کے دهوئیں کي هی * اُسکے جو طالِع یار تهے اِس بات نے دِل میں اُسکے تاثیر کي شرمنده هوکر کہنے لگا سچ هی که بیج ظُلم کا جو

میں نے بویا تھا اسکا ثمرہ مجھے ملا * آخر اس زبردستي سے درگذرا اور ظلم چھوڑ دیا *

۷ نقل

The Gardener and the Nightingale.

نقل هی که کسي کسان کا ایک پھولا پھلا باغ تھا * گوشۂ چمن میں ایک جھاڑ گلاب کا تھا نہال کامراني سے تازہ اور درخت شادماني سے هر ایک شاخ اسکي زیادہ * هرصبح پھول کھلتے اور باغبان انہیں دیکھہ کر خوش هوتا * ایک روز پھولوں کا تماشا دیکھنے کو نکلا تھا ایک بلبل کو دیکھا که منھه کو گل کے صفحے پر رکھکے چہچہے مار رهي تھي - اور اسکي رنگین پتّیوں کو اپني تیز چونچ سے توڑتي تھي * باغبان گل کي پریشاني دیکھه بے صبر هوا - اور بلبل سے رنجیدہ هوکر فریب کا جال راہ میں بچھایا - اور حیلے کے دانے ڈال کر اسے پکڑ پنجرے میں بند کیا * اس بیدل بلبل نے طوطي کے مانند زبان کھولي اور کہا ای عزیز مجھه آزردہ خاطر کو کیوں قید کیا تو نے - جو میري خوش آوازي تجھے اس بات پر لائي تو میرا آشیانه تیرے هي باغ میں هی * اگر کوئي اور بات تیري خاطر میں آئي هو اس سے مجھے اطّلاع کر تو صبر کر چپ رهونگي * کسان نے کہا نہیں جانتي هی که تو نے میرا کیا احوال کیا اور گلوں پر جو وسیله میري زندگي کا هی

کیا خرابي لائي اور مجھے بسبب اسکے کیسا آزردہ کیا * بلبل بولي اِس بات سے درگذر اور سوچ تو سہي که میں اِتنے قصور سے جو ایک گل کو پریشان کیا پنجرے میں بند هوئي - اور تو جو دِل کو رنجیدہ کرتا هی تیري حالت کیا هوگي * اِس بات نے اسکے دِل میں اثر کیا بلبل کو آزاد کر دیا * بلبل اسکا شکر ادا کر کے بولي جب تو نے مجھ سے نیکي کي تو البتّه میں بھي اسکے بدلے بھلائي کروں * معلوم کر جِس درخت کے نیچے تو کھڑا هی یہاں ایک آفتابه اشرفیوں سے بھرا هوا گڑا هی نِکال کے اپنے کام میں لا * کِسان نے جب وہ جگہه کھودي اور بلبل کي بات سچ هوئي کہا ای بلبل عجب هی که آفتابه زمین کے نیچے تجھے نظر آیا اور دام خاک کے اوپر تو نے نه دیکھا * بلبل نے جواب دیا تو نہیں جانتا هی جب قضا پہنچے نه دیدهٔ دانش میں روشني رهے نه تدبیر عقل کي کچھه فایدہ کرے *

۸ نقل

A mortal Life with Society preferable to Immortality without it.

نقل هی که حضرت سلیمان کي حکومت کے ایّام میں که وے تمام جانداروں کے کیا آدمي کیا سیوا ے انکے بادشاہ تھے * انکے حضور ایک دانا عالم غیب سے پیاله آب حیات کا بھرکر لایا اور عرض کي که اِلهام سے مجھه پر یوں کھلا هی که

اگر آپ اِس پیالے کو نہ پیویں جلد اِس جہان سے رُخصت ہوویں اُور جو پیویں عُمر دراز ہو* اب یِہہ پیالہ آبِ حیات سے بھرکر لایا ہوں جي چاہے پیجئے اُور قیامت تلک زیست کیجئے یا نہ پیجئے اُور مُلک عدم کو کوچ فرمایئے* حضرت سُلیمان دِل میں اپنے سوچے اِس کام میں عقلمندوں سے مشورت کیا چاہئے* حسبُ الحُکم اُن کے دانا اُور دور اندیش ہر گروہ کے کیا اِنسان کیا حیوان سب حاضِر ہوئے اُس مخفي بھید کو اُن سے ظاہِر کیا تب ہر ایک نے زِندگي کے لئے دِل پسند باتیں کہیں* حاصِل اُنکا یِہہ ہی کہ نقدِ عُمرِ رُوہ دولت ہی کہ بمدد عقل کے اُس سے خوبیاں بہم پہُنچائیے اُور رضا خُداکي حاصِل کیجئے* غرض سب کي راے یِہي ٹھہري کہ حضرت پیالہ آبِ حیات کا پیویں* سُلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے مُلک کے داناوں سے کوئي ایسا ہی جو اِس مشورت میں حاضِر نہیں ہی* سبھوں نے عرض کي کہ فُلانہ بُگلا نہیں ہی* حضرت نے گھوڑے کو اُسکے بُلانے کے لئے بھیجا اُسنے ایک گوشے پر قناعت کرکے خلق سے مِلنا ترک کیا تھا گھوڑے کي بات نماني اُور باہِر نہ نِکلا* دوسري بار کُتّے کو بھیجا کہ اُسے لے آ - بگلا اُسکے کہنے سے حضرت کي بارگاہ میں حاضِر ہوا* حضرت نے فرمایا کہ تُجھے ایک مشورت کے واسطے بُلایا ہی - تب آبِ حیات پینے کا ذِکر درمیان لائے*

اُسنے کہا آب حیات آپ هي اکیلے پیوینگے یا دوستوں خیرخواهوں کو بهي پلاوینگے * حضرت نے فرمایا کہ صرف میرے لئے آیا هی اوروں کے دینے کي اجازت نہیں هی کیونکر دوں * اُسنے عرض کي ای جہاں پناہ همدم اور دوستوں سے جُدا هوکر زندگي کرني کیا کیفیت رکهتي هی - آپکو خُدا نے دُنیا میں سردار کیا هی بغیر مددگاروں کے کوئي کام سرانجام نهوگا * حضرت نے اُس سچے دور اندیش کي بات پر آفریں کي اور آب حیات پهیر دیا *

۹ نقل

The Merchant and his Friend.

نقل هی کہ کوئي تت پونجیا سوداگر سفر کو جاتا تها سو من لوها کسي دوست کے گهر میں امانت رکها کہ تنگدستي کے وقت موجب فراغت کا هو * جب دور دراز سفر کرکے مدت کے بعد گهر کو آیا اور لوها مانگنے دوست کے پاس گیا وہ بیچ کر تصرف میں لایا تها کہنے لگا کہ ای بهائي تیرے لوہے کو میں نے گهر کے کونے میں رکها تها اور اِس بات سے میں غافل تها کہ اُس کونے میں چوہے کا بِل هی - جب تلک معلوم هو چوها فرصت پاکر سب کا سب کها گیا * سوداگر اِس بات کو جهوتهہ سمجهہ کر کوئي تدبیر سوچتاتها اور بظاهر کہتاتها کیا بعید هی چوهے کو تو لوہے سے کمال

اُلفت هی اور دانتوں سے وہ لوھا چبا سکتا هی * وہ جهوتها
اِس بات سے خوش هوا اور دِل میں کہا کہ یِہہ بڑا نادان هی
کہ میری باتوں پر بهول گیا اور لوہے سے دست بردار هوا۔
بہتر هی کہ اپنے کام کی مضبوطی کے لئے اُسکی آج کے روز
ضیافت کروں * تب اُسکو گهر میں لیگیا اور دعوت کی تیّاری
کرنے لگا * سوداگر نے کہا کہ آج مُجهے ضرور کام هی کل آونگا *
غرض اُسکے گهر سے چلا اور اُسکے چهوٹے لڑکے کو چُرا اپنے گهر
لیجاکر چِهپا رکها * فجر وعدے پر دوست کے گهر آیا اور اُسکو
پریشان دیکهہ کر پوچها ای بهائی تُم کیوں گهبرائے هوئے هو *
کہا کل سے بیٹا میرا جو نور چشم اور سرور دِل تها غایب هوا هی
بہتیرا ڈهونڈها کُچهہ پتا نپایا * بولا کل جو میں تُمهارے گهر سے
نِکلا اُسی شکل کے ایک لڑکے کو جو تُم بتاتے هو میں نے دیکها
کہ ایک چوہےمار اُٹهائے اُڑا چلا جاتا هی * تب وُہ چِلّایا کہ
ای بیوقوف نا مُمکن بات کیوں زبان پر لاتا هی * موش گیر
لڑکے کو کیونکر لے اُڑیگا * سوداگر نے هنسکر کہا اِس سے کُچهہ
تعجّب نکر کیونکہ جِس شہر کا چوها سو من لوها کهاتا هی
وهاں کا چوہے مار بهی ایک لڑکے کو اُٹها سکتا هی * اُسنے
حقیقت دریافت کی اور کہا کُچهہ اندیشہ نکر چوہے نے تیرا
لوها نہیں کهایا هی * جواب دیا کہ تو بهی پریشان نہو
کہ موشگیر تیرے لڑکے کو نہیں لے گیا هی * اُسنے کہا خیر میرا
لوها مُجهے دے اور اپنا لڑکا تو لے *

۱۰ نقل

The tyrannical King.

نقل هی که اگلے زمانے میں ایک بادشاہ نے دست ظُلم کا دراز کیا تھا اور قدم عدالت کي راہ سے باہر رکھا تھا * رات دِن لوگ ظلم سے اُسکے خُداکي درگاہ میں نالاں تھے اور اُسے لعنت کرتے تھے * ایک دِن بادشاہ شِکار کو گیا اور بہ سبب اِسکے کہ فضل الٰهي شامِل حال تھا ایسے ایک مَیدان میں جہاں بے تعلُّقي کا عالم تھا اُسکو اِلہام ہوا * بادشاهي نہ عبارت هی اِس سے کہ دروازہ عیش و کامراني کا اپنے اوپر کھولے - بلکہ بادشاہي پاسباني هی کہ اوروں کے رنج کو اُٹھاکر خلایق کي نِگاهباني کرے اور ظالِموں کے دستِ ظُلم کو مظلوموں کے دامن سے کوتاہ کرے * جب شِکارگاہ سے بارگاہ کي طرف چلا اور مَیدان سے شہر میں پہُنچا خِلقت کو بُلاکر فرمایا کہ اي گروہ اب تک میرا دیدۂ دل حق بیني سے بند تھا آج اِلہام سے میں نے دریافت کیا اور خواب غفلت سے جاگا * اُمّید وار هوں کہ آج کے دِن سے کِسي ظالِم کا دستِ ظُلم رعیّت پر نہ پہنچے اور کِسي جفاکار کا پانوٗ کسي غریب کے گھر کے گِرد نہ جاوے * حاجِبوں کو فرمایا کہ یہہ خوش خبري شہر کے چھوٹے بڑوں کو پہُنچا دو * اِس منادي سے رعیّت کي جان میں جان هوئي اور گُل مُراد کے آنکي اُمّید واري کے

باغ میں کھلے * القصه مظلوم نوازي وظلم گدازي اُسکي کمال
مرتبے پر هوئي اور عدالت اُسکي ایسي پهیلي که بکري کا
بچه شیرني کے تهن سے دودهه پیتا اور تدرو باز کے ساتهه بازیاں
کرتا * اِسواسطے لقب اُسکا شاهداد هوا * درگاه کے محرم رازوں
میں سے کسي نے پوچها که اگلے آئین کو چهوڑ طریق عدالت
کي شروع کرنے کا سبب کیا هی * بادشاه نے ماجرا بیان کیا
اور کها که سبب اِس غفلت سے بیدار هونے کا اور هشیاري کا
یهه هی که ایک روز شکارگاه میں هر طرف گهوڑا دوڑاتا تها
اور نظر کرتا تها اچانک دیکها میں نے که ایک کتا کسي
لومڑي کے پیچهے دوڑتا هی اور دانتوں سے هڈّي اُسکے پاؤں کي
چابتا هی - بیچاري لومڑي لنگڑے پاؤں سے غار میں بهاگ
گئي اور کتا پهرا * وهیں ایک پیادے نے پتّهر کتے کو مارا
که پاؤں اُسکا ٹوٹ گیا * پیاده هنوز کئي قدم نه گیا تها که
گهوڑے نے ایک لات جو پاؤں پر اُسکے ماري تو اُسکي بهي ٹانگ
ٹوٹ گئي * وه گهوڑا بهي دور نه گیا تها که پاؤں اُسکا کوچي میں
آگیا اور ٹوٹ گیا * تب میں مستي سے هوش میں آیا اور
دل سے اپنے کها دیکها تو نے اِن سبهوں نے کیا کیا کام کئے اور
کیا کیا پائے * خبردار هو که تجهے دکهلاتے هیں که جو کوئي
وه کام کرے که لایق اُسکے نهیں وه ایسا کچهه دیکهے جو نه دیکها
هو * آخر میں غفلت سے باز آیا اور توفیق کا دروازه مجهه پر کهلا *

١١ نقل

The Farmer and the Mice.

نقل هى كِسي زميندار نے دور انديشي سے تهوڑا سا غلّه جمع كيا تها اور اُس ميں سے خرچ نه كرتا تها كه ضرورت كے وقت كام آوے * قضارا كوئي چوها اُس كهتے كے نزديك رهتا تها * هميشه زمين كو هرطرف سے كهودتا اور خارهِ شگاف دانتوں سے بِل اپني هرطرف سے بڑهاتا تها * اِتّفاقا ايك نيك ساعت ميں بِل كا سِرا جو غلّے كے درميان سے نِكلا تو وونهيں بهت سي روزي گهر ميں اُسكے پهيل گئي * بادهٔ فراغت نے اُس كم حوصلے كو دانش كي راه سے بهتكا كر مغروري و غفلت كا سرشار كيا * محلّے كے چوهے اِس احوال سے واقف هو اُسكي خِدمت ميں حاضِر هوئے ۔ اور كهانے پينے كے آشنا اُسكے پاس جمع هوكر خوشامديں كرنے لگے۔ اور اِس انديشے سے كه مبادا حق بات كے كهنے سے جاه و روزي ميں خلل پڑے كوئي بات اُسكے خِلاف مرضي نه كهتے ۔ اور اُسكي مدح و ثناكے سِوا كوئي حرف زبان پر نه لاتے * وه بهي ديوانے كي طرح لاف مارتا اور بيهوده خرچ كرتا اور آج كا خيال كل پر نه ركهتا * جب كِتنے روز گذرے اور كال پڑا زميندار نے كهتے كا دروازه كهول كر ديكها كه اُس غلّے ميں نقصان هوا هى * ايك ٹهنڈهي سانس بهركر سوچا كه غمگين هونا واسطے اُس چيزكے كه جِسكي حسرت بيفايده هى دانش كے آئين سے نهيں * بِهتر هى كه

باقي غلّے کو اوْر جگہہ رکھوں * آخر زمیندار اُس قدرِ قابِل کو اوْر جگہہ لے گیا اوْر چوها اُس جگہہ میں جہاں کا مالِك اور رئیس اپنے تئیں جانتا سوْرها تها اوْر چوہے جوْ کهانے پینے کے آشنا تہے اِس حادثے سے واقف هوْکر جاتے رہے اوْر خُداوند نِعمت کو اپنے اکیْلا چهوْڑ گئے * سچ کہا جِسنے کہا کہ اِن دغاباز دوْستوں کو جوْ تو دیْکهتا هے وے مکّهیاں هیْں گِرد مِٹهائي کے * دوسرے دن وُہ چوها آرامگاہ سے اُٹهہ کر هر چند داهنے بائیں تکنے لگا یاروں سے اپنے کِسي کو نہ دیکها اور بہُتیرا آگے پیچهے تلاش کي مُصاحِبوں میں سے کِسي کو نہ پایا * اپنے مکان سے اُٹهہ مُصاحِبوں کي تلاش کو نِکلا تها کہ عالم کي پریشاني اوْر غلّے کي گِراني کي خبر پہُنچي مُضطربانہ گهر کي طرف چلا کہ ذخیرہ جو رکهتا هے اُسکي مُحافظت میں کوْشِش کرے * جب گهر میں پُہنچا توْ اُسنے غلّے کا کُچهہ نشان نہ دیْکها ۔ اُسي بِل کي راہ کهنے میں جوْ گیا توْ دیْکها کہ اِتنا غلّہ جوْ ایْك رات بهر کي خورش هوْسکے نہ تها ۔ تاب و طاقت اُسکي جاتي رهي اوْر مُضطرب هوْکر سِر پرُ سوْدا کو اپنے دیوار پر اِتنا پٹکا کہ پهوٹ کر مغز کُهل گیا اِسراف کي شامت سے هلاک هوا اوْر خاك میں مِل گیا * فائدہ اِس حِکایت کا یہہ هے کہ چاهئے خرچ آدمي کا آمد کے برابر هوْ اوْر جوْ پونجي اپنے پاس رکهتا هی سود سے اُس کا فائدہ اُٹهاوے *

---

١٣ نقل

The Revealer of Secrets punished.

نقل هی که اگلے دنوں میں ایک حاکم تھا که دُنیاکي مستي کے سبب عقلمندوں سے صُحبت کم رکھتا تھا - اور کمینے پست ھمّت خوشامد اور چاپلوسي سے اُسکے یہاں پیش ھوئے تھے * اُنمیں سے ایک کمینه رکابدار اُسکا مُعتمد ھوا تھا * ایکدن حاکم شکار کو گیا جسوقت نزدیک تھا که ڈیرے پہُنچے رکابدار سے کہا میں چاھتاھوں که تیرے ساتھه گھوڑا دوڑاؤں اور مُدّت سے یہي آرزو هی که معلم کروں که میرے مُشکي گھوڑےکي دَوڑ اچھي هی یا اُس نقرے کی جسپر تو سوار هی * رکابدارنے حسب الحُکم حاکم کے گھوڑا پھینکا * حاکم نے بھي اپنے تیزرو گھوڑےکي باگ اُٹھائي یہاں تلک که دونوں شکارگاہ سے دوڑکے نکل گئے * بادشاہ نے رکاب دبا کر باگ لي اور کہا اي رکابدار میري غرض گھوڑے دوڑانے سے یہه تھي که ایک ذکر میري خاطر میں گُذري تھي اِس بہانے سے خلوت کي تا که وہ راز تُجھه سے کہوں دیکھو کسي سے نه کہنا * رکابدارنے جیسا آئیں بدذاتوں کا هی بھید کے چھپانے میں قسمیں کھائیاں * حاکم نے فرمایا که میں اپنے بھائي سے فکرمند ھوں * آثار بداندیشي کے اُسکي پیشاني سے ظاھر ھیں اور مُجھے یقین هی که اُسنے میرے قتل پر کمر

باند هي هى * مَيں چاهتا هوں قبل اِسکے که اُسکي طرف سے مُجھے کُچھه آسيب پهنچے هستي آسکي که بات کا زورا هى نيست کروں اور باغ سلطنت کو اُسکے خارستان سے پاک چاهئے که تو هميشه اُس سے چوکنّا رهه اور ميري نِگاهبانی ميں اِحتياط کرے * رِکابدار نے عرض کي ميں کِس لائِق هوں که آپ کا محرم راز هو سکوں * پرجب بادشاه نے مُجهه پر نوازِش فرمائي اُمّيد هى که خِدمت بجالاوُں اور راز چهپاوُں * از بسکه بدذاتي اُسکي طينت ميں تهي يِهه بات سُنتے هي خيال بيوفائي کا اپنے جي ميں لايا اور فُرصت کا وقت پاکر حاکم کے بهائي کے پاس جا يِهه ماجرا کہا * اُسنے ممنون هو کر اُسے خوش کيا اور کہا اُمّيد وار رہ که هر وقت تو سرفراز هوگا - اور نيک تدبيروں سے اپنے تئيں بهائي کے هاتهه سے بچانے لگا * قضارا اُس حاکِم کي بهارِ دولت خِزاں پر آئي اور شگوفه اُمّيد کا نِهال زِندگي سے جهڑ گيا * جب سرير دولت بهائي کي شکوه سلطنت سے خالي هوا اُسنے پانو تخت شاهي پر اور تاج شهرياري سِر پر دهرا * پهلا حُکم جو اُس شاه کي زبان سے نکلا اُس رِکابدار کے قتل کا تها * بيچارے نے عرض کي ميں جو آپ کي دولتخواهي کي تهي اُسکي جزا يِهي هى * بادشاه نے فرمايا سب گُناهوں سے بد تر اِفشاء راز هى - اور تُجهه سے يِهه تقصير هوئي - هرگاه تو نے بهيد

میرے بھائي کا که تو اُسکا محرم راز تھا پوشیده نکیا مُجھے تُجھه پر کیا اِعتماد هی * غرض رکابدار نے بهتیري اِضطرابیان کیں فائده نهوا اور اُسنے سزا پائي * حاصِل اِس داستان کا یِهه هی که اِظهار راز کا ثمره نیک نهیں هی *

۱۳ نقل

The discontented Travellers.

نقل هی که تین شخص اثناء راه میں ایکتھے هوکر چلے * اُنمیں جو بڑا تھا اُسنے دونوں رفیق سے کہا که تُم اپنے شهر سے کیوں نِکلے اور کیا سبب هی که گھر کا آرام چھوڑ کر سفر کي مِحنت اختیار کي * ایک نے کہا جِس شهر میں میں رهتا تھا وهاں میرے خویشوں دوستوں کو ثروت اور خوشیاں بهم پهُنچیں * میں دیکھه نه سکتا تھا آتشِ رشک سے جلنے لگا اِس لئے میں نے اپنے دِل سے کہا که کِتنے ایک دِن وطن چھوڑوں جو یِهه نادیدني ندیکھوں * دوسرے نے کہا مُجھے بھي اِس دُکھه نے گھر سے آواره کیا * تب اُس بڑے نے یِهه سُنکر کہا که تُم دونوں میرے همدرد هو میں نے بھي اِسي آفت سے سفر اِختیار کیا * غرض بدنِهادي هر ایک کي آشنائي اور رِفاقت کا موجِب هوئي - دُنیا کے تماشے دیکھنے لگے * ایک دِن راه میں توڑا اشرفیوں کا پڑا پایا * تینوں کهیں اُترے اور بولے که اِسکو تقسیم کرلیں اور یِهیں سے پھِر کر اپنے اپنے گھر چلیں

چند روز خوشي سے گذران کریں * سب کي رگ حسد
جنبش میں آئي اور هر ایک یہي چاهتا تها که میں هي
لوں دوسرا اِس میں شریك نه هو * اِس خیال میں تینوں
حیران هوئے نه یهه همّت تهي که زر کا خیال چهوڑیں اور
راه میں پڑا رهنے دیں نه اِسپر راضي که آپسمیں حصّے
کر لیں * غرض اِسي تردُّد میں ایك رات دِن تینوں میدان میں
بهوکهے پیاسے پڑے تهے اور خواب اور خور اپنے اُپر تلخ کر کر
لڑتے تهے * دوسرے روز وهانکا بادشاه شکار کو نکلا تها * اِتّفاقًا مُقرّبوں
کے ایک گروه کو ساتهه لیکر بروقت پهُنچا اور اُن تینوں کو
میدان میں بیٹهے هوئے دیکهه احوال پوچها - اُنهوں نے ماجرا بیان
کیا * بادشاه نے فرمایا که تم اپني اپني حسد کو بیان کرو دیکهوں
کون کِس مرتبے میں هے اُس کے مُوافِق یهه اشرفیاں تُمهیں
حِصّه کردوں * ایك نے کہا مُجهے حسد اِسقدر هے جو هرگز نهیں
چاهتا هوں که کِسي پر اِحسان کروں تا وُه خوش هو * دوسرے نے
کہا که تو نیك مرد هے اور میري حسد کا ایك پاسنگ تُجهمیں
نهیں - مُجهے اِتني حسد هے جو دیکهه نهیں سکتا هوں که کوئي
کِسي پر اِحسان کرے یا اپنا مال کِسي کو بخشے * تیسرے نے کہا
که تُم دونوں حسد سے اصلا بهره نهیں رکهتے هو تُمهارا صِرف دعوي
بے معني تها - میں ایسا هوں که هرگز رَوا دار نهیں جو مُجهسے کوئي
بهلائي کرے * بادشاه نے انگُشتِ حیرت کو کاٹا اور اُنکي گفتگو سے

مُتعجّب هوْ کرکہا کہ تُمھاري باتوں سے ثابت هوا کہ اِن اشرفیوں میں سے تُمھیں ندیا چاھئے بلکہ ھر ایْك کو مُوافقِ گُناہ کے سزا دینْي ضرور ھی * جوْ شخص کِسي پر اِحسان کا رَوادار نہوْ سزا اُسکي یِہہ ھی کہ اِس دوْلت سے محرُم رھے اوْر کوْئي اُس سے بھلائي نکرے * اوْر جوْ اِحسان اوْر کا اوْر پر دیکْھہ نسکے بہتر ھی کہ اُسے سنگسار کیجئے * اوْر جوْ اپنا حاسِد آپ ھی اُسکي سزا یِہہ ھی کہ پندت خانے میں قیْد رہے جبتلك کہ مرے * تب فرمایا کہ اِس پہلے کو ننگا کر بھوکہا پیاسا جنگل میں چھوڑ دیں - لوْگ حُکم بجالائے اوْر دوسریکا سرِ تیغِ بیدْریغ سے جُدا کیا اوْر تن کے رنج سے رِھائي بخشي * تیسرے کے بدن میں قطران ملواکر گرم ریْت کے اندر ڈلوادیا یِہاں تلك کہ وُہ ھزاروں جاں‌کندنی سے ھلاك ھوا * غرض حسد کي شامت سے تینوں ذلیل ھوئے * حاصِل اِس قِصّے کا یِہہ ھی تا معلوم هوْ کہ حسد کي نِہایت یِہاں تلك ھی کہ بعضے حسد سے اپني بھلائي نہیں دیکْھہ سکتے ھیْں - یِہیں سے سمجھئے کہ اوْرونکي بھلائي کب دیکْھہ سکینگے *

١۴ نقل

The envious Man and the Ascetic.

نقل ھی کہ بغداد میں کِسي حاسِد کے ھمسائے ایْك مردِ خُدا پرست رھتا تھا * لوْگ اُسے بزُرگ جانتے تھے اوْر اُس کي

مُلاقات سے بہرہ مند ہوتے تھے * اُس مرد حاسد کا دِل پڑوسی کی بُزرگی سے جلتا تھا * اور وہ ہمیشہ عقل کو ایک کنارے رکھہ کر اُسکے ستانے میں کوشش کرتا تھا * اور بہت مکر سوچتا - پر کچھہ فایدہ نہ ہوتا تھا * آخر اُس مُعاملے سے تنگ آیا * ایک غُلام مول لیکر اُسپر مہربانیاں بہت سی کرنے لگا اور اِنعام دینے - اور پرورش اور خاطرداری میں اُسکی مقدور بھر سعی کرتا * اکثر خلوت میں کہتا کہ تجھے ایک مُشکل کام کے لئے پالتاہوں اُمیدوار ہوں کہ میرے دِل کی آرزو کو برلاوے اور میری خاطِرکی فکر کو دور کرے * جب ایک مُدّت گُذری اور غُلام کو اداے حق اور وفاداری میں مُستقل پایا تب بھید کھولا اور فرمایا خبردار رہ کہ میرا اِس ہمسائے کے ہاتھہ سے دم ناک میں آیا ہی - اور میں نے جتنا چاہا اور حیلے اُٹھائے کہ اُسپر کوئی آفت پڑے نہ ہوسکا میری زِندگی تلخ گُذرتی ہی * تجھے اِسواسطے میں نے پالا ہی کہ آج تو مُجھے ہمسائے کے کوٹھے پر لیجاکر مارڈالے - اور وہیں چھوڑکرچلا آوے - جب لوگ فجرکے وقت وہاں مُجھے موا دیکھینگے بیشک اُسکو خون کی تہمت سے پکڑینگے جاہ اور مال اُسکا غارت ہوگا اور آبرو حُرمت بھی جاتی رہیگی * غُلام نے کہا حضرت اِس خیال سے درگُذرئے اور اِس کام کی تدبیر اور طرح سے ٹھہرایئے - اور غرض آپکی

زاهد کا قتل هی میں اسے مار ڈالوں - اور اسکی طرف سے
آپ کی خاطر جمع کروں * اسنے کہا یہہ خیال دور دراز هی
شاید تو اسپر قابو نہ پاوے اور جلد اسکا قتل نہ ہو سکے -
مجھہ میں اب اتنی طاقت نہیں رہی هی - اٹھہ اور اس
کام کو بجالا اور وعدے کو وفا کرکے مجھے خوش کر - اور یہہ
خط آزادی اور ایک بدرہ زرکا جو تیری زندگی بھر کو
کفایت کرے تجھے دیتا ہوں لے تا اس شہرسے نکل جاے
اور جبتک جئے کسیکا محتاج نہووے * غلام نے کہا حضرت
کوئی دانا یہہ خیال جو آپ نے کیا هی نہ کریگا * دشمن کی
سزا اپنے جیتے جی مقصود هی جب آپ جانسے جاتے رہے
تو اسکے مارنے میں کیا لذت ملیگی * غلام ہرچند اسطرح کی
باتیں درمیان لایا پر کچھہ فایدہ نہوا * بیوقوف غلام نے
جب خوشنودی اپنے صاحب کی اسی میں دیکھی اسے
پڑوسی کے گھر کی کوٹھے پر لیجاکر سرکاٹ ڈالا * اور خط آزادی
اور بدرہ زرکا لیکر اصفہان کی طرف رخ کیا * صبح کو لوگوں نے
بدنیت خواجے کو ایک مرد کے کوٹھے پر کشتہ دیکھا اور اسے
پکڑکر قید کیا * ازبسکہ نیک ذاتی اسکی بغداد کے چھوٹے
بڑوں پر ظاہر تھی اس سبب خون اسپر ثابت نہ ہوتا تھا -
اور اسیطرح قید میں تھا - یہاں تلک کہ بغداد کے ایک بڑے
سوداگر کا گذر اصفہان میں ہوا * غلام نے اس کو پہچانا اور

مُلاقات کرکے اپنے صاحِب اوْر همسائے کا احوال پوچھا * سوْداگرنے ماجرا بیان کیا اوْر خواجے کا مارا جانا اوْر اُس نیْک ذات همسائے کا قیْد هوْنا شرحوار کہہ سُنایا * غُلام نے کہا عجب ظُلم اُس مردِ بیگُناه پر هوا اوْر یِہہ بُرا کام اُسکے حسب الحُکم مُجھہ سے سرزد هوا هی - اوْر وُه نیْک مرد اِس بات سے اصلا خبر نہیں رکھتا * غرض جوْ کُچھہ ماجرا گُذرا تہا غُلام نے سب شرحوار اُس سے بیان کیا - اوْر سوْداگرنے جوْ کُچھہ سُنا اُسپر ایْک گروْه کو گواه کرکے بغداد کے حاکِم کے پاس لایا - اوْر اُس خُدا پرست درویْش کو قیْد سے چُھڑایا *

نقل ۱۵

The King and his Hawk.

نقل هی که اگلے زمانے میں کوئی بادشاه ایْک باز کو بُہت پیار کرتا تھا - اوْر وُه همیْشه بادشاه کے هاتھه پر بیٹھا رهتا تھا * ایْک روز باز کو هاتھه پر بیٹھاکر شِکار کو گیا - اِتّفاقاً ایْک هرن سامھنے نظر آیا * بادشاه نے کمال شوْق سے اُسکے پیچھے گھوڑا ڈالا اوْر اُسکو پکڑا * مُلازِم درگاه اگرچه پیچھے لگے چلے آتے تھے پر کوئی بادشاه تلک نه پہُنچا تھا * اِس میں بادشاه پیاسا هوْکر هر طرف پانی کی تلاش میں گھوڑا دوْڑاتا تھا * آخر ایْک دامنِ کوه میں پہُنچکر دیکھا که پہاڑ پر سے پانی ٹپکتا هی * ترکش میں سے پیاله نِکال نیچے رکھا که قطرے جوْ ٹپکتے هیْں اُس میں جمع

هوں اور پیالہ بھر جاوے * جب پیالہ بھر چکا چاہا کہ پئے باز نے
وونہیں پر مارا تمام پانی گر گیا * بادشاہ نے اس حرکت سے
خفا ہوکر پھر پیالے کو اسی پتھر کے نیچے رکھا دیر کے بعد جب
بھر چکا چاہا کہ منہہ کو لگاوے * باز نے پھر وہی حرکت
کی اور اس پانی کو بھی گرا دیا * بادشاہ نے کمال تشنگی کے
سبب بے تامل باز کو زمین پر پٹک دیا اور وہ مر گیا *
اس میں رکابدار آپہنچا باز کو موا اور بادشاہ کو پیاسا پایا *
فی الفور چھاگل شکار بند سے کھول پیالے کو خوب دھو دھا کر
چاہا کہ بادشاہ کو پانی پلاوے * اسنے فرمایا کہ مجھے اس
خالص پانی سے جو پہاڑ سے جھرتا ہی کمال رغبت ہوئی
ہی * تو پہاڑ پر چڑھہ اور اس چشمے سے پانی کا پیالہ بھر کر لے آ -
کیونکہ پھر یہہ تاب نہیں ہی کہ جب تلک پیالے میں
قطرہ قطرہ جمع ہو میں انتظار کروں * رکابدار جب چشمے کے
کنارے پہنچا دیکھتا کیا ہی کہ ایک اژدھا موا ہوا اسکے
کنارے پڑا ہی - اور زہر بھرا لعاب اسکا پانی میں مل کر
قطرہ قطرہ پہاڑ پر سے ٹپکتا ہی * وہ گھبراکر اترا اور یہہ
احوال عرض کر ایک پیالہ ٹھنڈے پانی کا چھاگل سے بھر کر
بادشاہ کو دیا وہ پیالہ منہہ سے لگاکر رونے لگا اور رکابدار کو باز کے
ماجرے سے آگاہ کر کے اپنی جلدی اور اضطرابی پر بہت
سی نفریں کیں اور جب تلک جیا یہہ داغ حیرت اسکے

دِل سے نگیا * فایدہ اِس قِصّے کا یِہہ ھی کہ عقلمند اپنے کام کو بغیر خوب تامّل کئے شروع نہیں کرتے ھیں *

١٦ نقل

How to guard against Anger.

نقل ھی کہ یمن میں ایک حاکم تھا راے دُرُست اور کِردار نیک سے موصوف * ایک دِن شِکار کو گیا تھا بُہتیری دَوڑ دھوپ کی کوئی شِکار ھاتھہ نہ لگا * بادشاہ اُس بات سے غمگیں ھوکر حیرت زدوں کی طرح اِدھر اُدھر دیکھتا تھا * اِتّفاقاً ایک غریب بےکس لکڑھارے نے ھرن کے چمڑے کی ٹوپی اور انگرکھا پہن کر اُس جنگل میں لکڑیاں بُہت سی جمع کی تھیں - اور اُس مِحنت سے ماندہ ھو کِسی پتّھر سے کمر ٹیکے ھوئے دم لے رھا تھا * بادشاہ کی نظر دور سے اُس پر پڑی از بسکہ نِہایت شوق شِکار کا رکھتا تھا اُس کو ھرن جان کر بیدھڑک تیر دِل دوز اُسپر مارا اور جب اُسکے پاس گیا دیکھا کہ ایک بیچارہ زخمی سینہ مجروح دِل پُر خون پڑا ھی * نِہایت مغموم ھوا - اور اپنی بے تامّلی پر اپنے تئیں ملامت کرنے لگا - اور اُس سے بُہت سی عُذر خواھی کرکے اُسے مرھم بہا میں ھزار دینار دئے - اور وھاں سے شہر کی طرف مُتوجّہہ ھوا اور اپنے دِل میں عہد کیا کہ بعد اِسکے جو کام کروں بے تامّل نہ کروں * اُس شہر کے

اطراف میں ایک سالک اپني نفس کُشي کے واسطے ترک دُنیا کر کے گوشے میں بیٹھا تھا - اور عقلِ معاد سے بہرہ ور ہو کے رضاے اِلٰہي کي جُستجو میں اوقات بسر کرتا تھا * بادشاہ کے دِل میں یِہہ بات آئي کہ اُسکے پاس جائیے اور اُس سے کُچھہ نصیحت طلب کیجئے * آخر اِس اِرادے پر اُسکي عِبادت گاہ میں گیا * اور جِس طرح کا سلوک سوداروںکو درویشوں سے لازِم ھی بجا لاکر درخواست کي کہ میں چاھتا ھوں کہ کوئي دُرِ یکتا کانِ دانِش سے مُجھے بخشئے تا کہ وُہ وسیلہ ترقّي کا دُنیا میں اور مُجرّب دَوا واسطے آرام دِل کے ھو * اُس صاف دِل صوفي مِزاج فقیرنے عرض کي کہ اي جہاں پناہ وُہ خصلت جو بادشاھوں کے حق میں سرمایہ ظاھِر اور باطِن کي دولت کا ھی سو غُصّے کو مارنا اور خفگي کے وقت تحمُّل کرنا ھی * بادشاہ نے کہا اي درویش تو نے سچ کہا پر خفگي کے وقت اِختِیار کي باگ کو تھانبنا بہُت مُشکِل ھی - اور کوئي دولتخواہ بھي میرے یہاں ایسا نہیں ھی کہ ویسے وقت میں حق بات عرض کرے - غضب کي باگ تھانبنے کي کوئي تدبیر بتایئے * درویش نے کہا بڑے آدمیوں کو لازِم ھی کہ اپنے نوکروں میں سے اُس نوکر کو جو سبھوں سے دانِش اور دِیانت داري اور راستي میں مُمتاز ھو محرمِ راز اپنا کرے - اور یِہہ اِجازت دے کہ غُصّے کے وقت جِس طرح سے

هوویں برے کاموں سے آگاہ کرکے باز رکھے * لیکن جب تلک
کہ ایسا شخص ہاتھہ لگے علاج اُس کا یہہ ہی کہ میں تین
پُرزے آپ کو لکھہ دیتا ہوں چاہئے کہ اُن تینوں پُرزوں کو اپنے
مُقرّب نوکروں میں سے ایک کے حوالے کیجئے اور کہہ دیجئے
کہ ہمیشہ اِن پُرزوں کو اپنے پاس رکھے اور آپ کے احوال کو
دیکھتا رہے جب جانے کہ غضب اور خفگی کا وقت آپہنچا
یا کسی کام میں تو غُصّے ہوا ہی اِن میں سے ایک کو تیرے
ہاتھہ میں دے * اُمّید ہی کہ جو تو دِل ہُشیار اور بخت بیدار
رکھتا ہی اِس خط کا پڑھنا تجھے غضب سے باز رکھیگا - اور
اگر دیکھے کہ پہلا خط مُفید نہ ہوا وونہیں دوسرا دیوے -
اگر نفس بہ سبب اِسکے کہ اُس کی سرِشت میں سرکشی
ہی دوسرے پُرزے سے بھی کماحقّہ ہُشیار نہ ہو تیسرا
پُرزہ آپ کے ہاتھہ میں دے * خُدا کی درگاہ سے یہہ اُمّید
رکھتا ہوں کہ اِس مرتبے خفگی کی تاریکی نورِ حِلم سے
بدل ہو * بادشاہ اِس بات سے خوش ہوا اور درویش نے
وے تینوں پُرزے مُقرّب نوکروں میں سے ایک کے حوالے
کئے * پہلے کا مضمون یہہ تھا کہ قُدرت کے وقت اِختیار کی
باگ بداندیش نفس کے ہاتھہ نہ دے کہ تُجھے خُدا کی
نظرِ عِنایت سے گِرا کر ہلاک کریگا * دوسرے پُرزے کا حاصِل
یہہ تھا کہ غُصّے کے وقت زیر دستوں پر مِہربانی کر تو زبردست

تجھہ پر مہربان رہے * تیسرے کاغذ کا مطلب یہہ تھا کہ
عقل کا حکم مان اور انصاف سے منھہ نہ پھیر * بادشاہ خدا کا
شکر بجا لاکر درویش کے یہاں سے اپنے محل میں داخل ہوا۔
اور وزیر ہمیشہ کیا خلوت کیا بار عام میں جو وقت خفگی
اور غصے ہونے کا ہوتا بر وقت یے تینوں رقعے اسکو دکھلاتا۔
اس لئے اس کو لوگ ذو الرقاع کہتے تھے *

نقل ١٧

The two Friends.

نقل هی کہ دو شریک تھے * ایک دانائی کے سبب تیز
ہوش کہلاتا تھا۔ دوسرا سادہ لوحی سے خرم دل مشہور تھا *
دونوں نے سوداگری کے ارادے سفر اختیار کیا * اتفاقاً اثناء
راہ میں ایک همیانی اشرفیوں کی پائی * تیز ہوش نے کہا
ای بھائی دنیا میں ایسا بھی بہت ہوتا هی کہ بے محنت
منفعت ہو * اب اسی پر قناعت کرنی اور چین سے رهنا
اپنے گھر کے کونے میں بہتر نظر آتا هی * تب دونوں پھرے
اور شہر کے قریب پہنچکر کسی جگہہ اترے * خرم دل نے
کہا ای بہائی اس زر کا حصہ کرتا کہ ہر ایک اپنے حصے کو
موافق حوصلے کے خرچ کرے * تیز ہوش نے کہا بانٹنا صلاح
نہیں۔ چاهئے کہ اس میں سے تھوڑا نکال کر شرکت میں
خرچ کریں * باقی کو بہت احتیاط سے ایک جگہہ رکھہ

چھوڑیں اور همیشه آ آ کر جتنا درکار هو لے جایا کریں تا که آفات سے بچیں * خرّم دل اُسکي باتوں پر بهول گیا تھوڑاسا اُسمیں سے لیکر باقي کو ایک درخت کے تلے گاڑ چین سے اپنے اپنے گھر گئے * جب رات هوئي تیز هوش اکیلا اُس درخت تلے گیا اور اشرفیوں کو زمین سے نِکال اپنے گھر لےگیا *

خرّم دل اُسي نقد پرکه شِرکت میں لے گیا تھا اوقات بسر کرتا تھا * جب اُسمیں سے کچھه نه رها تیز هوش سے کہا که چلو اشرفیونکي جو زمین میں گاڑي هیں خبر لیں اور پھر تھوڑي اُن میں سے لے آویں * کہا اچّھا تب دونوں نے درخت تلے جاکر بہتیري تلاش کي کچھه نه پایا * تیزهوش اُسکا دست به گریباں هوا که وے اشرفیاں تو لیگیا هی کیونکه اور کوئي واقف نه تھا * اُلٹے چور کوتوال کو ڈانڈے * اُس بیچارے نے بہت سي قسمیں کھائیں اور اِضطرابیاں کیں مُفید نه هوا * آخر خرّم دِل کو حاکِم کے یہاں لیجا کر احوال بیان کیا * حاکِم نے تیز هوش سے گواه طلب کئے که اگر گواه حاضِر نکرسکے تو مُدعاعلیه کو قسم کھلاؤنگا * تیز هوش نے کہا جہاں اشرفیاں گاڑي تھیں وهاں کوئي آدمي حاضِر نه تھا جو گواهي دے * پر جو میں اپني راستي اور اُسکي دروغ گوئي پر خوب اِعتِماد رکھتا هوں اِسلئے یِهه یقین جانتا هوں که اگر آپ کِسي شخص کو تعیّن کریں که اُس درخت کے تلے

جاوے اور میں خُدا کي درگاہ میں اِلتِجا و زاري کروں اغلب هی که خُدا میري زاري سے مِهربان هو اور وہ درخت که جِسکے نیچے اشرفیاں گڑي تهیں بولے که کِس نے خیانت کي هی * آخر بہت گُفتگو کے بعد یِہه بات ٹهہري که فجر تڑکے هي درخت تلے جاکر خُدا کي قُدرت کا تماشا دیکھئے * خُرّم دِل کو حاکِم نے پنڈِت خانے میں بیهج دیا * تیز هوش نے اپنے گهر میں آکر اِس راز کو باپ سے اپنے ظاهِر کیا اور کہا میں نے آپ هي کے لُطف کے بهروسے درخت کي گواهي کا خیال کیا هی اگر نوازِش فرماویں جِتني اشرفیاں بهم پہُنچي هیں اور اُتني اُسّے جریمانه لیکر فراغت سے دِن کاٹینگے * باپ نے کہا اِس کام میں جو تدبیر کیجئے وہ کہا هی * لڑکے نے کہا وُہ درخت اندر سے ایسا کهوکهلا هی که اگر دو آدمي اُسمیں چهپیں کوئي دریافت نه کرے * آج کي رات جاکر اُسکے اندر رهئے کل صُبح میں حاکِم کے آدمیوں کے ساتهه درخت تلے جاکر اِلتجا و زاري کرونگا اور گواهي مانگونگا جیسا مُناسب هو وهانسے پُکارئے اور یِہه خبر دیجئے که وے اشرفیاں خُرّم دِل لیگیا هی * اُسکے باپ نے کہا ای لڑکے حیلے و فریب کے خِیال سے در گُذر * بالفرض اگر بندے کو فریب دیگا خُدا کو نه دے سکیگا که وُہ تیرے سب رازِ دِل کو جانتا هی اور مو بمو رگ و ریشے سے واقف هی *

اِسپر بهي مَیں جانتا هوں که مکّار و حیله گر کا احوال چِهپا نهیں رهتا هی اَور چهوٹے بڑے کے نزدیک رُسوا هوتا هی * بیٹے نے کها یِهه بات مَوقوف کیجئے اَور دراز خیالات کو چهوڑئے که اُس کام میں زیاں کم اَور نفع بهُت هی * بیچارے بوڑهے باپ کو لڑکے کي محبّت اَور زر کي خواهِش نے عقل کي راه سے بهکا دیا * اندهیري رات کو درخت کے اندر رها * فجر کے وقت کارپرداز لوگ درخت تلے آن کر جمع هوئے اَور تیزهوش اِلحاح و زاري کرنے لگا * ایک دم کے بعد درخت سے آواز آئي که اشرفیاں خُرّم دِل لے گیا هی * دانا حاکِم بزورِ عقل سمجها که کُچهه حیله کیا هی اَور اِس درخت کے اندر کِسي آدمي کو چِهپایا هی کُچهه تدبیر اِسکي کیا چاهئے * فرمایا که شاید یہاں کُچهه طِلسم کیا هوگا اِسکي دفعیه کے واسطے ایک چیز مَیں جانتا هوں * تب اُس درخت کے آس پاس لکڑیاں جمع کروا کر پهُنکوا دیں * وه ناکرده کار بوڑها ایک دم صبر کرکے چِلّا یا اَور امان چاهي * تب لوگوں نے اُس آدهه جلے بوڑهے کو درخت کے اندر سے نِکالا اَور اُس نے حقیقتِ حال بیان کرکے دُنیا سے کوچ کیا * مکّار تیزهوش چهوٹے بڑوں میں رُسوا هوکر اپنے باپ کي لاش کو کاندهے پر دهر شهر کي طرف چلا اَور خُرّم دِل سچ کي بدَولت خلاص هوا *

۱۸ نقل

The King and the Ascetic.

نقل هی که ایْک خُدا پرست عقلمند بادشاہ کسي گوشہ نشین زاهد کي زیارت کو گیا اوْر اِلتماس کي که مُجهے کُچهه نصیحت کیجئے * زاهد نے کہا ای بادشاہ خُدائي میں عالم دوْ هیْں ایْک فاني که عالمِ صورت کہلاتا هی دوسرا باقي جسکو عالمِ معني کہتے هیْں * عالي هِمّت کو چاهئے که دُنیاءِ فاني میں مُستغرِق نهوْ اوْر خوبیوں پر عالمِ معني کي جوْ عقل کے نزدیک پسندیدہ هیْں نظر کرے * بادشاہ نے فرمایا که عالمِ معني کے حصول کا طریقه کیا هی * زاهد نے کہا شهوت اوْر غضب کو اِعتدال پر رکهے اوْر آسایش کو یکقلم چهوْڑ کر دِن رات عاجِزوں کي دستگیري اوْر مظلوموں کي فریاد رسي میں مشغول هوْ * جوْ بادشاہ چاهے که رضاے اِلهي حاصل کرے اُسے عالم معني کي بادشاهت مِلیگي چاهئے که زیردستوں کي رفاهیّت اوْر ظالموں کي تنبیه میں سعي کرے کیونکه خُدا نے بادشاهوں کو رعیّت اوْر مُلک کي نِگاهباني کے واسطے پیْدا کیا هی * پس رات دِن اپنا حِساب یهي کیا کرے که آج میْں نے کیا کیا کام کئے اوْر تمام کاروبار پر نظر رکهے ایْسا نهوْ که ایْک ادني کام اِختیار کرکے بڑے کاموں سے باز رہے * ای جہان پناہ اکثر لوْگ اِس ڈر سے که

مبادا سچ کہنے سے ہماري روزي میں خلل ہو یا اعتبار میں بٹا لگے ملاحظہ کرتے ہیں * دانا بادشاہ وہ ہی جو اپني حفاظت اور اورونکي نگاہباني اسطرح کرے کہ حق گذاروں کو اعتراض کي جگہہ نہ رہے * اگر بشریت سے کچھہ چوک ہو جاے تو حق کے سن نے سے برہم نہو اور ٹوکنے والے کو نہ جھڑکے *

بادشاہ اس زاہد کي نصیحت سے محظوظ ہوا * لوگوں کي خوشامد سے پرہیز کرنے لگا * ہمیشہ اسکي صحبت میں جاکر نصیحت کي باتیں سنتا * ایک دن اسي زاہد کے پاس بیٹھا تھا - اچانک ایک گروہ داد خواہوں کا آکر فریاد کرنے لگا * بادشاہ کے حکم سے زاہد نے ان کو بلاکر احوال پوچھا اور داناؤں کے نزدیک جو جسکے حال کے مناسب تھا بادشاہ سے کہا * بادشاہ کو زاہد کي معاملہ رسي اور مقدمہ فہمي خوش آئي اور اس سے التماس کي کہ کبھي کبھي مقدمہ آپ کے حضور پہنچا کرے * زاہد نے نیک نیتي سے قبول کیا * عاجزوں کے کام میں سعي کرنے لگا اور کمال توجہ سے انکي نالش سنتے * نوبت یہاں تلک پہنچي کہ اکثر کاروبار اس ملک کے زاہد کي تدبیر سے سرانجام ہوتے تھے اور روز بروز ملکي اور مالي کاروبار میں وہ مشغول رہتا * رفتہ رفتہ جاہ اور جلال کا خیال اور دولت کي آرزو زاہد

کو هوئي اور عقل کي اطاعت ميں قصور آنے لگا * غرض کونسا شخص هی جسے اِس جادوگر دُنيا نے گمراه نکيا اور کسنے اُسکے هاتهه سے جام بادهٔ فريب کا نه پيا * بادشاه نے جب زاهد کي تدبيريں صلاح مُلکي کے موافق ديکهيں ايکبارگي اُسکو اِختيار کُلّي ديا * آگے درويش کو ايک روٹي کي فکر رهتي تهي اب انديشه ايک جهان کا درپيش هوا - اور قبل اِسکے ايک کملي کا سامان کرتا تها اب ايک سلطنت کا سرانجام کرنا پڑا * کِسي دِن ايک درويش جو هميشه سے زاهد کا رفيق اور محرمِ راز تها مُلاقات کو آيا تو اورهي رنگ ديکها اور حيران هوا * چپکے زاهد سے پوچها که يهه کيا طريقه تو نے اِختيار کيا هی * زاهد نے هرچند چاها که کُچهه عُذر کرے بن نه آيا * فقير نے کها جاه کي محبّت اور مال کي زيادہ طلبي سے تيري عقل ماري گئي هی که تو شهوت اور غضب ميں گِرفتار هوا * بے اطوار چهوڑ اور دامنِ تجرُّد کو دُنيا کي آلايش سے پاک کر - لوگوں کي آمد وشُد کا دروازه بند کر اکيلے هي گوشهٔ قناعت کو پسند کر * زاهد نے کها ای يار عزيز لوگونکي آمد و رفت اور گُفتگوسے مُجهه ميں کُچهه تغيُّر نهيں آيا هی ميں دِل سے اُسي کام پر مُتوجِّه هوں که توجانتا هی * درويش نے کها تيرے ديدهٔ دانِش بند

هوگئے - افسوس کہ تجھے کوئي تدبير اپني نهيں سوجهتي هے اور جب سوجهيگي کچهہ فايدہ نهوگا - تيري حالت مجهے اُس اندهے کي مانند نظر آتي هے جسنے کوڑے اور سانپکے بيچ فرق نکيا آخر هلاك هوا * زاهد نے جب يهہ بات سني گوشہ نشيني کي کيفيّت کو ياد کرنے لگا اور آنکهوں سے آنسو بهانے * اُسکو يقين هوا کہ اُس دوست کي بات کمال مهرباني سے هے * فجر هوتے هي لوگوں نے زاهد کے دروازے پر هجوم کيا اور وہ کاموں کے اِنصرام ميں مشغول هوا - شب کي پشيماني بهول گيا * القصّہ زاهد کي يهہ نوبت پهنچي کہ دنيا کي مستي سے راہِ راست چهوڑي اور هوا اور هوس کي پيروي کرکے خود پسندي ميں اوقات کاٹنے لگا * ايك دن کسي بيگناہ کے قتل کا حکم کيا اور بعد اُسکے پشيمان هوکر تلافي کے درپے هوا * اُس بيگناہ کے خويش اور اقربا بادشاہ کے حضور آن کر زاهد کے ظلم سے داد خواہ هوئے - اِس مقدّمے کي تجويز اوروں کو سپرد هوئي * اُن ديانت داروں نے تحقيق کرکے کها کہ زاهد نے ناحق خون کيا هے اُسکو بهي قتل کيجئے * زاهد نے هرچند مخلصي چاهي اور لوگوں کو رشوت دينے کي پر مفيد نهوئي *

١٩ نقل

The Judge and his Monkey.

نقل هی کہ کشمیر کے مُلک میں بڑا ایک حاکم تھا * وُہ ایک بندر کو بہُت عزیز رکھتا تھا اور بادشاہ نوازشوںسے اُسے نوازا تھا * ہمیشہ بندر محبّت سے خِدمت میں حاضر رہتا اور رات کے وقت ایک آبدار کتّار ہاتھہ میں لیکر حاکم کے سِرھانے کھڑا رہتا فجر تلک لازِمہ نِگہبانی کا بجا لاتا اور یِہہ خدمت اپنے شوق سے کیا کرتا * اِتِّفاقاً ایک دانا چور دور سے کشمیر میں آیا ایک رات چوری کے واسطے نِکل کر محلّے محلّے گلي گلي پھرتا تھا * ایک نادان چور جو اُس شہر میں تھا وُہ بھي اُسي خیال میں نِکلا تھا ہمجِنسي کے سبب دونوں مِلے * مُسافِر چورنے پوچھا اي یار ہمیں کِس محلّے میں جانا مُناسِب هی اور کِس کے گھر میں سیندھہ دینا بِہتر * بیوقوف چورنے جواب دیا کہ یہاں کے رئیس کے طویلے میں ایک موٹا تازہ تیزرو گدھا هی کہ وُہ اُس کو بہُت عزیز رکھتا هی اور زنجیر سے مُحکم باندھہ کر دو غُلاموں کے سپُرد کیا هی - صلاح یِہہ هی کہ پہلے وہاں چلیں اور اُس گدھے کو چُراویں تب شہر کے چوراہے میں جو ایک شیشہگرکي دوکان هی وہاں سیندھہ دیں اور خوش رنگ صاف شیشے

نکال اُس گدھے پر لاد کر گھر کو جاوْں * دانا چوْر اِس کي باتوں کي طرز سے حیْران هوا اوْر چاهتا تها که اُس کا احوال دریافت کرے * یکا یک کوتْوال اُن کے سامهنے آپهنچا * دانا چوْر عقل کي مدد سے ایْک دیوار کي اوْٹ میں چهپا نادان پکڑا گیا * کوتْوال نے پوچها کهاں جاتا هی اوْر تو کوْن هی * جواب دیا که میْں چوْر هوں اوْر چاهتا هوں که شهر کے رئیس کا گدها چُراؤں اوْر شیشه گر کي دوکاں توڑ شیشے لا کر گهر کو لیجاؤں * کوتْوال نے هنسکر کها چوْر اُسي کو کهتے که ایْک گدهے کے لئے جوْ مضبوط بندها رهتا هی اوْر کِتنے نگهبان اُس پر مُقرّر هیْں اوْر اُن شیشوں کے واسطے جوْ ٹکے کو دس دس بِکتے هیْں آپ کو هلاکت کے گِرداب میں ڈالے * ایْسا خطرناک کام اگر راے کے خِزانے کے چُرانے کے لئے کرتا توْ ایْک بات تهي * یهه کهه کر هاتهه باندهه بندي خانے میں بهیْجا *

دانا چوْر کو احمق چوْر کي باتوں سے نصیحت هوئي اوْر کوتْوال کي باتوں سے تجربه حاصِل کر اپنے دِل میں کها که یهه چوْر میْرے حق میں نادان دوْست تها - اوْر کوتْوال دانا دُشمن * اُس دوْست نے بیوْقوفي سے مُجهے هلاك کیا تها اگر یهه دانا دُشمن نه هوْتا توْ کام میْرا هاتهه سے جاچُکا تها اوْر جان میْري اِس خیال میں تمام هوئي تهي * اب جِس طرح کوتْوال نے کها راے کے خِزانے کي طرف رُخ کرنا بهتر نظر

آتا هی * تب آهستہ آهستہ راے کے محل کے نیچے آکر
سیندهه دینے لگا * آخر شب تلك روپیئوں کي آرزو میں
پتّھروں کو اپنے هتھیاروں سے تراشتا تها * تهوڑي سي رات رهگئی
تهي کہ سرا سیندهه کا راے کي خوابگاہ کے پاس نکلا - دیکھا
کہ وہ تخت زرّیں پر سوتا هی اور دُنیا کے اسباب بیش قیمت
اور جواهر و غیرہ اور اور چیزیں آس کے آس پاس پڑي هیں
خطائي پردے هرطرف لگے هیں - کافوري بتّیاں روشن هیں
نور سلطنت هرطرف سے چمکتا هی * جب خوب غور کي
تو دیکھا کہ ایک بندر کٹّار هاتهہ میں لئے بادشاہ کے سرهانے
کھڑا هی اور پاسباني کي نظر سے دهنے بائیں دیکتا هی *
چور حیران هوا کہ کہاں بندر اور کہاں پاسباني - اِس بیچارے
کي سکت کہاں اور شمشیر آبدار کہاں * اِس سوچ میں
تها کہ ایکبارگي کتني چیونٹیاں چهت سے بادشاہ کے سینے پر
گریں * بادشاہ نے آن کے رینگنے سے عین خواب میں چهاتي
پر هاتهہ مارا * بندر نے جُهك کر دیکھا کہ چیونٹیاں راے کے
سینے پر پهرتي هیں غُصّے هوکر کہا مُجهہ ایسے پاسبان کے
هوتے ادني چیونٹي کو کیا مقدور هی جو بے ادبي کرے
اور پانوں میرے خُداوند نعمت کي چهاتي پر دهرے * تب
مارے غُصّے کے کٹّار نکالا کہ راے کي چهاتي پر مارے اور
چیونٹیونکو هلاک کرے * چور پُکارا ای نامرد بے باك اپنے

هاتهہ کو تهام کہا ایک عالم کو تلف کریگا * یہہ کہہ کر لپکا اور بندر کا هاتهہ کٹار سمیت مضبوط پکڑ لیا *

راے اِس شور سے چونک پڑا اور چور سے پوچها تو کون هی* اُس نے جواب دیا کہ میں تیرا دُشمنِ دانا هوں * چوری کو یہاں آیا تها اگر ایک دم تیری حِفاظت میں دیر کرتا تو یہہ بیوقوف جانور جو تیرا دوستِ نادان هی تیری خواب گاہ کو لہو سے بهر دیتا * راے اِس احوال پر مُطّلع هو سجدہ شُکر کا بجالایا اور بولا سچ هی جب خُدائی عِنایت کِسی کی حِفاظت کرے چور پاسبان هوجاوے اور دُشمن مہربان * تب چور کو نوازا اور اپنا مُقرّب کیا بندر کے گلے میں زنجیر ڈالواکر اِصطبل میں بهیجا * غرض چور جِسنے دولت کی اُمید پر کمر باندهہ کر خزانہ کی دیوار توڑی تهی قباءِ دانِش پہنا هوا تها تاج دولت اُس کے سِر پر رکها گیا - اور بندر جو آپ کو پاسبان اور محرمِ راز سمجها تها پایۂ اعتبار سے گرا عِزّت کا خِلعت اُسکے بدن سے اُتارا گیا *

اِس قِصّے کا خلاصہ یہہ هی کہ اِنسان کو چاهئے کہ دوستی عقلمند سے کرے اور نادان دوست کی صُحبت سے کوسوں بهاگے *

۲۰ نقل

The Merchant and his two Sons discoursing on Fate.

نقل هي كه ايك سوداگر تها اسنے سردي گرمي زمانے كي ديكهي تهي اور تلخي شيريني اسكي چكهي تهي * اسكے تين بيٹے تهے * جواني كي مستي كے مارے اپنے پيشے كو چهوڑكر باپ كے مال پر هاتهه ڈالتے اور بيكاري و ناهمواري ميں اوقات گنواتے * پدر مهربان شفقت و مهرباني كے رو سے ان كو نصيحت كرنے لگا كه لڑكو اگر اس مال كي قدر جسكے جمع كرنے ميں تمهيں كچهه اذيت نهيں پهنچي هي نهيں جانتے هو تو عقل كے نزديك تم معذور هو ليكن جانيو كه دولت پونجي نيكوں كي اور وسيله خرشيونكا هوسكتي هي * دنيا دار تين چيزكے خواهاں هيں - خوش گذراني جاه كي ترقي خداكي رضا اور ان درجوں ميں نهيں پهنچتے هيں مگر چار چيزوں كے وسيلے سے نيك پيشه اختيار كرنا اور جو كچهه بهم پهنچے اسكو حفاظت سے ركهنا - اور موافق عقل كے خرچ كرنا - اور حتي المقدور بد چيزوں سے پرهيزكرنا * پس سستي چهوڑو اور كسب كي خواهش كرو اور اتني مدت سے همارے جو اطوار ديكهتے هو انكو عمل ميں لاؤ *

بڑے بيٹے نے كها بابا جان آپ تو مجهے كسب كے لئے فرماتے هيں پر يهه توكل كے خلاف هي * ميں يقين جانتا هوں

که جو روزي ميرے لئے مقرر هوچکي هی هرچند اسکي تلاش ميں کوشش نه کروں تب بهي مجهه پهنچيگي اور جو ميري روزي نهيں اسکي تلاش ميں کتني هي سعي کريں کچهه فايده نه کريگي * پس جو چيز قسمت ميں هی ترت مليگي اور جو نهيں سو هرگز ميسر نهوگي * پس جو چيز ملنے کي نهيں اسکے واسطے بيفايده محنت نه کيا چاهئے اور بيهوده رنج اسکے واسطے کهوں * ميں نے کسي بزرگ سے سنا هی که جو ميري روزي تهي اس سے ميں هرچند بهاگا پر مجهسے لپٽي اور جو چيز ميرے نصيب کي نه تهي جس قدر که اسکي کوشش کي وه مجهسے پرے بهاگي - پس خواه سعي کروں يا نه کروں ازل سے جو ميري قسمت کا لکها هی نه مٿيگا *

باپ نے فرمايا جو کچهه تم نے بيان کيا سو ٹهيک هی پر يهه عالم اسباب هی اسکے اکثر کاروبار اسپر موقوف هيں * چاهئے که اسباب کے واسطے کوشش کرے اور توکل پر اعتماد نه رکهے * منفعت کسب کي گوشه نشيني کے نفع سے کهيں زياده هی - کيونکه اهل کسب سے اور کو بهي فايده پهنچتا هی اور گوشه نشيني سے اسي کو * جو شخص چاهے که دوسرے کو نفع پهنچاوے حيف هی که وه کاهلي کرے * دوسرے لڑکے نے کها بابا جو طريقه کسب کا اختيار

کروں اور خُدا اپني عِنايت کے خِزانے سے مال ومتاع مُجھے بخشے تو خرچ اور حِفاظت کِس طور پر کروں بيان کيجئے که اپني گُذران کا دستورالعمل کرں * باپ نے کہا مال جمع کرنا سہل هی پر حِفاظت اُسکي اور اُس سے فايده اُٹھانا مُشکِل * جب مال کِسي کے هاتھه لگے دو کام کرے ايک يِهه که اُس کي خبرداري اِسطرح سے کرے که ضايع هونے سے بچے - چوروں بٹ‌پاڑوں گٹھکٹوں کے هاتھه اُسپر نه پُہنچيں که روپئے کے دوست بہُت هيں اور دُشمن بهي بيشُمار - آسمان نه غريب کو ستاتا هی بلکه دولت مندوں کے قافلے کو لُٹاتا هی * دوسرا يِهه که اصل مالِ ميں هاتهه نه ڈالے اور اُسکے فايدے سے بهره مند هووے اگر پونجي ميں هاتهه لگاوے اور اُسکے نفع پر قِناعت نه کرے تو تھوڑے دِن ميں اصل برباد هووے * جِس دريا ميں پاني کي آمد کہيں سے نه هووے جلد خُشک هو جاے - اور اگر پہاڑ ميں سے کُچھه ليجئے اور عِوض اُسکے نه رکهئے تو آخر وُه خالي هو جاے * جِس کے يہاں آمد نه هو اور هميشه خرچ کرے يا آمدسے خرچ زياده هو نِدان ٹُکرگدا هوکر مرجائے *

جب باپ نے اِس بات سے فراغت کي چھوٹا اُٹھا اور پهلے اُسنے باپ کو دُعا دي تب کہا که جب کِسي نے اصل مال کو خوب حِفاظت سے رکھا اور اُسے کمال منفعت هوئي

تو اُس منافع کو کیونکر خرچ کرے * باپ نے کہا دو قاعدوں کي رِعايت ضُرور هی - ایک يهه هی که اِسراف سے پرهيز کرے اور طريقه اِعتدال پر جو سب چيزوں سے بهتر هی قائم رہے که عالي همت لوگوں کے نزديك بُخل اِسراف سے بهتر هی اور بخشش اگرچه سب جگهه پسنديده هی جو بجا هو وهي خوب هی نه بيجا * دوسرا يهه که بخيلي اور کم همتي سے اِحتراز کرے کيونکه بخيل کا مال آخر کو لُٹ جاتا هی جيسے کسي بڑے حوض ميں که کئي نهروں سے پاني آوے اور جيسي آمد ويسا نکاس نهو تو ناچار هر طرف سے راه ڈهونڈهتا هوا هر ايك کنارے سے چوے اور چهيد اُسکي ديوار ميں پڑجائيں - نِدان وه حوض ايکبارگي ڈها جاوے * القصه لڑکوں نے جب باپ کي نصيحتيں سُنيں کاهلي چهوڑ هر ايك نے ايك پيشه اِختيار کيا بيهودگي و غفلت ترك کي بڑي سودا گري کے اِرادے کہيں دور دراز سفر کو چلا *

CHAPTER V.

CONTROVERSY BETWEEN MEN AND ANIMALS, RESPECTING THEIR NATURAL RIGHTS.

پہلي فصل

The original State of Men and Animals, and the Beginning of the Controversy between them before the King of the Genii, in an Island where the Men had been shipwrecked.

لکھنے والے نے احوال اِبتداے ظُہور بنی آدم کا یوں لکھا هی
که جب تلک یے تهوڑے تهے همیشه حیوانوں کے ڈرسے بهاگ کر
غاروں میں چهپتے - اور درندوں کے خوف و خطرسے ٹیلوں اور
پہاڑوں میں پناه لیتے - اِتنا بهي اِطمینان نه تها که دو چار آدمي
مِل کر کهیتي کریں اور کهاویں - اِسکا کیا ذِکر که کپڑا پہنیں اور
بدن کو چهپاویں * غرض پهل ساگ پات جنگل کا جو کُچهه
پاتے کهاتے اور درختوں کے پتّوں سے تن کو چهپاتے - جاڑوں میں
گرم جاگهه میں رهتے اور گرمیوں میں سر زمیں سرد کا رهنا
اِختیار کرتے * جب اُس حالت میں تهوڑي مُدّت گُذري اور
اولاد کي کثرت هوئي تب تو اندیشه دام و دد کا که هرایک کے

جي میں سمایاتھا بالکل نکل گیا * پھر تو بہت سے قلعے شہر
قریے نگر بساکر چین سے رہنے لگے - زراعت کا سامان مہیا کر
اپنے اپنے کار و بار میں مشغول ہوئے - اور حیوانوں کو دام میں
گرفتار کرکے سواري اور بار برداري زراعت اور کشت کاري کا
کام لینے لگے * ہاتھي گھوڑے اونٹ گدھے اور بہت سے جانور
کہ ہمیشہ جنگل بیابان میں شتر بے مہار پھرتے تھے جہاں
جي چاہتا اچھا ہرا سبزہ دیکھہ کر چرتے - کوئي پوچھنے والا
نہ تھا سو ان کے کندھے رات دن کي محنت سے چھل گئے
پیٹھوں میں غار پڑ گئے * ہر چند بہت سا چیختے چنگھارتے
پر بے حضرت انسان کب کان دھرتے اکثر وحشي خوف
گرفتاري سے دور دست جنگلوں میں بھاگے * طایر بھي اپنا
بسیرا چھوڑ بال بچوں کو ساتھہ لے ان کے ملک سے آوارہ
ہو گئے * ہر ایک بشر کو یہہ خیال تھا کہ سب حیوانات ہمارے
غلام ہیں کس کس مکر و حیلے سے پھندے اور جال بنا بنا
ان کے درپے ہوئے * اس داروگیر میں ایک مدت گذري *

حکیم جنّي کہ لقب اسکا شاہ مردان تھا قوم جنّات کا
بادشاہ ہوا ایسا عادل تھا کہ جسکے عہد میں شیر اور بکري
ایک گھاٹ میں پاني پیتے تھے کیا دخل کہ کوئي ٹھگ
چوٹّا دغاباز اچکّا اسکے قلمرو میں رہنے پاوے * جزیرہ بلاصاغون
نام کہ قریب خط استوا کے واقع ہی اس شہنشاہ عادل کي

تخت گاہ تھا * اِتّفاقاً ایک جہاز آدمیوں کا باد مُخالف کے سبب تباہی میں آکر اُس جزیرے کے کِنارے جا لگا * جِتنے سوداگر اَور اہلِ علوم کہ جہاز میں تھے اُتر کر اُس سرزمین کی سَیر کرنے لگے * دیکھا تو عجب پہاڑ ہی کہ رنگ برنگ کے پھول اَور پھل ہرایک درخت میں لگے نہریں ہرطرف جاری حیوانات ہرا ہرا سبزہ چر چُگ کر بہُت موٹے تازے آپس میں کلولیں کر رہے ہیں * ازبسکہ آب وہوا وہاں کی بہُت خوب اَور زمین نِہایت شاداب تھی کِسی کا دِل نہ چاہا کہ اب یِہاں سے پِھر جاے * آخر مکانات طرح طرح کے بنا بنا اُس جزیرے میں رہنے لگے اَور حیوانات کو دام میں گِرفتار کرکے بدستور اپنے کار و بار میں مشغول ہوئے * وحشیوں نے جب یِہاں بھی سُبھیتا نہ دیکھا راہ صحرا کی لی * آدمیوں کو تو یِہی گُمان تھا کہ یے سب ہمارے غُلام ہیں اِس لئے انواع واقسام کے پھندے بناکر بطور سابِق قید کرنے کی فِکر میں ہوئے * جب حیوانوں کو یِہہ زعم فاسِد اُن کا معلوم ہوا اپنے رئیسوں کو جمع کرکے دارالعدالت میں حاضر ہوئے اَور بیورا سب حکیم کے سامھنے سارا ماجرا ظُلم کا کہ اُن کے ہاتھوں سے اُٹھایا تھا مُفصّل بیاں کیا *

جِس وقت بادشاہ نے تمام احوال حیوانوں کا سُنا وہیں فرمایا کہ ہاں جلد قاصِدونکو بھیجیں آدمیوں کو حضور میں

حاضر کریں * چنانچہ اُن میں سے ستّر آدمي جُدے جُدے شہروں کے رهنے والے که نہایت فصیح و بلیغ تھے بمُجرّد طلب بادشاه کے حاضر هوئے * ایک مکان اچّها سا اُنکے رهنے کے لئے تجویز هوا * بعد دو تین دن کے جب ماندگي سفر کي رفع هوئي اپنے سامهنے بُلوایا * جب اُنهوں نے بادشاه کو تخت پر دیکها دُعائیں دے آداب و کورنش بجالا اپنے اپنے قرینے سے کهڑے هوئے * یهه بادشاه تو نہایت عادل و مُنصف جواں مردي اور سخاوت میں اقران اور امثال سے سبقت لے گیا تها زمانے کے غریب و غُربا یہاں آن کر پرورش پاتے تهے - تمام قلمرو میں کسي زبردست، عاجز پر کوئي زبردست ظالم ظُلم نکرسکتا - جو چیزیں که شرع میں حرام هیں اُسکے عهد میں بالکُل اُتهه گئي تهیں - همیشه سواے رضامندي اور خوشنودي خُداکے کوئي امر ملحوظ خاطر نه تها * اِسلئے نہایت اخلاق سے اُنسے پوچها که تُم همارے مُلک میں کیوں آئے - همارے تُمهارے توکبهي خط وکتابت بهي نه تهي - کیا ایسا سبب هوا که تُم یہاں تک پهُنچے * ایک شخص اُن میں سے که جہاں دیده اور فصیح تها تسلیمات بجالاکر کهنے لگا که هم عدل وانصاف بادشاه کا سُنکر حُضور میں حاضر هوئے هیں - اور آج تک اِس آستانهٔ دولت سے کوئي داد خواه محروم نهیں پهرا هي - اُمّید یهه هی که بادشاه هماري داد کو پهُنچے *

فرمایا که غرض تُمهاري کیا هی * عرض کیا که ای بادشاه عادل بے حیوانات همارے غُلام هیں اِن میں سے بعضے مُتنفّر اور بعضے اگرچه جبراً تابع هیں لیکن هماري مِلکیت کے مُنکر * بادشاه نے پوچها که اِس دعوی پر کوئي دلیل بهي هی کیونکه دعوی بے دلیل دارالعدالت میں سُنا نهیں جاتا * اُسنے کہا ای بادشاه اِس دعوی پر بہُت سي دلایل عقلي و نقلي هیں *

دوسري فصل

2. Man claims Authority over the Animals, from the Superiority of his form, wisdom, &c.; to which they reply.

جِسوقت بادشاه نے یهه بات سُني اِس قضیے کے اِنفصال کے لئے بدِل مصروف هو اِرشاد کیا که قاضي و مُفتي اور تمام اعیان و ارکان جنّوں کے حاضِر هوں وونهیں بموجِب حُکم کے سب کے سب بارگاهِ سُلطاني میں حاضِر هوئے * تب اِنسان سے فرمایا که اپني بات بیان کرو * تب ایک شخص اِن میں سے تسلیمات بجالاکر یوں عرض کرنے لگا که ای جهاں پناه سب همارے غُلام اور هم اُن کے مالک هیں همکو سزاوار هی که حکومت خاوندانه اُن پر کریں اور جو کام چاهیں اُن سے لیں - اِن میں سے جِسنے هماري اِطاعت قبول کي مقبول خُدا کا هوا اور جو همارے حُکم سے پِهرا گویا خُدا سے پِهرا *

بادشاہ نے* فرمایا کہ دعویٰ بے دلیل محکمۂ قضا میں مسموع نہیں ہوتا - کوئي سند اور دلیل بھي بیان کرو * اُسنے کہا بہت دلائل عقلي و نقلي سے ہمارا دعویٰ ثابت ہی * فرمایا کہ وے کونسي دلیلیں ہیں* تب وہ کہنے لگا کہ اللّٰہ تعالیٰ نے ہماري صورتوں کو کس پاکیزگي سے بنایا ہر ایک عضو مُناسِب جیسا چاہئے عطا کیا - بدن سُڈول قد سیدھا عقل اور دانش جِسکے سبب نیک و بد میں اِمتیاز کریں باکہ تمام آسمان کا احوال جانیں اور بتاویں - یے خوبیاں ہمارے سِوا کِس میں ہیں - اِسّے یِہہ معلوم ہوا کہ ہم مالِک اور یے غُلام ہیں * بادشاہ نے حیوانوں سے پوچھا کہ اب تُم کیا کہتے ہو * آنھوں نے اِلتماس کیا کہ اُن دلیلوں سے دعویٰ ثابت نہیں ہوتا * فرمایا کہ تُم نہیں جانتے کہ دُرستي نِشست و برخاست کي خصلت بادشاہوں کي ہی اور بدصورتي و خمیدگي علامت غُلاموں کي * اُن میں سے ایک نے جواب دیا کہ اللّٰہ تعالیٰ بادشاہ کو توفیق نیک بخشے اور آفات زمانے سے محفوظ رکھے - عرض یِہہ ہی کہ خالِق نے آدمیوں کو اِس صورت اور ڈیل ڈول پر اِس واسطے نہیں بنایا ہی کہ ہمارے مالِک کہلاویں اور نہ ہمکو اِس شکل اور چال ڈھال پر پیدا کیا کہ اُن کے غُلام ہوویں * وہ حکیم ہی اُس کا کوئي فِعل سے حِکمت خالي نہیں جِسکے واسطے جو صورت مُناسِب جاني عطا کي *

تیسري فصل

3. Man defends his Right to rule, from the Power he has of selling Animals, &c.; to which they reply.

بادشاه نے اِنسانوں کي طرف مُتوجّه هوکر فرمایا که تُمنے جواب اُس کا سُنا اب تُم کو جو کُچهه کهنا باقي هو بیان کرو * اُنهوں نے کها ابهي بہُت سي دلیلیں باقي هیں که اُنسے دعوی همارا ثابِت هوتا هی - بعضے اُنمیں سے ایسے هیں که مول لینا بیچنا کهلانا لباس پهنانا سردي گرمي سے محفوظ رکهنا - قُصوروں سے اُنکے چشم پوشي کرنا - درندوں کي مضرت سے بچانا - جب که بیمار هوں شفقت سے دوا کرنا - یے سلوک همارے اِن کے ساتهه بنظر شفقت اور مرحمت کے هیں - تمام مالکوں کا یهي دستور هی که غُلاموں پر هرحال میں نظرِ شفقت و مرحمت کي رکهتے هیں *

بادشاه نے یِهه سُن کر حیوان سے فرمایا که تو اُسکا جواب دے * اُسنے کها یِهه آدمي جو کهتا هی که حیوانوں کو هم مول لیتے اور بیچتے هیں یِهه طور آدمیوں میں بهي جاري هی - چنانچه فارِس کے رهنےوالے جب روم پر فتح پاتے هیں رومیوں کو بیچ ڈالتے هیں - اور رومي جس گهڑي فارِس پر غالِب هوتے هیں فارسیوں سے یِهي سلوک کرتے هیں * هِند کے رهنے والے سِندهیوں سے اور سِندهه والے هِندیوں سے عرب تُرکوں سے اور تُرک عربوں سے یِهي مُعامله وقوع میں لاتے هیں * غرض که ایک دوسرے پر جب غالِب هوتا

اور فتح پاتا ھی غنیم کی قوم کو اپنا غلام جانکر بیچ ڈالتا ھی - کیا جانئے کہ حقیقت میں کون غلام ھی اور کون مالک - بے دور اور نوبتیں ھیں * بعد اسکے ھر ایک حیوان نے بادشاہ کے رو برو شکوہ ان کے ظلم کا جدا جدا بیان کیا * اب شام ھوئی دربار برخاست رخصت ھو اپنے اپنے مکانوں میں جاؤ صبح کو پھر حاضر ھونا *

[After this, all parties retire, and consult among themselves. The Judge, the King of the Genii, and his counsellors. The men among each other: they appoint persons to plead their cause. The animals among themselves; they send messengers to the principal tribes, and each tribe sends a deputy to the court. The account of these proceedings occupies more than 100 pages. All things being arranged, the trial proceeds, as here described.]

چوتھی فصل

4. *The Assembling of all Parties, after their private Consultations.*

صبح کے وقت کہ تمام حیوانوں کے وکیل ھر ایک ملک سے آکر جمع ھوئے - اور جنوں کا بادشاہ قضئے کے انفصال کے واسطے دیوان عام میں آکر بیٹھا * چوبداروں نے بموجب حکم کے پکارکر کہا کہ سب نالش کرنے والے اور داد کے چاھنے والے جن پر ظلم ھوا ھی سامھنے آکر حاضر ھوں * بادشاہ قضئے کے انفصال کرنیکو بیٹھا ھی اور قاضی و مفتی حاضر ھیں * اس بات کے

سُنتے ہی جتنے حیوان اور انسان کہ ہر ایک طرف سے جمع ہوئے تھے صف باندھ کر بادشاہ کے آگے کھڑے ہوئے اور آداب و تسلیمات بجالا کر دعائیں دینے لگے * بادشاہ نے ہر طرف خیال کیا دیکھا تو انواع و اقسام کی خلقت نہایت کثرت سے حاضر ہی - ایک ساعت متعجّب ہو کر ساکت رہ گیا *

بعد اسکے ایک حکیم جنّی کی طرف متوجّہ ہو کر کہا کہ تو اس عجیب و غریب خلقت کو دیکھتا ہی * اسنے عرض کیا ای بادشاہ میں انکو دیدۂ دل سے دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہوں * بادشاہ انکو دیکھکر متعجّب ہوتا ہی - میں اس صانع حکیم کی حکمت اور قدرت سے متعجّب ہوں کہ جسنے انکو پیدا کیا اور انواع اقسام کی شکلیں بنائیں - ہمیشہ پرورش کرتا اور رزق دیتا ہر ایک بلا سے محفوظ رکھتا ہی * بلکہ یے اسکے عالم حضوری میں حاضر ہیں - اسواسطے کہ جب اللّٰہ تعالی اہلِ بصارت کی نظر سے نور کے پردے میں پوشیدہ ہوا وہاں وہم اور فکر کا بھی تصوّر نہیں پہنچتا ان صنعتوں کو اسنے ظاہر کیا کہ ہر ایک صاحب بصیرت مشاہدہ کرے * اور جو کچھ اسکے پردۂ غیب میں تھا اسکو عرصہ گاہِ ظہور میں لایا کہ اہلِ نظر اسکو دیکھ کر اسکی صنعت و بے ہمتائی اور قدرت و یکتائی کا اقرار کریں دلیل و حجّت کے

مُحتاج نہوں * اور بے صورتیں که عالمِ اجسام میں نظر آتي هیں امثال و اشکال اُن صورتوں کي هیں جو عالمِ ارواح میں موجود هیں - وو صورتیں که اُس عالم میں هیں نوراني و لطیف هیں - اور یے تاریك کثیف هیں جسطرح تصویروں کو هر ایك عضو میں مُناسبت هوتي هی اُن حیوانوں کے ساتهه که جنکي وے تصویریں هیں اسیطرح اِن صورتوں کو بهي مُناسبت هی اُن صورتوں سے که عالمِ ارواح میں موجود هیں - مگر وے صورتیں تحریك کرنے والي هیں اور یے مُتحرّك - اور جو اِن سے بهي کم رُتبه هیں بے حِس و حرکت اور بے زبان هیں اور بے محسوس هیں - وے صورتیں که عالمِ بقا میں هیں باقي رهتي هیں اور یے فاني و زائل هو جاتي هیں *

پانچویں فصل

5. *The Jackal, the Representative of the Lion the King of Beasts, examined.*

جِسوقت تمام حیوان و اِنسان بادشاه کے روبرو صف باندهه کر کهڑے هوئے - بادشاه نے سب کي طرف مُتوجّهه هوکر دیکها - گیدڑ سامهنے نظر آیا - پوچها تو کون هی * اُسنے عرض کیا که میں حیوانوں کا وکیل هوں * بادشاه نے کها تُجهکو کِسنے بهیجا هی * اُسنے کها مُجهکو درندوں کے بادشاه شیر ابوالحارث نے

بھیجا ھی * فرمایا وہ کس ملک میں رھتا اور رعیت اسکی کون ھی * کہا جنگل بیابان میں رھتا ھی اور تمام وحوش وبہایم اسکي رعیت ھیں * پوچھا اسکے مددگار کون ھیں * کہا چیتے پاڑھے ھرن خرگوش لومڑي بھیڑیئے سب اسکے یار و مددگار ھیں * فرمایا اسکي صورت اور سیرت بیان کر *

گیدڑ نے کہا وہ ڈیل ڈول میں سب حیوانوں سے بڑا قوت میں زیادہ - ھیبت و جلال میں سب سے برتر - سینہ چوڑا - کمر پتلي - سر بڑا - کلائیاں مضبوط - دانت اور چنگل سخت آواز بھاري - صورت مہیب - کوئي انسان و حیوان خوف سے سامھنے نہیں آسکتا - ھر ایک بات میں درست کسي کام میں یار و مددگار کا محتاج نہیں - سخي ایسا کہ شکار کر کے سب حیوانات کو تقسیم کر دیتا ھی - اور آپ موافق احتیاج کے کھاتا ھی - جبکہ دور سے روشني دیکھتا ھی نزدیک جا کر کھڑا ھوتا ھی اسوقت غصہ اسکا فرو ھوجاتا ھی - کسي عورت اور لڑکے کو نہیں چھیڑتا - راگ سے بہت خواھش و رغبت رکھتا ھی - کسي سے ڈرتا نہیں - مگر چونٹي سے کہ یہہ اسپر اور اسکي اولاد پر غالب ھی - جسطرح پشہ ھاتھي اور بیل پر اور مکھي آدمیوں پر غالب ھی *

چھٹویں فصل

6. The Parrot, the deputy of the Chief of Birds, examined.

بعد اسکے بادشاہ نے سامھنے دیکھا طوطا ایک درخت کي شاخ پر بیٹھا ہوا ھر ایک کي باتیں سنتا تھا - پوچھا تو کون ھی * اسنے کہا میں شکاري جانوروں کا وکیل ھوں - مجھکو انکے بادشاہ عنقا نے بھیجا ھی * بادشاہ نے کہا وہ کہاں رھتا ھی * اسنے عرض کیا کہ دریاے شور کے جزیروں میں بلند پہاڑوں پر رھتا ھی - وھاں کسي بشر کا گذر نہیں ھوتا - اور کوئي جھاز بھي وھاں تک نہیں جا سکتا * فرمایا اس جزیرے کا احوال بیان کر * اسنے کہا زمین وھانکي بہت اچھي ھی - آب و ھوا معتدل - چشمے خوشگوار - انواع و اقسام کے درخت میویدار حیوانات طرح طرح کے بیشمار * بادشاہ نے کہا عنقا کي شکل و صورت بیان کر * کہا وہ ڈیل ڈول میں سب طایروں سے بڑا ھی - اڑنے میں قوي - پنجے اور منقار سخت - بازو نہایت چوڑے چکلے - جسوقت انکو ھوا میں حرکت دیتا ھی جھاز کے سے بادبان معلوم ھوتے ھیں - دم لنبي - اڑنے کے وقت حرکت کے زور سے پہاڑ ھل جاتا ھی - ھاتھي گینڈے وغیرہ بڑے بڑے جانوروں کو زمین سے اٹھا لیجاتا ھی * بادشاہ نے کہا خصلت اسکي بیان کر * کہا خصلت اسکي بہت اچھي ھی *

آدمیونکي قوم میں نمرود فرعون کافر فاسق مُشرِک مُذافِق مُلحِد بد عہد ظالِم رہزن چوٹے عیّار جیب کُترے اُچکّے جہوٹہے مکّار دغاباز مُخنّث زاني مُغلِم جاہِل احمق بخیل اُنکے سِوا اور بہي بہُت سے فِرقے کہ جِنکے قول و فِعل قابِل بیان کے نہیں ہوتے ہیں - اور ہم اِنسے بُرے ہیں * مگر بیشتر خصایلِ حمیدہ اور اخلاقِ پسندیدہ میں شریک - اِسواسطے کہ ہمارے گروہ میں بہي سردار و رئیس اور یار و مددگار ہوتے ہیں - بلکہ ہمارے سردار سیاست و رِیاست میں اِنسانوں کے بادشاہوں سے بِہتر ہیں - کیونکہ وے فقط اپني غرض اور منفعت کے لئے رعیّت و فوج کي پرورِش کرتے ہیں - جب کہ مقصد اُنکا حاصِل ہوجاتا هی اُسوقت فوج و رِعایا کے حال پر کُچھ خِیال نہیں کرتے * حالانکہ یِہہ طریقہ رئیسوں کا نہیں هی - ریاست و سرداري کے واسطے لازِم هی کہ بادشاہ اپني فوج و رعیّت پر ہمیشہ شفقت و مِہرباني رکھے - جِسطرح اللہ تعالی اپنے بندوں پر ہمیشہ رحمت کرتا هی اِسیطرح ہرایک بادشاہ کو چاہئے کہ اپني رِعایا پر نظرِ شفقت کي رکھے - اور حیوانوں کے سردار فوج و رعیّت کے حال پر ہمیشہ شفقت و مِہرباني رکھتے ہیں * اِسطرح چونٹیوں اور طایروں کے رئیس بہي اپني رعیّت کي دُرستي اور اِنتظام میں مصروف رہتے ہیں - اور جو کُچھ فوج و رعایا سے سلوک و اِحسان

کرتے ہیں اُسکا بدلا اَور عِوض نہیں چاہتے - اَور اپنی اَولاد سے بھی پرورِش کے عوض نیکی کی توقُّع نہیں رکھتے - جسطرح آدمی اَولاد کی پرورِش کرکے پِھر اُنسے خِدمت لیتے ہیں * حیوان بچّوں کو پیدا کرکے پرورِش کر دیتے ہیں پِھر اُنسے کُچھہ غرض نہیں رکھتے - فقط شفقت و مِہربانی سے پالتے اَور کِھلاتے ہیں - خُداکی راہ پر ثابِت قدم ہیں کیونکہ وُہ بندوں کو پیدا کرکے رِزق پہُنچاتا هی اَور اُنسے شُکرکی توقُّع نہیں رکھتا * اِنسانوں میں اگر بے فِعلِ بد نہوتے تو اللّٰه تعالیٰ اُنسے کیوں فرماتا کہ شُکر کرو همارا اَور اپنے ما باپ کا - هماری اولاد پر یِہہ حُکم نہیں کیا کیونکہ بے کُفر و نافرمانی نہیں کرتے * طوطا جِسوقت اُس کلام تلک پہُنچا - جِنّات کے حکیموں نے بھی کہا یِہہ سچ کہتا هی * اِنسانوں نے شرمندہ هوکر سِر جُھکا لیا کِسی نے کُچھہ جواب نہ دیا *

ساتھویں فصل

7. The Frog, the Deputy of the King of Reptiles and Fishes, examined.

بادشاہ نے ایک طرف دیکھا مینڈک دریا کے کِنارے ایک ٹیلے پر کھڑا هوا تسبیح و تہلیل میں مشغول تھا پوچھا توکَون هی * اُسنے کہا میں دریائی جانوروں کے بادشاہ کا وکیل هوں * فرمایا اُسکا نام و نِشان بیان کر * کہا نام اُسکا

تذین هی - دریاے شور میں رهتا هی تمام دریائي جانور کچھوے مچھلي مینڈك نهنگ اسکي رعیّت هیں * بادشاہ نے کہا اسکي شکل و صورت بیان کر * اسنے کہا ڈیل ڈول میں سب دریائي جانوروں سے بڑا - صورت عجیب - شکل مهیب - قد لمبا تمام دریاکے جانور اسّے خوف کرتے هیں - سر بڑا آنکھیں روشن - منهه چوڑا - دانت بهت - جتنے دریائي جانور پاتا هی بیشمار نگلتا هی * جب که بهت کهانے سے بدهضمي هوتي هی اسوقت کمان کي طرح خم هوکر سر اور دم کے زور پر کهڑا هوتا اور بیچ کے دهڑ کو پاني سے نکال کر هوا میں بلند کرتا هی آفتاب کي حرارت سے اسکے پیٹ کا کهانا هضم هو جاتا هی اور بیشتر اس حالت میں بیهوش بهي هو جاتا هی اسوقت بادل جو دریا سے اٹهتے هیں اسکو لیکر خشکي میں ڈال دیتے هیں - پهر تو مرجاتا اور درندوں کي غذا هوتا هی - اور کبهي بادلوں کے ساتهه بلند هوکر یاجوج و ماجوج کي حد میں جا گرتا هی اور چند روز انکے کهانے میں آتا هی * غرض جتنے دریائي جانور هیں اسّے ڈرتے اور بهاگتے هیں یهه کسي سے نهیں ڈرتا مگر ایك جانور چهوٹا پشّہ کے برابر هی اسّے نهایت خوف کرتا هی اسواسطے که وہ جسوقت اسکو کاٹتا هی زهر اسکا تمام بدن میں اسکے اثر کر جاتا - آخر یهه مرجاتا هی - اور تمام دریائي جانور جمع هوکر ایك مدّت

تلك اُسکا گوشت کهاتے هیں - جسطرح اور چهوتے جانوروں کو
یهه کهاتا هی اُسیطرح وے سب ملکر اُسکو کهاتے هیں
یهي حال شکاري جانوروں اور طایروں کا هی * بعد اُسکے کہا
میں نے سنا هی کہ سب آدمي گمان کرتے هیں کہ هم مالک
اور تمام حیوان همارے غلام هیں - میں نے جو حیوانوں کا احوال
بیان کیا اُسسے کیوں نہیں دریافت کرتے کہ سب حیوانات
مساوي هیں کچهه فرق نہیں - کبهي تو کهاتے هیں اور کبهي
آپ دوسروں کي غذا هوجاتے هیں - معلوم نہیں کہ حیوانوں پر
کس چیزسے فخر کرتے هیں * حالانکہ جو حال همارا هی وهي
حال اُنکا هی - کیونکہ نیکي اور بدي بعد مرنے کے ظاهر
هوتي هی - متّي میں سب مل جاوینگے آخر خداکي طرف
رجوع کرینگے * بعد اُسکے بادشاه سے کہا کہ انسان جو یهه
دعوی کرتے هیں کہ هم مالک اور سب حیوان غلام هیں
اس مکر و بہتانسے اُنکے سخت تعجّب هی - نپت جاهل هیں
کہ ایسي بات خلاف قیاس کہتے هیں * میں حیران هوں
کہ وے کیونکر یهه تجویز کرتے هیں کہ سب درند چرند شکاري
جانور اژدها نهنگ سانپ بچّهو اُنکے غلام هیں - یهه نہیں جانتے
کہ اگر درند جنگل سے اور شکاري جانور پہاڑوں سے اور نهنگ
دریا سے نکل کر اُن پر حملہ کریں کوئي انسان باقي نرهے - اور
اُنکے ملک میں آکر سبکو تباه کردیویں ایک آدمي جیتا

نہ بچے * غنیمت نہیں جانتے اور اِسکا شُکر نہیں کرتے ہیں که خُدا نے آنکے مُلک سے اِن سب حیوانوں کو دور رکھا ہی مگر بے بیچارے حیوان جو یہاں گرفتار ہیں رات دِن آنکو عذاب میں رکھتے ہیں اِسي سبب غرور میں آگئے ہیں که بغیر دلیل و حُجّت کے ایسا دعوی بے معني کرتے ہیں *

آٹھویں فصل

8. *The Bee, the King of Insects, examined.*

آسکے بعد بادشاہ نے حیوانوں کي طرف خیال کیا * ناگاہ ایک مہین آواز کان میں پہُنچي - دیکھا تو مکھیونکا سردار یعسوب سامھنے آرتا اور خُداکي تسبیح و تہلیل میں نغمہ سرائي کرتاهی * پوچھا توکون ہی * آسنے کہا میں حشرات الارض کا بادشاہ ہوں * فرمایا تو آپ کیوں آیا - جِسطرح اور حیوانوں نے اپنے قاصد اور وکیل بھیجے تو نے اپني رعیّت اور فوج سے کسیکو کیوں نہ بھیجا * آسنے کہا میں نے آسکے حال پر شفقّت اور مہرباني کي تا کسیکو کچھہ تکلیف نہ پہُنچے * بادشاہ نے کہا یِہہ وصف اور کسي حیوان میں نہیں ہی تجھہ میں کیونکر ہوا * کہا مُجھکو اللّٰہ تعالی نے اپني عِنایت و مرحمت سے یِہہ وصف عطا کیا - آسکے سِوا اور بھي بہُت سي بزُرگیاں اور خوبیاں بخشي ہیں * بادشاہ نے کہا کُچھہ بزُرگیاں اپني بیان کر که ہم بھي معلوم کریں *

اُسنے کہا اللّٰہ تعالیٰ نے مُجھکو اَور میرے جد و آبا کو بہُت سي نِعمتیں بخشیں - کِسي حیوان کو اُسمیں شریک نہیں کیا - چنانچہ مُلک و نبوت کا مرتبہ ہمکو بخشا اَور ہمارے جد و آبا کو نسل در نسل اُسکا ورثہ پہُنچایا * یے دو نعمتیں اَور کِسي حیوانکو نہیں دیں - اُسکے سِوا اللّٰہ تعالیٰ نے ہمکو عِلم ہِندسہ اَور بہُت سي صنعتیں سکہائیں کہ اپنے مکانوں کو نِہایت خوبي سے بناتے ہیں * تمام جہان کے پھل اَور پھول ہمپر حلال کئے کہ بے خلِش کہاتے ہیں * ہمارے لُعاب سے شہد پیدا کیا کہ جِس سے تمام اِنسان کو شِفا حاصل ہوتي ہی * اِس مرتبے پر ہمارے آیات قُرآني ناطق ہیں اَور ہماري صورت و سیرت اللّٰہ تعالیٰ کي صنعت و قُدرت پر غافلوں کے واسطے دلیل ہی - کیونکہ خِلقت ہماري نِہایت لطیف اَور صورت بہُت عجیب ہی - اِسواسطے کہ اللّٰہ تعالیٰ نے ہمارے جِسم میں تین جوڑ رکھے ہیں - بیچ کے جوڑ کو مُربّع کیا - نیچے کے دھڑ کو لنبا - سِرکو مُدوّر بنایا - چار ہاتھہ پاؤں مانند اضلاع شکل مُسدّس کے نِہایت خوبي سے مُناسِب مِقدار کے بنائے - جنکے سبب نشست و برخاست کرتے ہیں - اَور گھر اپنے اِس خوش اسلوبي سے بناتے ہیں کہ ہوا اُنمیں ہرگز نہیں جاسکتي کہ جسکے باعث ہمکو یا ہمارے بچّوں کو تکلیف پہُنچے * ہاتھہ پاؤں کي قوّت سے درخت کے پھل پتّے

پھول جو کچھہ پاتے ھیں اپنے مکانوں میں جمع کر رکھتے ھیں * شانوں پر چار بازو بنائے جنکے باعث اُڑتے ھیں - اور ھمارے ڈنک میں کچھہ زھر بھي پیدا کیا ھی کہ آسکے سبب دُشمنوں کي شر سے محفوظ رھتے ھیں - اور گردن پتلي بنائي کہ دائیں بائیں سرکو بخوبي پھیرتے ھیں - اور آسکي دونوں طرف دو آنکھیں روشن عطا کي ھیں کہ اُنکي روشني سے ھر ایک چیز کو دیکھتے ھیں - اور مُنہہ بھي بنایا ھی کہ جس سے کھانیکي لذّت جانتے ھیں - دو ھونٹھہ بھي دیئے جنکے سبب کھانے کي چیزیں جمع کرتے ھیں - اور ھمارے پیٹ میں قوّت ھاضمہ ایسي بخشي ھی کہ وہ رُطوبات کو شہد کر دیتي ھی - اور یہي شہد واسطے ھمارے اور اولادکے غذا ھی - جسطرح چارپاؤں کي پستان میں قوّت دي ھی کہ آسکے سبب خون مُستحیل ھوکر دودھہ ھو جاتا ھی * غرض کہ یے نعمتیں اللّٰہ تعالی نے ھمکو عطا کي ھیں آسکا شُکر کہاں تک کریں - اِسواسطے میں نے رعیّت کے حال پر شفقت و مہربانی کرکے اپنے اوپر تکلیف روا رکھي - آنمیں سے کِسیکو نہ بھیجا *

جسوقت یعسوب اپنے کلام سے فارغ ھوا بادشاہ نے کہا آفرین صد آفرین تو نہایت فصیح و بلیغ ھی - سچ ھی کہ تیرے سوا یے نعمتیں اللّٰہ تعالی نے کسي حیوان کو نہیں

بخشیں * بعد اُسکے پوچھا تیری رعیّت اور سپاہ کہاں ہی * اُسنے کہا نیلے پہاڑ درخت پر جہاں سُبھیتا پاتے رہتے ہیں - اور بعضے آدمیوں کے مُلک میں جاکر اُنکے گھروں میں سکونت اختیار کرتے ہیں * بادشاہ نے پوچھا اُنکے ہاتھہ سے کیونکر سلامت رہتے ہیں * کہا بیشتر اُنسے چھپ کر اپنے تئیں بچاتے ہیں مگر کبھی جو وے قابو پاتے ہیں تکلیف دیتے ہیں بلکہ اکثر چھتّوں کو توڑ کر بچّوں کو مار ڈالتے ہیں اور شہد نکال کر آپس میں کھا لیتے ہیں * بادشاہ نے پوچھا پھر تُم اُس ظُلم پر اُنکے کیونکر صبر کرتے ہو * اُسنے کہا ہم یہہ ظُلم سب اپنے اوپر گوارا کرتے ہیں - اور کبھی عاجز ہوکر اُنکے مُلک سے نکل جاتے ہیں - اُسوقت وے صُلح کے واسطے بہت حیلے پیش کرتے ہیں - طرح طرح کی سوغات عطر و خوشبو و غیرہ بھیجتے ہیں - طبل اور دف بجاتے ہیں - غرض کہ انواع و اقسام کے تُحفے تحایف دیکر ہمکو راضی کرتے ہیں * ہمارے مزاج میں شر و فساد نہیں ہی - ہم بھی اُنسے صُلح کرلیتے ہیں اُنکے یہاں پھر چلے آتے ہیں - تس پر بھی ہمسے راضی نہیں ہیں - بغیر دلیل و حُجّت کے دعوی کرتے ہیں کہ ہم مالک ہے غلام ہیں *

نویں فصل

9. The Men questioned, their Replies, and the Objections of the Animals to them.

بادشاہ نے نہایت خوش ہوکر اسکی تعریف کی۔ اور انسانوں کی جماعت کی طرف متوجّہ ہوکر فرمایا کہ اسنے جو کہا سب سنا تمنے - اب تمہارے نزدیك کوئی جواب باقی ہی۔ اُنمیں سے ایك شخص اعرابی نے کہا کہ ہم میں بہت سی فضیلتیں اور نیك خصلتیں ہیں جنسے دعوی ہمارا ثابت ہوتا ہی * بادشاہ نے کہا انہیں بیان کرو *

اسنے کہا کہ زندگی ہماری بہت عیش سے گذرتی ہی - انواع و اقسام کی نعمتیں کھانے پینے کی ہمکو میسّر ہیں - حیوانوں کو وے نظر بھی نہیں آتیں - میونکا مغز اور گودا ہمارے کھانے میں آتا ہی - پوست اور گٹھلی بے کھاتے ہیں - اسکے سوا طرح طرح کے کھانے شیرمال باقرخانی گاؤدیدہ گاؤزبان کلیچہ مطنجن زیربریان مزعفر شیربرنج کباب قورما بورانی فرنی دودھہ دھی گھی قسم قسم کی مٹھائی حلوا سوھن جلیبی لڈو پیڑے برفی امرتی لوزیات وغیرہ کھاتے ہیں * تفریح طبع کے واسطے ناچ رنگ ہنسی چہل قصّے کہانی میسّر ہیں - لباس فاخرہ اور زیورات طرح بطرح کے پہنتے ہیں - نمد قالیں چاندنی جاجم اور بہت سے فرش فروش

بچھاتے هیں - حیوانوں کو یے سامان کہاں میسّر هیں - همیشه جنگل کي گھاس کھاتے هیں اور رات دن ندگت دھڑنگ غلاموں کي طرح محنت اور مشقّت میں رهتے هیں - یے سب چیزیں دلیل هیں اِسپر که هم مالك اور یے غلام هیں *

طایروں کا وکیل هزار داستان سامھنے شاخِ درخت پر بیٹھا تھا - اُسنے بادشاہ سے کہا که یِهه آدمي جو اپنے انواع و اقسام کے کھانے پینے پر اِفتخار کرتا هی یِهه نهیں جانتا که حقیقت میں اِنکے واسطے یِهه سب رنج و عذاب هی *

بادشاہ نے کہا یِهه کیونکر هی اُسے بیان کر *

کہا اِسواسطے که اِس آرام کے لئے بہُت محنتیں اور رنج اُٹھاتے هیں - زمیں کھودنا هل جوتنا بیل کھینچنا پاني بھرنا آناج بونا کاٹنا تولنا پیسنا - تنور میں آگ جلانا پکانا - گوشت کے واسطے قصائیوں سے جھگڑنا - نبیوں سے حساب کِتاب کرنا - مال جمع کرنیکے لئے محنتیں اُٹھانا - عِلم و هُنر سیکھنا - بدن کو رنج دینا - دور دور مُلکوں کو جانا - دو پیسوں کے واسطے امیروں کے سامھنے هاتھه باندهه کر کھڑے هونا * غرض اِس جد و کد سے مال و اسباب جمع کرتے هیں - بعد مرنیکے وہ غیروں کے حِصّے میں آتا هی - اگر وجهه حلال سے پیدا کیا هی تو اُسکا حِساب و کِتاب هی - نهیں تو عذاب و عقاب - اور هم اِس رنج و عذاب سے محفوظ رهتے هیں - کیونکه غذا هماري فقط گھاس

بات هى * جو چیز زمین سے پیدا ہوتي هى بے محنت و مشقّت اُسکو اپنے تصرّف میں لاتے ہیں - انواع و اقسام کے پھل اور میوے کہ اللّٰہ تعالیٰ نے اپني قُدرت سے همارے واسطے پیدا کئے ہیں کھاتے ہیں - اور همیشه اُسکا شُکر کرتے ہیں - فِکر و تلاش کھانے پینے کي همارے دِل میں کبھي نہیں آتي - جہاں جاتے ہیں فضل اِلہي سے سب کُچھه میسّر ہو جاتاهى * اور بے همیشه قوت کي فِکر میں غلطاں پیچاں رهتے ہیں * اور طرح طرح کے کھانے جو بے کھاتے ہیں ویسے هي رنج و عذاب بھي اُٹھاتے ہیں - امراض مُزمنه میں مُبتلا رهتے ہیں - بُخار و دردِ سر هیضه سرسام فالِج لقوه جُوڑي کھانسي یِرقان تپِ دق پھوڑا پھُنسي کھجلي داد خنازیر پیچش اِسہال آتشک سوزاك فیل پا نکواسا - غرض اقسام اقسام کي بیماریاں اُنکو عارِض هوتي ہیں - دَوا دارو کے لئے طبیبوں کے یہاں دوڑے پھرتے ہیں - تِسپر بیحیائي سے کہتے ہیں کہ هم مالِك اور حیوان همارے غُلام ہیں *

اِنسان نے جواب دیا کہ بیماري کي خُصوصیت کُچھه همارے واسطے نہیں هى حیوان بھي بیشتر امرض میں مُبتلا هوتے ہیں *

اُسنے کہا حیوان جو بیمار هوتے ہیں صِرف تُمهاري اٰمیزِش اور اِختلاط سے کُتّے بِلّي کبوتر مُرغ و غیره حیوانات کہ تُمهارے

یہاں گرفتار ہیں اپنے طور پر کھانے پینے نہیں پاتے ہیں- اسیواسطے بیمار ہوجاتے ہیں- اور جو حیوان که جنگل میں مُخلّا بالطّبع پھرتے ہیں ہر ایک مرض سے محفوظ ہیں- کیونکہ کھانے پینے کے وقت اُنکے مُقرّر ہیں- کمی بیشی اُسمیں نہیں آتی- اور یے حیوانات جو تُمھارے یہاں گرفتار ہیں اپنے طور پر اوقات بسر نہیں کرنے پاتے- کھانا بیوقت کھاتے یا مارے بھوکھہ کے انداز سے زیادہ کھا جاتے ہیں- بدن کی رِیاضت نہیں کرتے- اِسی سبب کبھی کبھی بیمار ہو جاتے ہیں * تُمھارے لڑکوں کے بیمار ہونیکا بھی یہی سبب ہی که حامِلہ عورتیں اور دائیاں حِرص سے غیر مُناسب کھانے جِن پر تُم اپنا فخر کرتے ہو کھا جاتی ہیں- اِسی سے اخلاط غلیظہ پیدا ہوتے ہیں- دودھہ بگڑ جاتا ہی- اُسکے اثر سے لڑکے بد صورت پیدا ہوتے اور ہمیشہ امراض میں مبتلا رہتے ہیں- اِنھیں مرضوں کے باعث مرگِ مُفاجات اور شِدّتِ نزع اور غم و غُصّے میں گرفتار رہتے ہیں * غرض که تُم اپنے اعمال کی شامت سے اِن عذابوں میں گرفتار ہو اور ہم اِنسے محفوظ ہیں- کھانیکے اقسام میں تُمھارے یہاں شہد نفیس تر اور بہتر ہی جِسکو کھاتے اور دَوا میں اِستِعمال کرتے ہو سو وُہ مکھیوں کا لُعاب ہی تُمھاری صنعت سے نہیں * پھر کِس چیز کا فخر کرتے ہو- باقی پھل اور دانے اُنکے کھانے میں ہم تُم شریک

هيں - اور قديم سے همارے تمهارے جد و آبا شريک هوتے چلے آئے هيں * جن دنوں تمهارے جدّ اعلى حضرت آدم و حوّا باغ بهشت ميں رهتے تهے اور بے محنت و مشقّت وهاں کے ميوے کهاتے کسيطرح کي فکر و محنت نه تهي - همارے جد و آبا بهي وهاں اُس ناز و نعمت ميں اُنکے شريک تهے * جب تمهارے بزرگوار اپنے دشمن کے بهکانے سے خداکي نصيحت بهول گئے اور ايک دانے کے واسطے حرص کي وهانسے نکالے گئے - فرشتوں نے نيچے لاکر ايسي جگهه ڈال ديا جهاں پهل پتّے بهي نه تهے ميونکا تو کيا دخل * ايک مدّت تلک اِس غم ميں رويا کئے آخر کو توبه قبول هوئي * خدا نے گناه معاف کيا ايک فرشتے کو بهيجا - اُسنے يهاں آکر زمين کهودنا بونا پيسنا پکانا لباس بنانا سکهلايا * غرض رات دن اُس محنت و مشقّت ميں گرفتار رهتے تهے * جبکه اولاد بهت پيدا هوئي اور هر ايک جگهه جنگل و آبادي ميں رهنے لگے پهر تو زميں کے رهنے والوں پر بدعت شروع کي - گهر اُنکے چهين لئے کتنو کو پکڑ کر قيد کرليا - بهتيرے بهاگ گئے - اُنکے قيد و گرفتار کرنيکے واسطے انواع و اقسام کے پهندے اور جال بنا بنا کر درپي هوئے * آخر کو نوبت يهاں تلک پهنچي که اب تم کهڑے هو فخر و مرتبه اپنا بيان کرتے هو - مناظرے اور مجادلے کے واسطے مستعد هو - اور يهه جو تم کهتے هو که هم خوشي کي مجلس کرتے هيں

ناچ رنگ میں مشغول رهتے هیں - عیش و عشرت میں اوقات بسر کرتے هیں - لباس فاخرہ اور زیور انواع و اقسام کے پهنتے هیں - اُنکے سوا اور بهت سي چیزیں جو همکو میسّر نهیں هیں* سچ هی لیکن اُنمیں سے هرایك چیزکے عوض تمکو عذاب و عقاب بهي هوتا هی که جس سے هم محفوظ هیں - کیونکه تم شادي کي مجلس کے عوض ماتم خانے میں بیٹهتے هو - خوشي کے بدلے غم اُٹهاتے هو* راگ رنگ اور هنسي کے بدلے روتے اور رنج کهینچتے هو* نفیس مکانوں کي جگهه تاریك قبر میں سوتے هو* زیور کے عوض گلے میں طوق - هاتهوں میں هتهکڑي - پاوں میں زنجیر پهنتے هو* تعریف کے بدلے هجو میں گرفتار هوتے هو* غرض هر ایك خوشي کے عوض غم بهي اُٹهاتے هو - اور هم اِن مصیبتوں سے محفوظ هیں - کیونکه بے محنتیں اور رنج غلاموں بدبختوں کے واسطے چاهئے* اور همکو تمهارے شهروں اور مکانوں کے بدلے یه میدان وسیع میسّر هی زمین سے آسمان تك جهاں جي چاهتا هی اُڑتے هیں - هرا هرا سبزہ دریا کے کنارے بے تکلیف چرتے چگتے هیں - بے محنت و مشقّت رزق حلال کهاتے اور پاني لطیف پیتے هیں - کوئي منع کرنے والا نهیں - رسّي ڈول مشك کوزے کے محتاج نهیں - یے سب چیزیں تمهارے واسطے چاهئے که اپنے کاندهوں پر اُٹها کر جا بجالئے پهرتے اور بیچتے هو - همیشه

محنت و مصیبت میں گرفتار رهتے هو - یے سب نشانیاں غلاموں کي هیں - یهه کهانسے ثابت هوتا هی که تم مالک اور هم غلام هیں *

بادشاه نے اِنسانوں کے وکیل سے پوچها که اب تیرے نزدیک کوئي جواب اور باقي هی * اسنے کها هم میں خوبیاں اور بزرگیاں بهت هیں که همارے دعوی پر دلالت کرتي هیں *

بادشاه نے کها انهیں بیان کر *

اِنمیں سے ایک شخص عِبراني نے کها که اللّٰه تعالی نے همکو انواع و اقسام کي بزرگیاں بخشیں - دین - و نبوّت - اور کلامِ منزّل - یے سب نعمتیں عطا کیں * حلال و حرام اور نیک و بد سے آگاه کرکے و اسطے دخول جنّت کے همکو خاص کیا * غسل طهارت نماز روزه صدقه زکواة مسجدوں میں نماز ادا کرنا منبروں پر خطبه پڑهنا اور بهت عبادتیں همکو تعلیم کیں * یے سب بزرگیاں اِس پر دلالت کرتي هیں که هم مالک هیں اور یے غلام *

طایروں کے وکیل نے کها اگر تامّل و فکر کرو تو معلوم هو که یے چیزیں تمهارے واسطے رنج و عذاب هیں * بادشاه نے کها یهه رنج کسطرح هی *

اسنے کها یے سب عبادتیں اللّٰه تعالی نے اِسواسطے مقرّر کي هیں که گناه انکے عفو هو جاویں اور گمراه نهونے پاویں -

اگر یے قواعدِ شرعي پر عمل نکریں خُداکے نزدیک رو سیاہ هووین -
اِسي خوف سے عِبادت میں مشغول رهتے هیں - اور هم گناهوں سے
پاك هیں - همکو کُچهه احتیاج عِبادت کي نهیں جِس سے
یے اپنا فخر کرتے هیں * اور اَللّه تعالیٰ نے پیغمبروں کو اُن لوگوں کے
واسطے بهیجا هي جوکه کافِر و مُشرِك اور گُنهه گار هیں اُسکي
عِبادت نهیں کرتے رات دِن فِسق و فُجور میں مشغول رهتے هیں -
اور هم اِس شِرک و معاصي سے بري هیں - خُداکو واحِد و لاشریك
جانتے هیں - اور اُسکي عِبادت میں مصروف رهتے هیں - اور
انبیا و رسول مِثل طبیب و نجّومي کے هیں * طبیبونسے وهي
لوگ اِحتیاج رکهتے هیں جو که مریض و علیل هوتے هیں *
اور نجّومیوں سے منحوس و بد طالِع اِلتجا کرتے هیں * اور غُسل
و طهارت تُمهارے واسطے اِس لئے فرض هوا هي که همیشه
ناپاك رهتے هو - رات دِن زِنا اور اِغلام میں اوقات بسر کرتے هو
اور بیشتر گنده بدن هوتے هو اسواسطے تُمکو طهارت کا حُکم هي -
اور هم اِن چیزوں سے کِناره کرتے هیں - تمام سال میں ایك
بار قُربت کرتے هیں - سو بهي شهوت و لذّت کے واسطے نهیں
صِرف بقاء نسل کے لئے اِس امر کے مُرتکِب هوتے هیں * نماز
و روزه اِسواسطے فرض هي که اُسکے سبب تُمهارے گُناه عفو
هو جاویں - هم گُناه کرتے نهیں - هم پر کیوں فرض هووے *
صدقه زکواة اِسلئے واجِب هي که تُم بهُت مال حلال و حرام سے

جمع کر رکھتے ہو اہلِ حقوق کو نہیں دیتے - اگر غریب و مسکین پر خرچ کرو تو کاہیکو زکواۃ فرض ہووے - اور ہم اپنے ابناے جنس پر شفقت و مہربانی کرتے ہیں - بخل سے کبھی کچھ جمع نہیں کرتے * اور یہہ جو کہتے ہو کہ اللہ تعالی نے ہمارے واسطے حلال و حرام اور حدود قصاص کی آیتیں نازل کی ہیں سو یہہ تمہاری تعلیم کے واسطے ہی- کیونکہ قلب تمہارے تاریک ہوتے ہیں - جہالت و نادانی سے فائدے اور نقصان کو نہیں سمجھتے ہو - اسیواسطے معلم اور استاد کے محتاج رہتے ہو - اور ہمکو بلا واسطہ پیغمبروں کے ہر ایک چیز سے اللہ تعالی خبر کرتا ہی *

طایروں کا وکیل جسکھڑی یہہ کہہ چکا بادشاہ نے انسانوں کی طرف دیکھہ کر کہا - اب اور جو کچھہ تمکو کہنا باقی ہو بیان کرو *

انسانوں کی جماعت سے عراقی نے جواب دیا کہ ابھی بہت فضیلتیں اور بزرگیاں ہم میں باقی ہیں جنسے ثابت ہوتا ہی کہ ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں - چنانچہ زیب و آرایش کے واسطے انواع و اقسام کے لباس دو شالہ کمخاب حریر دیبا سمور مشروع گلبدن ململ محمودی صحن اطلس جامدانی ڈوریا چارخانہ طرح طرح کے فرش قالین نمد جاجم چاندنی - اسکے سوا اور بہت نعمتیں ہمکو میسر ہیں - اس سے معلوم ہوتا ہی کہ ہم مالک اور یے غلام ہیں - کیونکہ

حیوانوں کو یہہ سامان کہاں میسر ہی - عریاں محض جنگل میں غلاموںکي طرح پڑے پھرتے ہیں - یہہ سب خداکي بخششیں اور نعمتیں ہماري مالکیت پر دلیل ہیں - ہمکو لائق ہی کہ اُن پر حکومت خاوندانہ کریں - جسطرح چاہیں اُنکو رکھیں یہہ سب ہمارے غلام ہیں *

بادشاہ نے حیوانوں سے کہا اب تم اِسکا کیا جواب دیتے ہو *

درندوں کے وکیل کلیلہ نے اُس آدمي سے کہا کہ تم اُس لباس فاخرہ اور ملایم پر جو اِتنا فخر کرتے ہو یہہ کہو کہ یے طرح طرح کے لباس اَگلے زمانے میں کہاں تھے مگر حیوانوں سے ظلم و بدعت کرکے چھین لئے *

آدمي نے کہا یہہ بات توکس وقت کي کہتا ہی *

کلیلہ نے کہا تمہارے یہاں سب لباسوں میں نازک و ملایم دیبا وحریر اور ابریشم ہوتا ہی سووہ کیڑے کے لعاب سے ہی - اورکیڑا آدم کي اولاد میں نہیں ہی بلکہ حشرات الارض کي قسم سے ہی کہ اپني پناہ کے واسطے درختوں پر لعاب سے تنتا ہی کہ جاڑے گرمي کي آفت سے محفوظ رہے - تمنے بجور اور ظلم اُس سے چھین لیا اِسیواسطے اللہ نے تمکو اِس عذاب میں گرفتار کیاہی کہ اُسے لیکر محنت سے تنتے بنتے ہو پھر درزي سے سلاتے اور دھوبي سے دھلاتے ہو * غرض ایسے ایسے رنج و محنت اُٹھاتے ہو کہ اِسکو اِحتیاط سے رکھتے اور بیچتے ہو -

کہ ہمیشہ اِسي فِکر میں غلطاں پیچاں رہتے ہو - اِسیطرح اور لِباس کہ بیشتر حیوانات کي کھال بال سے بُنتے ہیں - خُصوص لِباس فاخِرہ تُمھارے اکثر حیوان کي پشم ہوتے ہیں- ظُلم و تعدّي سے اُنسے چھین کر اپني طرف نِسبت کرتے ہو- اِسپر اِتنا فخر کرنا بیجا ہی * اگر ہم اِس سے فخر کریں تو زیب دیتا ہی - کیونکہ اللّٰہ تعالیٰ نے ہمارے بدن پر پیدا کیا ہی کہ ہم اپنے ستر و لِباس کریں اُسنے شفقت و مِہربانی سے یِہہ لِباس ہمکو عطا کیا ہی کہ سردي گرمي سے محفوظ رہیں - جِسوقت ہم پیدا ہوتے ہیں اُسیوقت سے اللّٰہ تعالیٰ ہمارے بدن پر یِہہ لِباس بھي پیدا کرتا ہی- اُسکي مِہرباني سے بے مِحنت و مشقّت یِہہ سب ہمکو مُیسّر ہی - اور تُم ہمیشہ دمِ مرگ تک اِسي فکر میں مُبتلا رہتے ہو- تُمھارے جدِّ اعلیٰ نے خُداکي نافرماني کي تھي اُسیکے بدلے تُمکو یِہہ عذاب ہوتا ہی *

بادشاہ نے کلیلہ سے کہا کہ آدم کي اِبتداے خِلقت کا احوال ہمسے بیان کر *

اُسنے کہا جِسوقت اللّٰہ تعالیٰ نے آدم و حوّاکو پیدا کیا غذا اور پوشِش مِثل حیوانات کے اُنکے واسطے مُہیّاکي - چنانچہ پورب کي طرف یاقوت کے پہاڑ پر خطِ اِستوا کے نیچے یے دونوں رہتے تھے - جِسوقت اُنکو پیدا کیا صِرف ننگے تھے - سر کے بالوں سے

تمام بدن اُنکا چھپا رهتا اوْر اُنهیں بالوں کے سبب سردي گرمي سے محفوظ رهتے تھے - اُس باغ میں چلتے پھرتے اوْر تمام درختوں کے میوْے کھاتے تھے - کِسي نوع کي محنت و مشقّت نه اُٹھاتے جِسطرح اب یے لوْگ اِسمیں گِرفتار هیْں * حُکم الهي یِهه تھا که تمام بِهشت کے میوْے کھاویں مگر اِس درخت کے نزدیك نجاویں - شیْطان کے بھکانے سے خُداکي نصیحت بھُلادي - اُسیوقت سب مرتبه جاتا رها - سر کے بال گِر گئے - ننگے هوْگئے فرشتوں نے بموجب حُکم اِلهي کے وهاں سے نِکال باهِر کردیا *

جِسوقت درندوں کے وکیل نے یِهه احوالُ بیّان کیا آدمي نے کها ای درندوْ تُمکو لازِم و مُناسِب نهیں هی که همارے سامهنے گُفتگو کروْ - بِهتر یِهه هي که چُپکے هوْ رهوْ - کلیْله نے کها اِسکا کیا سبب * کها اِسواسطے که حیْوانوں میں تُم سے زیاده شریر و بدذات کوْئي نهیں هی - اوْر کِسي حیْوان میں تُمهاري سي قساوتِ قلبي نهیں اوْر مُردار کھانے میں بھي اِتنا حریص کوْئي نهیں هی - حیْوانوں کے ضرر کے سِوا تُم میں کوْئي فایده نهیں - همیْشه اُنکے قتل و غارت میں رهتے هوْ * اُسنے کها یِهه کیْونکر هی اُسے بیان کر * کها اِسواسطے که جِتنے درند هیْں حیْوانات کو شِکار کرکے کھا جاتے هیْں اُستخوان توْڑتے اوْر لهو پیتے هیْں هرگز اُنکے حال پر رحم نهیں کرتے *

درندوں کے وکیل نے کہا کہ هم جو یہہ حرکت حیوانوں سے کرتے هیں فقط تمہاري تعلیم سے - و الاّ هم اُس سے کچھہ واقف بھي نه تھے اِسواسطے که قبل آدم کے درند کِسي حیوان کو شکار نکرتے تھے * جو حیوان که جنگل بیابان میں مرجاتا تھا اُسکا گوشت کھاتے - زِندہ حیوان کو تکلیف ندیتے * غرض جب تلک اِدھر اُدھر سے گرا پڑا گوشت پاتے کِسي جاندار کو نه چھیڑتے - مگر وقت اِحتیاج و اِضطرار کے مجبور تھے * جبکه تُم پیدا هوئے اور بکري بھیڑ گاے بیل اونت گدھے پکڑ کر قید کرنے لگے کِسي حیوان کو جنگل میں باقي نرکھا - پھر گوشت اُنکا جنگل میں کہاں سے مِلتا * لاچار هوکر زِندہ حیوان کو شکار کرنے لگے - اور همارے واسطے یہہ حلال هے جسطرح تُمکو اِضطِرار کي حالت میں مُردار کھانا رَوا هے * اور یِہہ جو تُم کہتے هو که درندوں کے دِلوں میں قساوت اور بیرحمي هے هم کِسي حیوان کو اپنا شاکي نہیں پاتے - جیسا کُچھہ تُم سے شِکوہ کرتے هیں * اور یِہہ جو کہتے هو که درند حیوانوں کا پیٹ چاک کرکے لہو پیتے اور گوشت کھاتے هیں تُم بھي یِہي کرتے هو * چوپایوں سے کاٹنا ذبح کرکے کھال کھینچنا پیٹ چاک کرکے اُستخوان توڑنا بھون کر کھانا یے حرکتیں تُمسے وقوع میں آتي هیں - هم ایسا نہیں کرتے هیں * اگر غور و تامّل کرو تو معلوم هو که درندوں کا ظُلم تُمہارے برابر نہیں هے -

اور تم آپس میں اپنے بھائي بندونسے یہہ حرکت کرتے ہو کہ درند
اُس سے واقف بھي نہیں ہیں * اور یہہ جو کہتے ہو کہ تُمسے
کسي کو نفع نہیں پہُنچتا هی- سو یہہ ظاہر هی کہ هماري
کهال بال سے تُم سب کو نفع پہُنچتا هی - اور جتنے شکاري جانور
تُمهارے یہاں گرفتار ہیں شکار کرکے تُمکو کهلاتے ہیں - مگر یہہ
کہو کہ تُمسے حیوانات کو کیا فائدہ پہُنچتا هی - نُقصان ظاہر
هی کہ حیوانوں کو ذبح کرکے اُنکے گوشت کو کها تے ہو- اور هم سے
تُمکو اِتنا بُخل هی کہ اپنے مُردوں کو بهي مٹّي میں گاڑ دیتے ہو
کہ هم کهانے نہ پاویں - همکو نہ تُمهارے زِندوں سے فائدہ ہوتا
هی نہ مُردوں سے * اور یہہ جو کہتے ہو کہ درند حیوانوں کو قتل
و غارت کرتے ہیں - سو یہہ تُمکو دیکهہ کر درندوں نے اِختیار
کیا هی کہ هابیل قابیل کے وقت سے اِسوقت تلک دیکهتے چلے
آتے ہیں کہ تُم همیشہ جنگ و جدل میں مشغول رہتے ہو-
چنانچہ رُستم اِسفندیار جمشید ضُحّاک فریدوں افراسیاب
منوچہر دارا اِسکندر و غیرہ همیشہ قِتال و جِدال میں رہے اور
اِسي میں کهپ گئے * اب بهي فِتنہ و فساد میں تُم مشغول ہو
تِسپر بیحیائي سے فخر کرتے ہو اور درندوں کو بد نام کرتے ہو-
مکر و بہتان سے چاهتے ہو کہ اپني مالکیّت ثابت کرو - جِسطرح
تُم همیشہ جنگ و جدل میں رہتے ہو- درندوں کو بهي کبهي
دیکها کہ آپس میں ایک دوسرے کو رنج دیوے - اگر درندوں کے

احوال کو خوب تامّل اور فکرسے دریافت کرو تو معلوم هو که
یے تمسے کهیں بهتر هیں *

انسانوں کے وکیل نے کہا اِسپر کوئي دلیل بهي هی * اُسنے کہا
جو تمهاري قوم میں زاهد و عابد هوتے هیں تمهارے مُلک سے
نِکل کر پهاڑ جنگل میں جهاں درندوں کے مکان هیں جاتے
هیں اور اُنهیں سے رات دن گرم صُحبت رکهتے هیں - درند
اُنکو نهیں چهیڑتے * پس اگر درند تُمسے بِهتر نهوتے تُمهارے
زاهِد و عابِد کاهیکو اُنکے پاس جاتے - کیونکه صالِح اور پرهیزگار
شریروں کے پاس نهیں جاتے - بلکه اُنسے دور بهاگتے هیں - یِهي
دلیل هی که درند تُمسے بِهتر هیں * اور دوسري دلیل یِهه هی
که تُمهارے ظالِم بادشاهوں کو اگر کِسي آدمي کي صلاح
و زُهد میں شک واقِع هوتا هی اُسکو جنگل میں نِکال
دیتے هیں - اگر درند اُسکو نهیں چهیڑے اِس سے وے معلوم
کرتے هیں که یِهه شخص صالِح اور مُتّقي هی - کیونکه هرایک
جِنس اپني همجِنس کو پهچان لیتي هی - اِسیواسطے درند
صالِح جانکر اُنسے تعرُّض نهیں کرتے - سچ هی ولي‌را ولي مي‌شناسد *
هاں درندوں میں شریر اور بدذات بهي هوتے هیں -
سو یِهه کهاں نهیں هرجِنس میں نیک بد هوتے هیں -
مگر جو درند که شریر هیں وے بهي نیکوں اور صالِحوں کو
نهیں چهیڑتے - پر بدذات آدمیوں کو کها جاتے هیں *

جِس گھڑي درندوں کا وکیل اِس کلام سے فارِغ ہوا جِنوں کے گروہ سے ایک حکیم نے کہا یِہہ سچ کہتا ہی جو نیک لوگ ہیں وے بدوں سے بھاگ کر نیکوں سے اُلفت کرتے ہیں اگرچہ غیر جِنس ہوویں - اور جو بد ہیں وے بھي نیکوں سے بھاگتے اور بدوں سے جاکر مِلتے ہیں * اگر اِنسان شریر و بد ذات نہوتے تو عابِد و زاہد اُنکے کاھیکو جنگل پہاڑ میں جاکر رہتے اور درندوں سے باوجود غیر جِنسیت کے محبّت پیدا کرتے - کیونکہ اِنکے اُنکے کُچھہ مُناسبت ظاھري نہیں ھی مگر نیک خصلت میں البتّہ شریک ہیں * تمام جِنوں کي جماعت نے کہا یِہہ سچ کہتا ھی اِسمیں کُچھہ شک و شُبھہ نہیں * اِنسانوں نے ھر طرف سے جو یِہہ لعن طعن سُني نِہایت شرمندہ ہوکر سب نے اپنا سِر جُھکا لیا *

دسویں فصل

10. *Conclusion of the Controversy.*

جِس گھڑي وے اِس کلام سے فارِغ ہوئے جِن کے ایک حکیم نے کہا ای اِنسانو اور حیوانوں کے گروہ کثرتِ خلایق کي معرفت سے تُم غافِل ہو وے لوگ جو روحاني اور نوراني ہیں کہ جِسم سے کُچھہ علاقہ نہیں رکھتے اُنکو نہیں جانتے ہو- اور وے ارواح مُجرّدہ اور نفُوس بسیطہ ہیں کہ طبقات

افلاک پر رهتے هیں - بعضے اُنمیں سے که گروه ملائکه هیں وے
کُرهٔ افلاک پر مُتعیّن هیں - اور بعضے که کُرهٔ زمهریر کي وسعت
میں رهتے هیں وے جِنّات اور گروه شیاطین هیں * پس
اگر تُم اُس خلایق کي کثرت کو دریافت کرو تو معلوم هو
که اِنسان اور حیوان اُنکے مُقابلے میں کُچهه وجود نهیں رکهتے -
اِسواسطے که کُرهٔ زمهریرکي وسعت دریا اورخُشکي سے ده چند
هی - اور کُرهٔ فلک کي وسعت بهي کُرهٔ زمهریر سے
دس حصّے زیاده هی * اسیطرح کُرهٔ فلکِ قمرسب کروں سے
دس حِصّے زیاده هی - غرض هر ایک کُره فوقاني کو کُرهٔ
تحتاني سے یِهي نِسبت هی - اور یے سب کُرے خلایق
روحاني سے بهرے هیں - ایک بالشت بهر جگهه باقي نهیں
هی - یے ارواح مُجرّده وهاں رهتے هیں * پس ای اِنسانو
اگر تُم اُنکي کثرت دیکهو تو معلوم کرو که تُمهارا گروه اُنکے
آگے کُچهه مرتبه نهیں رکهتا اور تُمهاري کثرت وجمعیت اِسپر
نهیں دلالت کرتي که تُم مالک هو اور سب تُمهارے غُلام -
کیونکه سب بندے اللهکے اور اُسکي فوج و رعیّت هیں -
بعضونکو بعضوں کے واسطے مُسخّر اور تابع کیا هی * غرض
جِسطرح اُسنے چاها اپني حِکمتِ بالغه سے اُنمیں احکام
انتِظام کے جاري کئے - هرحال میں اُسکا حمد وشُکر هی *

حکیم جِنّي جِسوقت اِس کلام سے فارِغ هوا بادشاه نے

اِنسانوں سے کہا جِس چیز پر تُم اپنا فخر کرتے ہو اُسکا جواب حیوانوں نے دیا - اب اور جو کُچھہ کہنا باقی ہو اُسے بیان کرو *

خطیبِ حجازی نے کہا ہم میں اور بھی فضیلتیں ہیں جِنسے یِہہ ثابت ہوتا ہی کہ ہم مالِک اور حیوان غُلام ہیں *

بادشاہ نے کہا اُنہیں بیان کرو *

اُسنے کہا اللّٰہ تعالیٰ نے ہمسے بہُت نِعمتوں کا وعدہ کیا ہی قبر سے نِکلنا - تمام روے زمیں پر مُنتشر ہونا - حِساب قِیامت پُلِ صراط پر چلنا - بِہشت میں داخل ہونا - فردوس - جنّت النعیم - جنّتِ خُلد - جنّتِ عدن - جنّت ماویٰ - دارالسّلام - دارلقرار دارلمقام - دارالمتّقین - درخت طوبیٰ - چشمۂ سلسبیل - نہریں شراب اور دودھہ شہد اور پانی سے بھری ہویں - مکانات بلند - حوروں کی مُلاقات - خُدا کا قُرب - اِنکے سِوا اور بہُت سی نِعمتیں اللّٰہ تعالیٰ نے ہمارے واسطے مُقرّر کی ہیں - حیوانوں کو یے چیزیں کہاں مُیسّر ہیں - یِہی دلیل ہی کہ ہم مالِک اور حیوان ہمارے غُلام ہیں اِن نِعمتوں اور فضیلتوں کے سِوا اور بھی بزُرگیاں ہم میں ہیں جِنکو ہمنے مذکور نہیں کیا *

طایروں کے وکیل ہزار داستان نے کہا جِسطرح تُمسے اللّٰہ تعالیٰ نے وعدے نیک کئے ہیں اِسیطرح تُمھارے عذاب کے واسطے وعدے بد بھی کئے ہیں - چنانچہ عذابِ قبر - سوالِ مُنکر و نکیر - دہشتِ روز قِیامت - شِدّتِ حِساب - دوزخ میں

داخل هونا - عذاب جهنّم - جهیم - سقر - لظّی - سعیر - حطمه هاویه
پیراهنِ قطران پهنّا - زرد آب پینا - زقوم کے درخت کهانا - مالکِ
دوزخ کے قریب رهنا - شیطانونکے همسائه عذاب میں گرفتار هونا -
یے سب تمهارے واسطے هیں - اِنکے سوا اور بهي بهت سے عذاب
وعقاب هیں * اور هم اُنسے بري هیں جیسا همسے وعده ثواب کا نهیں کیا
ویساهي وعید عذاب کا بهي نهین کیا - خداکے حکم سے هم راضي وشاکر
هیں - کسي فِعل وحرکت سے همکو نه فائده هی اور نه نقصان - پس
هم تم دلیل میں برابر هیں - تمکو فوقیّت هم پر نهیں *
حجازي نے کها هم تم کیونکر برابر هیں - کیونکه هم هر حال
میں همیشه باقي رهینگے - اگر خداکي اِطاعت همنے کي هی
تو انبیا اور اولیا کے ساتهه رهینگے اور اُن لوگوں سے صحبت
رکهینگے - جو که سعید حکیم فاضل ابدال اوتاد زاهد عابد
صالح عارف هیں - اور مشابهت اُن لوگوں کو ملائکۂ مقرّبین سے
هی که نیکي کرنے میں سبقت کرتے هیں - لقاء ربّاني کے
مشتاق هیں - اور اپنے جان ومال سے اُسیکي طرف متوجّه
هیں - اور اُسي پر توکّل کرتے هیں - اُسي سے سوال کرتے اور
اُمّید رکهتے هیں - اور اُسکے خوف سے ڈرتے هیں - اور اگر هم
گنهگار هیں که اُسکي اِطاعت نهیں کرتے تو انبیا کي شفاعت سے
هماري مخلصي هوجاویگي - خصوصاً نبي برحق رسول بیشک
کي شفاعت سے سب گناه همارے عفو هوجاوینگے * بعد اُسکے هم

ہمیشہ جنّت میں رہینگے - اور فرشتے ہمسے یہہ کہینگے سلام تُمپر خوش ہو تُم - اور جنّت میں داخل ہو - ہمیشہ اُسمیں رہو * اور تُم جِتنے گروہ حیوانوں کے ہو سب اِن نعمتوں سے محروم ہوکر دُنیا کي مُفارقت کے بعد بالکُل فنا ہو جاؤگے - نام و نِشان بھي تُمھارا نرہیگا *

اِس بات کے سُنتے ہي سب حیوانات کے وکیلوں نے اور جِنّات کے حکیموں نے کہا اب تُمنے بات حق کي کہي اور دلیل مضبوط بیان کي فخر کرنے والے ایسي چیزوں سے فخر کرتے ہیں - لیکن اب یہہ بیان کرو کہ وے لوگ جِنکے یے اوصاف و محامد ہیں اخلاق و خوبیاں اور نیکیاں اُنکي کِس طور پر ہیں - اگر جانتے ہو تو مُفصّل بیان کرو * سب اِنسانوں نے ایک ساعت مُتفکّر ہوکر سُکوت کي * کِسي سے بیان نہو سکا *

بعد ایک دم کے ایک فاضِل ذکي نے کہا اي بادشاہ عادِل جب کہ حُضور میں اِنسانوں کے دعوے کا صِدق ظاہِر ہوا - اور یہہ بھي معلوم ہوا کہ اِنمیں ایک جماعت ایسي ہی کہ وے مُقرّب اِلہي ہیں اور اُنکے واسطے اوصاف حمیدہ صفات پسندیدہ اخلاق ملکیۂ جمیلہ سیرتیں عادلہ قُدسیہ احوال عجیبہ غریبہ ہی کہ زبان اُنکے بیان سے قاصِر ہی عقل اُنکي کُنہ صِفات میں عاجِز ہی - تمام واعِظ اور خطیب ہمیشہ مُدّت العُمر اُنکے وصف کے بیان میں

پیروي کرتے هیں - پر قرار واقعي آنکي کُنهِ معارِف کو نهیں پهنچتے - اب بادشاهِ عادِل اُن غریب اِنسانوں کے حق میں که حیوانات جنکے غُلام هیں کیا حُکم کرتا هی *

بادشاه نے فرمایا که سب حیوانات اِنسانوں کے تابِع اور زیر حُکم رهیں اور اُنکي فرماں برداري سے تجاوز نکریں - حیوانوں نے بهي قبول کیا اور راضي هوکر سب نے بحِفظ امان وهاں سے مُراجعت کي *

* تمام شد *